غرض یہ ہے کہ بہتان لگانے والوں کے بہتان کے الفاظ اُسی طرف مشیر تھے کہ معاذ اللہ حضرت عائشہ طاہرہ،مطہرہ،صدیقہ رب العالمین کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبوبہ اس خطاء کی مرتکب ہوئیں۔مگر دوسرے قرینے یعنی ان کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ہونا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ان سے محبت کرنا اور دوسرے اچھے معاملات جو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمال ایمان پر دلالت کرتے ہیں اس دلالت وضعی کے مقابلے میں آ کر اس بہتان کی تکذیب کرتے ہیں کیونکہ اوّل تو زوجیت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق عند اللہ ایسا ہے کہ وہ تعلق ان جیسے خبیث معاملات کو ان کے پاس بھی پھٹکنے نہیں دے سکتا پھر جبکہ محبوبیت مذکورہ اور فیض صحبت مسطورہ بھی زوجیت کے ساتھ شامل ہو تو پھر یہ بات کیسے تصور میں آسکتی ہے کہ ان کا پاک دامن اس قسم کی گندگی سے ملوث ہوا ہوگا اور دوسری مثالیں بھی اسی قسم کی میں کلام سے نکالتا لیکن مضمون کی طوالت کے اندیشے نے ہاتھ کو روک دیا اور قلم کی راہ روک لی،لہٰذا اسی پر بس کر کے کہتا ہوں۔

ہر چند خدا کے نام کا ذکر ذبح کے وقت دلالت وضعی کے ذریعہ بتلاتا ہے کہ یہ ذبیحہ خدا کے لئے ہے لیکن خارجی قرائن غیر اللہ کے لئے شہادت دیتے ہیں اس شہادت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے بعد خدا کے نام کے ذکر کی شہادت نہ سنی جائے گی کیونکہ تم نے پہلے جان لیا ہے کہ:

''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے''

اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور وقت میں اس طرح بھی فرما چکے ہیں:

''اللہ تمہارے اعمال کو نہیں دیکھتا اور نہ تمہاری صورتوں کو ولیکن وہ تو تمہارے دِلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے''۔

اس کے پیش نظر حلت وحرمت وغیرہ احکام کی بنیاد اگر ہوگی تو سب سے پہلے نیت ہوگی۔ پس اگر خدا کے نام کا ذکر یا غیر خدا کا حلت وحرمت کا موجب ہوگا تو خدا اور غیر خدا کی نیت اپنی تاثیر کس طرح نہ کرے گی۔ مگر اس قسم کے آدمی جو کہ خدا کے لئے تو نیت رکھیں اور خدا کے سوا کا نام زبان پر لائیں ابھی وجود میں نہیں آئے ہیں۔ اور نہ ہی اس نامناسب اجتماع کی وجہ بظاہر ذہن میں آتی ہے۔ البتہ جو لوگ غیر اللہ کی نیت رکھیں اور خدا کا نام زبان پر لائیں بکثرت موجود ہیں اور اس اجتماع کی وجہ اس مخالفت کے باوجود یہ ہوئی کہ ابتداء اسلام میں بزرگوں کے ایصال ثواب کے لئے خدا کے نام پر ذبح کرتے تھے مگر بعد میں رفتہ رفتہ دن بدن بزرگوں کے ساتھ عقیدت میں غلو کے باعث غیر اللہ کے ساتھ تقرب کی نیت چمک اُٹھی۔ مگر یہ عقیدت مندی کی زیادتی نیت کی تبدیلی کے بارے میں کارگر ثابت ہوئی کہ دونوں ایک ہی محل میں تھیں لیکن ظاہری رسم کی تبدیلی کی وجہ کچھ نہ تھی وہ اسی طرح رہی۔

الحاصل! اگر ظاہر اور باطن میں مخالفت واقع ہو جائے تو اس وقت لحاظ اور ترجیح کے لائق باطن کے حالات ہیں نہ کہ ظاہر کے ہاں اگر کوئی قرینہ ظاہر ہے باطن کی مخالفت کا نہ ہو تو اس وقت نظر ظاہر پر رکھنی چاہئے اور ظاہر کی شہادت کے مطابق، باطن کو بھی گمان کرنا چاہئے۔ باقی رہی یہ بات کہ غیر اللہ کی نیتوں پر دلالت کرنے والا قرینہ کیا ہے تو اَوّل تو یہ بات کرنے والوں سے پوچھنے کے قابل ہے اور اگر مجھ سے پوچھتے ہو تو اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ دوسروں کے لئے نذریں چڑھانے والے جانور کی قیمت یا اسی قدر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

گوشت مسکینوں کو دینے پر راضی نہیں ہوتے ہیں بلکہ اس جانور کو جو بندوں کے لئے نامزد ہے دوسرے جانور سے بدلنا بھی گوارا نہیں کرتے ہیں۔ اگر ان لوگوں کا اصلی مقصد ثواب پہنچانا ہی ہوتو پھر جانور کے بدلے میں دوسرا جانور یا اتنا گوشت بھی برابر ہیں لہٰذا اس کے سوا اور کیا ہے کہ ان کا مقصد غیر اللہ کے لئے ذبح کرنا ہے۔

جب عندالذبح کی قید کے اظہار پر اوّل وجہ کے بیان سے ہم نے فراغت پالی تو اب وہ وقت ہے کہ ہم دوسری وجہ عرض کریں۔

## عندالذبح کی قید کی دوسری وجہ

اس زمانے کے لوگوں کی عادت یہ تھی کہ ظاہر و باطن کو اس بارے میں ایک رکھیں اگر خدا کے لئے نیت ہے تو ذبح کے وقت خدا کا نام لیں اور اگر دِلی اِرادہ غیر اللہ کے لئے ہے تو پھر غیر کا نام زبان پر لائیں۔ منافق پیشہ وروں کی یہ قسم اس زمانے میں نہ تھی۔

"زبان پر تو تسبیح ہو اور دِل میں گائے اور گدھے کا خیال ہو"

(اس جیسی تسبیح کا اثر کب ہوتا ہے)..... دل تو غیر خدا کے تقرب اور تعظیم میں محو ہے اور کہنے کو خدا کا نام بھی زبان پر لا کر ذبح کرتے ہیں۔

اس بناء پر پہلے مفسرین نے عندالذبح کی قید زیادہ کردی تا کہ تم معلوم کرلو کہ اس زمانے میں اللہ کی نذر اور غیر اللہ کی نذر میں فرق کرنے والا اور اس سے اس کی تمیز کی علامت یہی خدا اور غیر خدا کے نام کے ذبح کے وقت لینا تھا۔ اگر ذبح کے وقت خدا کا نام لیا تو اس زمانے کی اصطلاح کے بموجب انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ خدا کی نذر ہے اور اگر غیر خدا کا نام زبان پر لائے تو معلوم ہوا کہ (یہ نذر) غیر اللہ کے لئے ہے مگر جیسا کہ تم نے سمجھ لیا کہ باہمی طور طریق اور وضعی اصطلاحات میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے تو وہ وضع اور وہ اصطلاح نہ رہی۔

تیسری قسم کہ اس اُمت کے مشرک ہیں وجود میں آئی اور اس اصطلاح کو توڑ پھوڑ کر صورت واقعہ اس طرح پیش کی کہ تم جانتے ہو۔ اب اس کے بغیر چارہ نہ رہا کہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

قرائن کو پیش نظر رکھنا چاہئے اور آثار ولوازمات کی رہنمائی کے موافق کام کرنا چاہئے کیونکہ جیسا کہ تمہیں معلوم ہو چکا کہ حلت وحرمت کا دارومدار نیت پر ہے نہ کہ ظاہری فعل پر۔ اور ہر نیت کا جدا اثر اور نئی تاثیر ہے۔ خدا کی نیت کرنا (جانور کے) حلال ہونے کا سبب ہے اور غیر خدا کی نیت حرام ہونے کا اور ظاہر ہے کہ ہر ملزوم اپنی ماہیت کے لوازم کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وجود میں آئے یا عدم میں جائے۔ خاص طور پر وہ ملزوم کہ اس کا زوال اس کے ضد کے وجود سے پیدا ہو کیونکہ اس مقام پر عموم لزوم کا احتمال بھی مفقود ہے۔ مثلاً دن کے لوازم میں اور رات کے لوازم اور دن کے لوازم وجود اور عدم میں اس کے ساتھ رہتے ہیں اگر دن موجود ہوتا ہے تو اس کے لوازم بھی موجود ہوتے ہیں۔ اور اگر دن ناپید ہو جاتا ہے تو لوازم بھی ناپید ہو جاتے ہیں۔

جب اللہ اور غیر اللہ کے لئے ذبیحے میں اسی طرح تم نے دیکھ لیا کہ ان میں تضاد کا ربط ہے تو حلت وحرمت جو کہ ان کے آثار میں سے ایک اثر ہے اپنے ملزومات کے ساتھ ساتھ رہیں گے۔ ہاں اگر ذکر خدا کے سوا ذبیحہ کی حلت کے لئے کوئی دوسری علت بھی ہوتی تو کہہ سکتے تھے کہ اگر یہ تقرب الی الغیر ہے مگر فلاں علت کے عمل کی وجہ سے ہم نے حلت حاصل کر لی ہے اور یہ بات کہ ظاہر نظر میں ظاہر بیں لوگوں کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلت کی علت صرف خدا کے نام کا ذکر ہے خواہ نیت خدا کے لئے ہو یا غیر خدا کے لئے۔ چنانچہ آیت کا منطوق: ''پس تم کھاؤ اس ذبیح میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اگر تم اس کی آیات پر ایمان رکھتے ہو۔''

اس دعوے کے لئے ایک دلیل ہے۔ پس وہم کا دھوکا ہے جو قلت تدبر کے باعث راستے سے ہٹا دیتا ہے۔ اگر فہم رسا ہے تو ظاہر ہے کہ ذکر حقیقی تو قلبی ذکر ہے اور زبانی ذکر اس پر دلالت کی وجہ سے ذکر کے نام سے موسوم ہو جاتا ہے کیونکہ ذکر یاد کے معنی میں ہے جو کہ حقیقت میں دل کا کام ہے نہ کہ زبان کا۔ اگر کوئی کسی کی یاد میں محو ہو اور اس کی زبان خاموش ہو تو وہ پھر بھی اس کے یاد کرنے والوں میں سے ہے اور اگر دل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

غیر کی طرف لگا ہوا ہے اور زبان پر اس کا نام ہو تو حقیقت شناسوں کے لئے یاد کرنے والوں میں سے شمار نہ کیا جائے گا۔

## ذکر لسانی

حضرات صوفیاء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دیکھیں کہ صرف زبانی ذکر کو تعلقہ کہتے ہیں ذکر نہیں کہتے اور یہ جو قلبی ذکر کو صوفیاء نے وسوسہ کہا ہے اُس کے منافی نہیں ہے جو عرض کیا گیا۔

## دل کا ذکر

کیوں کہ قلبی ذکر سے ان کی اصطلاح میں ان کا مطلب وہ آواز ہے جو صنوبری (گاجر) جیسی صورت کے دل سے جو کہ لوتھڑا ہے گوشت سے سنی جاتی ہے نہ کہ دل کی حضوری کہ وہ صوفیہ کے نزدیک اصل ذکر ہے اور کیوں نہ ہو خداوند تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں:

"بے شک منافق لوگ اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور اللہ ان کو ان کے دھوکے کا جواب دینے والا ہے اور جب منافقین نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو سُستی میں چور ہو کر لوگوں کو دکھانے کے لئے اور اللہ کا ذکر نہیں کرتے ہیں مگر قلیل اس کے درمیان وگدا میں ہیں"۔ (قرآن کریم پارہ نمبر ۵) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"نماز حضور قلب کے بغیر نہیں ہوتی"۔

اور منافقوں میں اگر کوئی چیز نہیں ہے تو ان کی نماز میں حضور قلب نہیں ہے کہ خدائے بزرگ و برتر نے ان کے ذکر کو عدم ذکر کے ساتھ تعبیر فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کی بنیاد اس حضور قلب پر رکھی ہے۔

غرض یہ ہے کہ اخلاص کے ساتھ حضور قلب کا نام اصل عبادت ہے اس پر نظر رکھتے ہوئے آیت میں: "تم کھاؤ اس جانور کا گوشت کہ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو"۔

اَوّلاً اور بالذات یہی ذکر (قلبی) ہے اور جس مجتہد نے ذبیحہ پر جان کر یا بھول کر بسم اللہ کو چھوڑنے کی صورت میں جانور کو حلال کہا ہے اسی ذکر قلبی کی وجہ سے کہا ہے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کیونکہ مؤمن سے یہی توقع ہے کہ دل میں خدا کے ذکر سے غافل نہ ہوگا۔

## جان کر متروک التسمیہ جانور کی حرمت

البتہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اللہ کا نام عمداً چھوڑے ہوئے ذبیحہ کو حرام کہتے ہیں اور اس کی وجہ سے گذشتہ اوراق میں تمہیں معلوم ہوگئی ہے لیکن اب اس کا راز بیان کرنا چاہیے۔

## جان کر متروک التسمیہ جانور کی حرمت کا راز

جیسا کہ انسان میں انسانی حقیقت جو کہ اس کی روح ہے اور انسانی صورت کہ جسم ہے دونوں مطلوب ہیں کیونکہ دینی اور دنیاوی مقاصد دونوں یعنی رُوحانی اور جسمانی کے ملنے سے حاصل ہوتے ہیں ورنہ صرف رُوح اور تنہا جسم علیحدہ علیحدہ کو اگر لو تو دونوں بیکار ہیں۔ جسم کے بغیر رُوح ایسی ہے جیسے کام کرنے والا اوزار کے بغیر اور سوار سواری کے بغیر اور بدن جان کے بغیر ایسا ہے جیسے اوزار مستری کے بغیر اور سواری سوار کے بغیر۔ اسی طرح دینی اعمال میں بلکہ دنیوی میں بھی عمل کی حقیقت جو کہ نیت اور خاص حضوری ہوتی ہے اور عمل کی صورت کہ خاص حرکات ہوتی ہیں شارع کو مطلوب ہوتی ہیں۔ اگر ان دو عنصروں میں سے ایک بھی جاتا رہے تو عمل کا مقصد اور نتیجہ حاصل نہیں ہوتا اور نافرمانی کی وجہ سے انسان معتوب ہوتا ہے۔ ہاں اگر سہو سدراہ ہوکر بلا سے نجات پائے۔ اسی طرح اگر بخشش یا شفاعت اس کے تدارک کے لئے اُٹھ کھڑی ہو یا نیکیوں میں سے کوئی نیکی اس کا کفارہ بن جائے تو عتاب اُٹھ جائے گا لیکن مذکورہ نتائج اور معلومہ اغراض میسر نہیں آئیں گے۔

الحاصل اصل ﴿یعنی روح اور جسم دونوں کے ملنے سے اصل مدعا حاصل ہوگا۔ مترجم﴾ مطلوب دونوں عنصروں کا حاصل جمع ہے مکلف ہونے کا فائدہ ان میں سے صرف ایک کے ذریعہ صورت اختیار نہیں کرتا اور شارع کے تمام خطابات اس سے قطع نظر کر کے لغو اور بیکار ہو جاتے ہیں کہ خدائے توانا کی طرف سے اس تصور کا تصور محال ہے اس لحاظ سے بھی نیت کا ہونا ضرور رہوا۔ اور عمل کی صورت بھی لازم آئی مگر جو کچھ بھی ہو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نیت اصل ہے اور عمل اس کے تابع ہے۔ جیسا کہ رُوح اصل ہے اور بدن اس کے تابع تو اعتبار اور اقتدار کے وقت حقیقت پر نظر ڈالیں گے نہ کہ صورت پر۔

اصحاب کہف کا کتا اگر چہ صورت میں کتا تھا لیکن چونکہ پاک روح رکھتا تھا اس لئے آدمی شمار کیا گیا اور کفار باوجود یکہ صورت میں انسان تھے چونکہ ان کے حصے میں ناپاک رُوحیں مقدر ہو چکی تھیں اس لئے ان کی شان میں

''وہ لوگ جو پاؤں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ''

فرمایا۔ اور اس کو بھی چھوڑ دیجئے اگر دنیا کا خالق انسانی روح کو کتے اور گدھے کے قالب میں پھونک دے اور کتے اور گدھے کی رُوح کو انسانی سانچے میں بھر دے تو حقیقت مگر لوگوں کے نزدیک اقتدار کے وقت اُرواح کا اعتبار ہوگا نہ کہ اجسام کا۔ اگر چہ ظاہر میں لوگوں کو معاملہ برعکس نظر آئے۔ اسی طرح اگر اعمال کی اُرواح اور ان کی صورتوں میں اسی قسم کا تخالف ہو جیسا کہ صورت مفروضہ میں یعنی انسانی اور حیوانی جسم یا حیوانی رُوح اور انسانی جسم کے اجتماع میں کیا گیا تو خدائے مالک الملک، علیم وخبیر کے نزدیک اعمال کی اُرواح کا اعتبار ہوگا نہ کہ ان کی صورتوں کا اور یہیں سے ہے کہ:

''**انما الاعمال بالنیات**'' فرمایا ہے۔

## ذکر حقیقی ذکر قلبی ہے

الغرض اصلی ذکر تو قلبی ذکر ہے اور ذکر لسانی کی ضرورت نہ اس وجہ سے ہے کہ ذکر کا مصداق اور اس کا موضوع لہ یہی خدا کے نام کو آواز کے ذریعہ پکارنا ہے نہیں بلکہ اس کی ضرورت کی وجہ وہی ہے جو کہ بیان کی گئی۔ یعنی ان کے اغراض اور اعمال کے اثرات اور نتائج صورت اور معنی کے باہم ملے بغیر حاصل نہیں ہو سکتے ہیں۔

پس اگر صورت معنی کے بغیر ہے تو اس صورت کو جسم بے روح سمجھو اور اگر عمل ہے اور نیت نہیں ہے تو سراب صحرا کے مصداق خیال کرو اور اس کو ذکر خداوندی میں شمار نہ کرو بلکہ غیر خدا کی یاد میں اس کو سمجھنا چاہئے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اب تمہیں پتہ چلا ہوگا کہ اگر جیسا کہ آیت ''پس کھاؤ تم اس ذبیحے کو جس پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہو'' دلالت کرتی ہے خدا کا ذکر جو کہ حلال ہونے کی علت ہے۔ وہ ذکر قلبی ہے نہ کہ ذکر لسانی۔ اور اسی طرح اگر غیر اللہ کا ذکر حرمت کی علت ہے جیسا کہ آیت '' مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ '' اس پر گواہ ہے تو یہ قلبی ذکر ہے نہ کہ زبانی ذکر۔ پھر بھی اگر لسان کے ذکر کو اس ذبح کے بارے میں دخل دیا ہے تو یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ رُوحانی آثار کے صدور میں جسم کو یا فاعل کے آثار کے صادر ہونے میں آلہ کو دخل دیا ہے۔

الحاصل اگر صورت اور ظاہر کو دخل ہے تو دوسرے مرتبے میں ہے اور آثار کی طرح اوّل طور پر اور ذاتی طور پر (حلت کی) علت وہی قلبی ذکر ہے پس اگر عمل کی رُوح یعنی نیت اسی قسم سے ہے اور صورت اس قسم سے تو پھر معنی اور رُوح کا اعتبار کریں گے نہ کہ صورت اور ظاہر کا۔ اور ظاہر ہے کہ غیر اللہ کے تقرب کی صورت میں اگر خداوند تعالیٰ کا نام ذبح کے وقت لیا جائے تو عمل کی رُوح دوسری قسم سے ہے اور اس کی صورت دوسری قسم ہے۔

تمہیدی کے اصل پر جو اُبھی عرض کی گئی نظر رکھتے ہوئے دراں حالیکہ یہ اصل تمام عبادات اور غیر عبادات کے اعمال میں کسی انکار کے بغیر جاری ہے عمل کی رُوح کے احکام کہ جس میں غیر خدا کی طرف تقرب کی نیت ہے غالب آ جائیں گے اور ذبیحہ حرام ہو جائے گا۔ علاوہ بریں ''اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ'' سے دونوں آیتوں یعنی '' كُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ '' اور '' لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ '' پہلے آنا خالص ذکر پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس جیسی چیزوں اور اس جیسے مواقع میں تقدیم جیسا کہ علم معانی کے مسلمات میں سے ہے حصر پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا مقصد اس جگہ بے شائبہ ذکر غیر وہی خالص ذکر ہے اور جس مسئلے میں ہم بحث کر رہے ہیں اس میں اگر ہم زبانی ذکر کو بھی ذکر کہتے ہیں تو خالص نہیں کہہ سکتے کیونکہ اوّل غیر میں محو ہے اور مذکورہ توقیر و تعظیم کے ساتھ قلبی توجہ کا ذکر ہونا ایسا نہیں ہے کہ اس کا انکار کر سکیں۔ بلکہ انکار کی گنجائش اگر ہے تو زبانی ذکر کے ذکر ہونے میں ہے نہ برعکس۔ اس صورت میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نہیں کہہ سکتے کہ معلومہ ذبیحہ وہ ہے جس پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہے بلکہ یہ تو

''مَا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ''

کی قسم سے ہے اور اس سبب سے (آیت حسب ذیل)

''مت کھاؤ تم اس ذبیحے کو جس پر اللہ کا نام ذکر نہ کیا گیا ہو''

کے حکم کے مطابق وہ ذبیحہ ناجائز اور حرام ہے۔ کیونکہ دوسری آیت کا مقصد جبکہ (اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ پر) ذکر کی گئی تقدیم حصر پیدا کرنے والی ہو یہ ہے کہ وہ جانور جس پر اللہ کا نام زبان سے نہ لیا گیا ہو اس کو مت کھاؤ اور ظاہر ہے کہ یہ مفہوم جیسا کہ اس جانور کو شامل ہے کہ اس پر لوگوں نے بالکل خدا کا نام نہ پکارا ہو (بلکہ ذکر خدا سے) غفلت میں اس کو مارا ہو۔ اسی طرح اس جانور کو بھی شامل ہے کہ جس پر خدا کا نام زبان سے لیا ہو اور غیر اللہ کو بھی یاد کیا ہو۔ ہاں اگر حلال جانور غیر کی ملکیت میں ہوتے تو اس وقت اس غیر کے نام پر قربان کرنا درست ہوتا۔ اور خدا اور غیر خدا میں (وہ جانور) مشترک ہوتے تو اس غیر کی ذکر میں شرکت بجائے خود ہوتی۔ اب جبکہ ملک خالص خدا کے لئے تو خدا کا ذکر بھی (بلا شرکت غیرے) خالص کرنا چاہئے اور ہرگز دوسروں کو ذکر میں شریک نہ کرنا چاہئے کیونکہ (شریک کرنے سے شرک لازم آئے گا اور شریک ٹھہرانے اور شرک کرنے کی حقیقت، جو گناہوں میں سے سب سے بڑا گناہ ہے اور جس کی بخشش نہیں ہو سکتی یہی ہے کہ خدا کی مملوکہ چیز کو خدا اور غیر خدا میں مشترک خیال کریں۔ ورنہ مشترک چیز کہ اگر تمام شرکاء کے کام میں لائیں تو کیا گناہ ہے بلکہ اس صورت میں اس کارگذاری کی ممانعت منجملہ معاصی ہوتی جو کہ بدیہی طور پر ظلم ہے اور ظلم ایسا گناہ ہے جس کو سب جانتے ہیں۔ ہاں اگر کسی منفعت میں اس طرف سے اجازت ہو تو بقدر اجازت اختیار ہے کہ اپنے کام میں خود لائیں یا کسی اور کے سپرد کر دیں ورنہ ہرگز درست نہیں ہے خاص طور پر وہ چیز جو اپنے لئے رکھیں یا جو محصول اپنے لئے ادا کریں، مثلاً بادشاہوں کا دستور ہے کہ رعایا کی اراضی پر کوئی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

محصول مقرر کرتے ہیں اور رعایا کے امیر لوگوں پر ملاقات کے وقت نذرانہ مقرر کرتے ہیں پس اگر وہ محصول اور سرکاری رعایا کا نذرانہ کسی اور کے خزانے میں داخل کریں اور دوسرے کے سامنے لے جا کر رکھ دیں تو لازمی طور پر بغاوت کے جرم کی سزا کے مستوجب ہوں گے کیونکہ توبہ اور اطاعت کے بغیر البتہ خلاصی ممکن نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص تاج وغیرہ سلطانی لباس اپنے جسم پر پہن لے اور بادشاہی لوازمات ومراتب وغیرہ علامات سلطانی اپنے برابر میں لے آئے اور حاضرین اور غیر حاضرین سے سلطانی القاب اور شاہی آداب کا طالب ہو تو ایسا آدمی اور اس کے اعوان وانصار، احباب اور خیر اندیش بدرجۂ اولیٰ سلطانی عتاب میں آجائیں گے۔

اس جرم کی تلافی سرِ تسلیم خم کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتی باقی اس قسم کے سوا اور اُمور جن کے بارے میں رعایا کو بادشاہ نے اجازت دے رکھی ہے ان کے ارتکاب میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور جن چیزوں سے رعایا کو منع کر دیا ہے مثلاً بادشاہ کو چراگاہ میں جانوروں کا چرانا یا ہر کس و ناکس کا وقت بے وقت دربار میں چلے آنا تو اس قسم کی باتوں پر کبھی مواخذہ کرتے ہیں اور کبھی چھوڑ دیتے ہیں۔ اسی طرح اگر سرکاری محصول وقت پر نہیں پہنچایا افلا اس کی وجہ سے نہ پہنچایا تو اس قصور پر بھی کبھی سزا دیتے ہیں اور کبھی اس کے درگذر کرنے کا حکم نافذ کرتے ہیں۔

## عبادات اور نذر وقربانی کی مثال

اب عقل کی نگاہ سے بغور دیکھو کہ یہی معاملے خدائے مالک الملک نے اپنے بندوں کے ساتھ کئے ہیں۔ زکوٰۃ وغیرہ مالی حقوق کو سرکاری محصول سمجھو۔ نماز وغیرہ بدنی تعظیمات کو سلطانی القاب وآداب خیال کرو اور قربانی کو ملاقات کے وقت کا نذرانہ پہچاننا چاہئے اور گناہوں کو شاہی چراگاہ میں اپنے جانوروں کو چرانے کی طرح گمان کرنا چاہئے۔ ان تمام اُمور کی وجہ شبہ ظاہر ہے۔ بایں ہمہ یہ ذکر خارج از بحث ہے اور یہ مقام دوسرا ہے۔ اگر میں کہوں تو کس طرح کہوں کہ نامناسب ہے۔ بلکہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اصلی مدعا بیان کرنا چاہئے اور وہ یہ ہے۔ جان کو قربان کرنا بھی ان خصوصیات میں سے ہے جو خداوند تعالیٰ کے لئے خاص ہیں جو دوسروں کے لئے قربان نہیں کر سکتے اور اگر اس بارے میں اجازت ہوتی تو قربانی کو عبادات میں سے خیال کر کے نہ کرتے۔ پس جبکہ ہم سب خدا کی مخلوق اور مملوک ہیں اور ہم سب کے افعال اور اموال اس مالک کی مخلوق ہیں اور اس طرح جان کی قربانی خدا کے لئے خاص ہے۔

## ''مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ''

جانور کا حرام ہونا ''عندالذبح'' ﴿استطراد کے معنی بھاگنے کا بہانہ کر کے حملہ کرنے کے ہیں اور کلام میں خارج از بحث مضمون کی طرف جانے کو بھی استطراد کہتے ہیں۔ (منجد) اس جملے میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمہ اللہ نے یہی معنی مراد لئے ہیں۔ مترجم﴾ کے ساتھ مشروط کر دیا ''عندالذبح'' کی قید کے بغیر ''عام'' رکھو تو یہ حکم جب اسی آیت سے نکلتا ہے تو پھر شیخ سدو ﴿شیخ سدو ہندوستان میں ایک بزرگ گذرے ہیں جن کی قبر پر ضعیف الاعتقاد مسلمان بکرے چڑھاتے ہیں اور اس بکرے کو خریدتے یا پرورش کرتے وقت ان کے نامزد کر دیتے ہیں اور پھر ان کی قبر پر چڑھاتے ہیں یا جہاں کہیں بھی ذبح کر کے کھلاتے ہیں وہ شیخ سدو کا بکرا ہی کہلاتا ہے﴾ کا بکرا کیسے جائز ہوگا۔ اس صورت میں خدا کا نام ایک بار کیا سو بار یا ہزار بار بھی لیں گے تو وہ ایسا ہوگا جیسا کہ خنزیر ﴿مولانا کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ وہ بکرا غیر اللہ کے نام پر ہے لہٰذا وہ حرام ہے ایسا بکرا یا جانور جس میں غیر اللہ کی نذر کی نیت ہو وہ بسم اللہ کہہ کر ذبح کرنے سے حلال نہیں ہوتا جیسا خنزیر یا اور کوئی حرام جانور کہ اگر اس کو بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا جائے تو وہ حلال نہیں ہوسکتا۔ مترجم﴾ پر خدا کا نام لے کر ذبح کریں اور کھا جائیں یہاں سے ذبح کے وقت خدا کی یاد کا فائدہ تم نے معلوم کر لیا ہوگا کہ حلال کو حرام ہونے سے یادِ خدا باز رکھتی ہے۔ نہ یہ کہ حرام کو حلال کر دیتی ہے۔ چنانچہ (آیت ذیل)

''آج تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں''

اس طرف بھی اشارہ کرتی ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل کہ اگر ذوق سلیم ہے تو آفتاب کی طرح روشن ہے یعنی طیبات کا وصف، حلت کے وصف سے اس آیت (بالا) کی روشنی میں مقدم ہے اور اس کی علت ہے اور اسی طرح اس آئندہ آیت:

''کہہ دیجئے کسی کھانے والے پر جو وہ کھاتا ہے کوئی جانور جس کے بارے میں مجھ پر وحی بھیجی گئی میں حرام نہیں پاتا ہوں مگر (۱) مردہ جانور، (۲) بہنے والا خون یا (۳) خنزیر کا گوشت کہ وہ پلید ہے یا (۴) فسق جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔'' (قرآن کریم)

اس آیت کی دلالت سے روشن ہے کہ گندگی کا وصف حرمت سے پہلے پایا جاتا ہے اور اس کی علت ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ اطاعت گذار مکلّف مسلمان ان آیتوں کو سننے کے بعد اگر ذبح کریں گے تو اوّل طیب اور پلید کو آپس میں پہچانیں گے پھر خدا کے نام کے ساتھ چھری چلائیں گے اس صورت میں ضروری طور پر معلوم ہوا کہ یہ حلت کا وصف ذبح اور خدا کے نام کے ذکر سے مقدم ہے نہ کہ مؤخر تا کہ خدا کے نام پر ذبح کے آثار سے شمار کیا جائے۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے ذبح کا عمل خدا کے نام پر اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ حلال کو حرام ہونے سے باز رکھے اور پاکیزہ کو پلید ہونے سے محفوظ رکھے۔

اور یہیں سے تم نے معلوم کرلیا ہوگا کہ جان کر یا بھول کر یا صرف عمداً متروک التسمیہ ذبیح کو حلال کہنے والے بھی ایک بہت عمدہ سند اور ایک محکم اصل رکھتے ہیں، یہ نہیں ہے کہ انہوں نے بے سروپا بات کہی ہے اگرچہ حنفیہ مذہب کے خلاف کہنے والے کا جواب پہلے تم نے سن لیا ہے۔ بالجملہ ذبح کا کام بنام خدا یہ ہے جو تم نے سن لیا یہ نہیں کہ حرام کو حلال کردے ورنہ خنزیر اور سگ بھی اس پاک نام کی برکت سے حلال ہو جاتے۔

اس کے پیش نظر دیکھنا چاہئے کہ ''مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ''
میں حرمت کا موجب کیا ہے۔ اگر خدا کے نام کا ذکر نہ کرنا ہے تو حلال کہنے والوں کا قول بظاہر درست ہے اور اگر نام غیر خدا کا ذکر موجب حرمت ہے تو حرام کہنے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

والوں کا قول صحیح اور درست ہے۔'' مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ '' میں موجب حرمت، جب ہم نے غور سے دیکھا تو جانا کہ'' مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ'' میں حرمت کا موجب خدا کے نام کا ذکر نہ کرنا نہیں ہے ورنہ مردار اور سینگ لگ کر مرا ہوا اور گر کر مرا ہوا اور درندے ﴿ماکول السبع سے مراد کتے کا کھایا ہوا جانور ہے۔ اگر تعلیم یافتہ کتے کو بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر شکار پر چھوڑا جائے اور وہ جانور کو پکڑ لے اور خود نہ کھائے اور جانور شکاری کے پہنچنے سے پہلے مر جائے تو اس کا کھانا جائز ہے لیکن اگر کتے نے اس میں کھا لیا تو اس جانور کا کھانا جائز نہیں ہے۔ مترجم﴾ کا کھایا ہوا سب اس معاملے میں برابر ہیں کیونکہ اصل میں تو یہ سب طیب ہیں لیکن خدا کا نام معلومہ طور پر ذکر نہیں کیا۔ اگر فرق ہے تو یہی ہے کہ مردار وغیرہ میں خدا کا نام اور فعل ذبح دونوں مفقود ہیں۔ اور'' مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ'' میں صرف خدا کا نام لینے سے رہ گیا ہے۔ بہرحال علت کے فقدان سے جو کہ فعل ذبح اور نام خدا کا مجموعہ ہے دونوں مقام میں کلام نہیں ہے۔ اس صورت میں کیا ضرور ہے کہ:

'' مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ'' کو علیحدہ کوئی قسم ٹھہرائیں'' مَالَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ'' کے الفاظ کافی تھے۔ اس جیسی بے فائدہ تطویل ایسے کلام معجز نظام میں نہیں چاہیے تھی۔ اور چلئے ہم اس سے بھی گذر گئے۔ لفظ'' اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ'' اگر سمجھ ہو تو بدستور سابق اتنی بات پر دلالت کرتا ہے کہ وصف فسق کہ آیت میں مذبوح کی جانب ماخوذ ہے۔ وہ صفت حرمت سے مقدم ہے اور ذبح کے فعل سے مقدم ہے۔

اور اس کو بھی جانے دیجئے آیت (ذیل)

'' حلال کئے گئے تمہارے لئے چوپائے مگر وہ جو نہیں بتائے جاتے ہیں۔ لہٰذا بتوں کی طرف سے پلیدی اور جھوٹے قول سے بچو۔ اللہ کے دینؐ کی طرف جھکتے ہوئے اس کے شریک نہ ٹھہراتے ہوئے۔''

کو اگر دیکھیں تو اہل فہم کو اتنی بات میں تامل نہیں رہتا ہے کہ'' فَاجْتَنِبُوْا'' ماقبل پر متفرع ہے اور اس تفریع کا حاصل یہ ہے کہ تمام چوپائے'' مَا يُتْلٰى '' کے سوا، اصل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سے حلال اور طیب ہیں بتوں کی پلیدی نے ان کو حرام کر دیا۔

اور رجس اوثان کو تم جانتے ہو کہ یہی تو شرک ہے کہ اس کی جائے قرار دل ہوتا ہے نہ کہ زبان اور اس کا محل جان ہوتی ہے نہ کہ لسان۔

اور اگر بالفرض (۱) رجس اوثان یہی غیر نام خدا کا ذکر ہے جو کہ ذبح کے وقت ہوتا ہے تو وہ بھی معنی پر دلالت کی وجہ سے شرک ہے نہ کہ لفظ کی حیثیت سے۔

اگر نعوذ باللہ خدا کا نام لات وعزیٰ ہوتا اور نعوذ باللہ اللہ کسی بُت کا نام ہوتا تو پھر ''بسم اللہ'' جو کام کرتی ہے ''بسم اللات'' کرتا اور جو کام ''**بسم اللات والعزیٰ**'' کرتا ہے بسم اللہ کرتی۔ اور یہ ایک ایسا مضمون ہے کہ اس کے انکار کی بے وقوفوں کے سوا اور کسی سے میں توقع نہیں رکھتا۔

اس صورت میں وصف تحریم کے ساتھ موصوف بالذات معنی ہیں نہ کہ لفظ۔ ہاں جیسا کہ خشوع وخضوع کے اثر سے قیام، قعود اور رکوع وسجود اطاعت ہو جاتے ہیں اسی طرح ''بسم اللہ'' معنی کے اتصال سے محلل ہوتی ہے اور ''**بسم اللات والعزیٰ**'' معنی کے اقتران کی وجہ سے محرم (حرام بنا دینے والی) بن جاتی ہے۔

غرض جیسا کہ بندگی کا وصف نماز کے ارکان میں بالعرض عارض ہوتا ہے اور تنہا افعال مخصوصہ جیسا کہ منافقوں کی نماز میں ہوتے ہیں طاعت نہیں ہے بلکہ جیسا کہ آفتاب کے نکلنے کے وقت دھوپ زمین پر عارضی طور پر پھیلتی ہے اور موصوف بالذات اور دھوپ کا فاعل آفتاب ہے۔ اسی طرح موصوف بالذات بوصف تحلیل وہی نیت اور معنی ہیں جو کہ تقرب محض ہیں اور طاعت مجرد۔

الفاظ اس بارے میں موصوف بالعرض ہیں نہ یہ کہ اصل تحلیل وتحریم الفاظ کا کام ہے اور معانی کو اس قضیئے کی خبر نہیں ہے باقی الفاظ کی ضرورت تو وہ تمہیں پہلے بیان سے معلوم ہو چکی بالخصوص دوسروں کے حق میں کہ ان کی اطلاع کی ذبح کرنے والے کے دل کے اندر چھپے ہوئے معنی پر الفاظ کے سنے بغیر اور کوئی صورت نہیں ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# تقدم نیت بر فعل

اکنون بشنوید که نیت را بر فعل تقدم ذاتی است و هم زمانی . آری نیت سابق وفعل لاحق باهم چناں متصل باشند که زمان سابق و زمان لاحق لیکن ازاں جا که فعل و نیت هر دو زمانی اند و غیر قار الذات از اَوّل تاآخر فعل که تجدد رُو دهدنیت هم متجدد ماند تا اقتران نیت بفعل و تقدم آں براں از دست نه رود.

الغرض اجزاء متجدده نیت ازاجزاء متجدده فعل هم سابق باشند وهم مقترن بدو. لہٰذا تحقق نیت در زمان فعل نیز لازم آید. پس هر که جانورے راکه نیت تقرب بدو الی الغیر بود و ذبح بنام خدا کرده باشند حرام گفته نظرش براصلیت نیت است درباره تحلیل و تحریم . و هر که قید عند الذبح افزوده نگاهش بر اتصال و اقتران مذکور است که بشنیدی. بهرحال زمان نیت و فعل متحد باشد یا مقدم و مؤخر، اقتران زمانی که مفاد "عند" باشد از دست نمی رود و در صورت اتحاد زمانه همچناں ظاهر است که خوداتحاد زمانه چناں چه دریافتی و در صورت تقدم و تاخر که اصل اقتران و اتحاد است نیز کم ازیں نیست . چه مقارنت زمانی مابین جزء سابق زمانه و جزء لاحق آں نه چناں است که گنجائش انکار بود. اندریں صورت مظروف جزء اَوّل مظروف جزء ثانی نیز باهم مقترن بود.

باقی اند اینکه در صورت تقدم و تاخر هر دو را عند الآخر مے تواں گفت یا فقط متاخر را عند المتقدم گویند و متقدم را عند المتاخر نگویند ایں امر نه قابل آں است که مرد عاقل را موجب تردد شود. چه وقتیکه بناء اطلاق "عند" بر مقارنت شود آں در طرفین برابر است.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دربارۂ اطلاق "عند" و اضافت آن بیکی ازیں دو فرق کردن محکم بے جا است که سواء کم مهمان کاردگراں نیست.

چوں ایں کلام بطول انجا میدبازپس مے روم و میگویم که باوجود ابتناء تحلیل و تحریم بر نیت وجه افزائش "عند الذبح" یاآں بود که مقارنت بین النیة والفتل باشد و احتراز تبدل نیت بود. یا آنکه اشاره بلدستور آں زمانه است نه قید احترازی . اندریں صورت ایں قید زائد که از مفسران است همچو قیود مشعره بردستور یا حاجت باشد که در کلام ربانی یافته مے شوند. در سورۂ بقرمی فرمایند.

"وَ اِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَقْبُوْضَة"

ظاهر کلام مشعر بر تعلیق جواز رهن در سفر است بشرطیکه کاتب موجود نه بود و هم چنیں در سورۂ آل عمران فرموده اند

"وَ اِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا"

ظاهر ایں کلام نیز مشعر بآں است که جواز قصر نماز معلق است بخوف فتنۂ کفار چنانچه بعض کساں بخدمت حضرت عرض کردند که صلٰوۃ خوف را در کلام الله می یابیم. اما صلٰوۃسفر در کلام الله نیست. علی هذاالقیاس آیت:

"وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِنْ فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ"

بظاهر دلالت بریں امردارد که جواز نکاح اماء معلق است بعدم طول محصنات چنانچه شافعیه همیں را اختیار کرده اند. اما باریک بینانان دین متین دیدند که تجویز رهن بغرض اطمینان خاطر بائع و قرض

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دهنده است . و دریں غرض سفر و حضر یکساں است. آری ضرورت رهن اکثر در سفر و وقت موجود نه بود کاتب افتد. چه در حضر اکثر همیں است که توانگراں متاع خویش بدست دارند، معامله ها دست بدست کنند و مفلساں بقبالها و تمسکات بائع را مطمئن گرد انند مگر تونگراں در سفر خالی دست و بازکاتباں و نویسندگاں کمیاب بدیں وجه ضرورت رهن افتد ورنه ایں حکم را باسفر و علم کاتب علاقه نیست که حکم جواز رهن را مقید بداں گردانند.

بالجمله نظر اهل عقل برعلاقه باهمی باشد که درمیان احکام و علل آں ضروری است . و ایں چناں است که اکثر چراغاں وقت شب روشن کنند و سبب آں حدوث ظلمت پندارند، نه فقط وقت شب وبهمیں وجه اگر در مکانی تنگ و تاریک باشند در روز هم چراغ روشن کنند و ایں روشنی را کا بیهوده و بے وقت نه پندارند و شب چهار دهم در اکثر حرکات و سکنات بی چراغ گذارند و از تارکاں امر ضروری نشمرده شوند هم چنیں علت قصر تعب و صرف گردیدن اوقات در قطع راه قرارداند و بجا قراردادند. چه ایں اَمر لاریب مستدعی تخفیف در عبادت است . درایں قدر حالت امن و خوف مساوی است. اندریں صورت مفاد قید اِنْ خِفْتُمْ نه ایں باشد که اگر خوف نه بود قصر جائز نیست . بلکه اگر باشد ایں باشد که پس از غور واضح می شود. یعنی چوں در اوائل غزوات خوف کفاردامنگیر احوال شد و تا هنوز نماز برهماں مقدار بود که در حضر گذارند صحابه رضی الله عنهم را اندیشهٔ صعوبت بدل آمد. بدل خود گفته باشند که نه نماز گذاشتی است نه جهاد دیده باید چه پیش آید.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جواب ایں اندیشه فرمودند که اگر خوف کفار بدل دارید و بدیں سبب اندیشۂ وقوع در گناه است تدبیر ایں اندیشه پیشتر کرده ایم. نماز را در سفر یعنی حالت ضرب فی الارض مختصر گردانیده ایم. در تقصیر نماز برشما هیچ گناه نیست.

هم چنیں در جواز نکاح زناں بندیواں و عدم طول و استطاعت نکاح حُره هیچ علاقه نیست زن از اصل هر قسم که باشد بهر مرد آفریده شد. البته در صورت اختلاف کفر واسلام حسن معاشرت که غرض اصلی از نکاح است متصور نیست که بایں سامان عداوت محبت و حسن معاشرت مجتمع نتواں شد. نظر بریں مے تواں گفت تراضی طرفین که اصل نکاح است هر گز بوجود نخواهد آمد. باقی آں چه دربارۂ کفو پاس خاطر بندگاں فرموده اند قسم رخصت است نه از قبیل عزیمت . بازنقصان و عیب "کفو" اگر عائد میشود بجانب زن مے شود که فراش کم تر از خود گردیدن عاراست نه بجانب مرد که از فراش کم تر. در علو مراتب مرد خللی نمیتواں رسید. و همیں است که اولیائے زن دربارۂ نکاح با غیر کفو مجاز فسخ کنانیدن شوند نه اولیاء مرد و اعتبار نسب بر مرد داشتند نه برزن. مرد اگر عالی نسب است نسب اولاد عالی است در شرع. و اگر کم نسب است نسب شاں کم. مگر دریں باره نظر برزن و نسب اونیست چناں چه دانندگاں مے دانند.

نظر بریں حلت نکاح اماء مشروط بعدم طول نمی نماید چه عند الله همه برابر اند. اگر هست فرق تقویٰ است و عدم آں که

"اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ"

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

و میدانی که تقویٰ را باحرار و حریت اختصاص نیست تا تعلیق نکاح امت بر عدم طول حرّة از عزائم تصوریده شود هم چنیں در نسب قادح نیست، موجب عار نمی تواں گفت تا از رخص فهمیده شود. آری عادت مردم و رواج اوشاں هم چنیں است که تا وقت اقتدار نکاح حره زناں بندیواں را بنکاح نمی آرند و بدیں وجه بصورت شرط و جزاء فرموده اند.

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ الخ

ورنه در خارج تحقق یکی متعلق بتحقق دگر نیست

بالجمله ایں همه قیود از قسم شروط اند که تعلیق بآں اظهر است به نسبت قید "عند الذبح" که ظرف محض است و فقط اقتران زمانی بمظروف و مضاف الیه خود مے خواهد و میدانی که اقتران زمانی در اتفاقات هم مے باشد بلکه اکثر همیں است پس اگر قید "عند الذبح" فقط بوجه دلالت اقتران مذکور علت حکم حرمت " مَا اُهِلَّ بِهٖ " بطوری گردیده که اقتران مذکور اگر مفقود شود حرمت نیز مبدل بحلت گردد. قیود مذکوره منصوصه قرآنی بدرجه اولٰی ، بلکه بمدارج فزوں ترازاں بطور مذکور علت احکام معلومه خواهندشد. چه اَوّل قیود مذکوره افزوده خدا تعالٰی اند. و قید عند الذبح قید افزودۀ بعض مفسرین . دوم قیود مذکوره بوجه دلالت بر تعلیق اشبه بالعلت اند و قید عند فقط ظرف زمانی است که اقتران زمانی را خواهد نه علیت را.

بالجمله ما بین احکام شرعیه اعنی حلت و حرمت وغیره و اوصاف شئ حلال و حرام لا جرم ارتباط علیت و معلولیت بود.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

وچوں نباشد که حکم اثری است که آنرا موثر ضرور است. ومے دانی که موثر هماں علت باشد نه غیر. علاوه بریں اطلاق حکم بر حکم و اطلاق حکمت بریں دین نظر برهمیں ارتباط است.

## تفصیل اطلاق حکم برحکم واطلاق حکمت بریں دین

تفصیل ایں اجمال آنکه نسبت حکمیه یا حقیقی است یا غیر حقیقی. و علامت شناختن ایں فرق، همیں ادراک ارتباط مذکور است. اگر بین الشیئین علاقۂ مذکور ودیعت نهاده اند علت محکوم علیه حقیقی است و معلول محکوم به حقیقی که در اصطلاح شرع بحکم معبر می شود. و نسبت فیما بین نسبت حکمیه حقیقی. و اگر بین الشیئین ارتباط علیت و معلولیت نیست اگرچه به پیرایه قضیۂ هر دو را کشیده یکے را اَوّل نهاده محکوم علیه قرارداده باشند و دیگر را ثانی نهاده محکوم به تاهم حقیقت شناساں اَوّل را محکوم علیه و ثانی را محکوم به نگویند. نه نسبت فیما بین را نسبت حقیقیه مثلاً گاهی گویند اَلنَّجُسُ حَرَامٌ و گاهی اشاره بآبی که نجس باشد کرده گویند هٰذَا الْمَاءُ حَرَامٌ نظر بظاهر هر دو کلام قضیه است حامل النسبة . مگر در اَوّل و ثانی فرق بسیار است.

در قضیه اولٰی حرمت محمول نجس است که علت اوست ودر ثانی حرمت محمول ماء است که علت آں نتواں شد درنه هرآبی که باشد حرام گردد. پس نسبت قضیۂ اولٰی حقیقی است و نسبت قضیۂ ثانیه غیر حقیقی . و هر که ایں قدر فرق کردن و اند هماں "حکیم دین" است.

بالجمله وجه تسمیۂ علم دین بحکمت ایں ست که عرض کردم. نظر بریں ضرور است که هر حکم را علتی باشد بازاگر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

هماں علت را محکوم علیه آں حکم قرارداده اند فبها ورنه باید دریافت که آں کدام است. تاوجود معلول بی علت ووجود بالعرض بے موصوف بالذات لازم نه آید.

چوں در ما سخن فیه نظر کردیم علت حرمت "اهلال لغیر الله" بنظر آمد. و قید عند الذبح بهر اشعار آں است که در اهلال مذکورو ذبح اقتران زمانی باشد. بایں طور که ایں اگر در جزو سابق اززمان افتاده ایں را در جزء لاحق بی فصل نهاده اند. ایں نیست که فصل بالا جنسی خلل انداز کار تاثیر اَوّل در ثانی شود. ومے دانی که ایں جا فصل بالا جنبی اگر متصور است فسخ قصد اَوّل بی آنکه قصد دگر بدل آں کرده باشد یا به تبدیلی نیت لِلّٰه متصور است په رافع نیت یا نیت دیگر باشد که متضاد اَوّل بود یا فقط عدم النية بود. در صورت دیگر هماں فسخ عزم اول خواید بود که مستلزم فسخ عزم ذبح است . ایں صورت ما نحن فیه علاقه ندارد.

باقی ماند صورت اولٰی آں البته بظاهر از ما نحن فیه علاقه دارد. اعنی بظاهر مے تواں گفت که ایں جانور منجمله

"مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ"

است. لیکن آنانکه نظر غائر دارند می اشناسد کم علت حرمت نیت اولٰی بود که اهلال اَوّل دیگراں را متنبه ساخته بود. چوں آں نیت متبدل به ثانی شد معلول اَوّل نیز متبدل به معلول ثانی شد. زیراکه علت یا معلول دست و گریباں باشد. خصوصاً در صورت تساوی . علت اگر بوجود می آید معلول بوجودمی آید و اگر بعدم میرود بعدم میردد. اگر آں مستمرے ماند ایں نیز مستمر می ماند و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اگر منقطع مے گردد آں نیز منقطع می گردد. چه نیت مثل الیمان امری است زمانی غیر قار الذات و اینکه بزبان می گویند خبری است ازاں و علامتی ست براں نه آنکه حقیقت ایمانی همیں الفاظ و کلام است ورنه لازم آید که مؤمناں هم وقت تلفظ بکلمهٔ اسلام مسلمان و مؤمن باشند و در باقی اوقات منجمله کفار هم چنیں تلفظ به بسم اللہ وقت ذبح خبری است کد امری منوی و علامتی است براں که سواء ایں لفظ هاں امر منوی هر کس و ناکس پے نمی بردگو عاقلاں سلیم الفطرت از بعض علامت بشناخته باشند لیکن ایں قسم دلالات اوّل درحق هرکس و ناکس مفید نیست دوم هر وقت و علامات ظاهری اطلاع بر اُمور باطنی نتواں شد. لهٰذا قانونی عام فهم وضع کردند اعنی وقت ذبح بسم اللہ شرط گردانیدند تا دیگراں را حرجی پیش نیاید وچوں پاس یک کس بر لحاظ جمله بنی آدم غالب نتواں شد و در تحلیل بهر یکے و تحریم بهر باقیاں تفریق کلمه بود درحق ذابح نیز باآنکه نیتش درست بود حرام داشتند و چنانکه یک شاهد رویت هلال عید را تابع جمله بنی آدم داشته بودند. ایں جا نیز ایں کس را تابع باقیاں گردانیدند.

علاوه بریں ضرورت ظاهر فعل که بهر نیت مثل جسم است برائی جان از کلام سابق دریافته باشی. الغرض چنانکه اصل صلوٰة حضور دِل است باایں همه ضرورت ارکان مخصوصه از قیام و قعودو رکوع و سجود افتاد هم چنیں اگرچه اصل حلت هماں نیت دلی باشد تاهم بهرحلت ضرورت فعل ذبح باانام خداست تا روح و جسم پیوسته مثمر آں لنتائج شوند که ازیں نوع مقصود است.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

این همه که گفته شد بر بنائے مذهب حنفی بود. باقی ماند مذهب شافعی و مالکی بر بناء آن ضرورت این قدهم نیست چه حلال گفتن امام شافعی و امام مالک رحمهم اللہ تعالیٰ متروک التسمیه را عمدًا ترک تسمیه کرده باشند یا سهوا دلیلی است واضح برآنکه علت حلت و حرمت همان نیت است نزد اوشان و تلفظ به تسمیه وقت ذبح دلیل است بران و خبر است نه آنکه اصل و حلت حکم فقط تلف است و معنی را دران دخل نیست نظر برین واضح است که در صورت ظهور و تیقن نیت بغیراللہ تلفظ کنند یا کنند ذبیحه حرام باشد چه بنائے حلت ذبیحه مسلم اگرچه عمداً ترک تسمیه کرده باشد همین بود که اثر توحید از اقرار و هرکار او ظاهر است بعد شهادت این دلیل اکنون چه حاجت است که از تلفظ استخبار حقیقت کنند یا ازین علامت حال باطن پر سند مگر چنانکه این طرف وضوح دلیل عام درباره اطلاع ما فی الضمیر کافی شدضرورت علالت خاص اعنی تسمیه نیفتاد هم چنین بطرف ثانی نیز همین وضوح ما فی الضمیر را کافی باید فهمید و از علامت خاص اعنی تسمیه خدا نباید پرسید که اوّل خبر تلفظ بعد شهادت قرائن مسموع نمی تواں شد چنانکه گذشت.

دوم چوں خبر موافق واقع اعنی تلفظ مطابق نیت ضرور نشد چنانکه همین دم واضح شد خبر مخالف واقع اعنی تلفظ نام خدا وقتیکه نیت لغیر اللہ باشد چگونه ضرور باشد علاوه برین هر خبر را در خارج مصداقی باشد که مطابق و عدم تطابق آں معیار صدق و کذب است و بهر اطلاع مطابقت و لا مطابقت ضرور است که

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

همچو خبر از مخبر عنه نیزخبردار باشند. نظر بریں لازم است که علم تحقق مصداق مذکور از علم مطابقت سابق باشد و میدانی که بسم الله خبر است اگرچه مثل : "كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ"

بلکه " اَنْتِ طَالِقٌ " بدلالت التزامی کار انشاهم کرده باشد و مخبر عنه بهر این خبر همیں تقرب باطن است که مسمی به نیت است . پس اَوّل علم تحقق نیت باید تا معیار مطابقت و لا مطابقت شود لیکن نیت از اُمور قلبی و اَحوال باطنی است که اطلاع بران قبل تلفظ بی دلالت قرائن متصور نیست. ازیں جا مکرر دانسته باشی که در صورت اختلاف تلفظ و قرائن اعتبار قرائن را باشد نه تلفظ را. پس آوان که بر ظاهر:

"كُلُوْا مِمَّا ذُكِرَاسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ"

فریفته ذبیحه اسمی شیخ سدُو وغیره را حلال گفته اند به حقیقت الامر پی نبرده اند.

مراد شارع ایں است که اگر شماراعلم بذکر نام خدا ذبیحه حاصل شود درخوردنش تامل نباید کرد. باقی عامل علم و عدم علم خود دریافتی که چگونه حاصل می شود. ووجه مراد بودن علم قطع نظر ازاں که گفته امر ایں هم است که درهمه معاملات همه کاروبار مربوط بعلم الی اگر کسی معامله اهل ایمان کردن است مثل نکاح وغیره اَوّل علم ایمان باید و اگر معامله کفر کردن است اوّل اطلاع کفر می باید و اگر معامله دوستانه مے کند خبر از دوستی و محبت می باید. و اگر معامله دشمنانه می نماید اَوّل تحقیق دشمنی لازم است.

بهرحال خوردن ذبیحه کسی آندم حلال باشد که اطلاع ذکر نام

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

خدا حاصل شده باشد. مگر مصداق ذکر حسب ایماء مذهب مالکی و شافعی همان ذکر قلبی است و تلفظ بآن یکی از سامان های اطلاع آنست بلکه عمده تر ازهمه سامان های آن.

و موافق مشرب حنفی ذکر کُلی مشکک است که اولٰی و اقدم افراد آن ذکر قلبی است. و ذکر زبانی بدرجۂ ثانی است یا آنکه بطور عموم مجاز ذکر را از معنی اصلی که ذکر قلبی بود چنانچه ترجمه اش در فارسی به یاد شاهد برآن است عام گردانیده ذکر قلبی و لسانی همه را فراگرفته اندمگر بهرحال علت اطلاق ذکر بر ذکر لسانی همون دلالت اوست بر ذکر قلبی که بناء خیر بودن آن ازان بران است پس اگر دلالتش بران دروغ برآید. این اسم از "پیشانیش" محو خواهد شد و اطلاق ذکر این وقت غلط خواهد بود و منجمله "مَا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ" خواهد گردید. نه از قسم "مَا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ" تا محلان را مجال دست آویزی بآیت کُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ بود. آری اگر تسمیه ذبح همچو الفاظ نکاح و طلاق و عتاق در تاثیر خود محتاج نیت نبودی. چنانچه در بادی النظر از کلام هدایت انجام حضرت سرور انام صلی الله علیه وسلم:

ثَلٰثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْ لُهُنَّ جِدٌّ

همین می تراود. اگرچه تحقیق این معنی در مقدمات گذشته آندم البته اگر بر ظاهر آیت. "کُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰهِ" چسپیده این قسم ذبائح را که نیت بهر غیر خدا است و بربزبان نام پاک او تعالٰی . چنانچه در بُز "شیخ سدُّو" می باشد اگر حلال

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مے گفتند البته بجائے خود بود مگر اَوّل تخصیص نبوی صلی اللہ علیه وسلم اُمور ثلاثه مذکوره را بآنکه هزل آں نیز حکم جِددارد درباره ظهور آثار نیت ذابح هر قسم که باشد کافی است.

دوم فرق ربانی وغیره قربانی و هدایا و بُدن وغیره احکام که محض برفرق نیت مبنی است دلیلی است روشن برآنکه باوجود اتحاد صورت ذبح و ذکر مقرر ایں فرق از نیت خاسته و اگر بالفرض دریں باره تسمیه ذبح نیز هم عنان نکاح و طلاق و عتاق باشد بازهم چه سود که نیت را در نکاح هم تاثیری است که همه میدانند. حدیث

"مَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُهَا اَو امْرَاَةٌ یَتَزَوَّجُهَا"

و حدیث فاظفر بذات الدین

اَوّل بریں قدر دلالت دارد . دوم نکاحیکه بقصد اتباع سنت سنیه یا احتراز از زنا یا قصد صحبت صالح یا صالحه بوقوع آمده بالیقین ازنکاحیکه بغرض تلذذ یا تحصیل مال بسته شود افضل است و محمل حدیث:

ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ الخ

آں است که نکاح و طلاق وغیرہا نیت و بی نیت هر طور یکه باشد برابر مثمر و موجب آثار اصل نکاح و طلاق می باشند .اما آنکه در صورت نیت هم تفاوتی رونمی دهد و فرقے پدید نمی آید هرگز از کلام نبوی صلی اللہ علیه وسلم در ذهن عاقلی نمی آید. و میدانی که در صورت نیت لغیراللہ ایں نیست که نیت نیست تا چشم محللاں خنک شود بلکه نیت اُمت اما لغیر اللہ . چه ظاهر است که اضافت خدا وندی یا اضافت غیر خدا وندی از لوازم مخصصات نیت است نه چیز دگر. و اگربایں لحاظ که در نکاح و طلاق عمل همیں الفاظ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ایجاب و قبول یا اَنْتِ طَالِقٌ مثلاً می باشد که در صورت هزل نیت اصلی زیر دامن آں نمی باشد و ایں جا عملی که خواستگار نیت است اراقه دم است تسمیه به مقابله نیت خدا یا غیر نیفتاده متردّدی را بدل آید که از تفاوت آثار که مذکور شد تفاوت در فعل ذبح که ریختن خون است ظهور خواهد کرد. مگر ایں تفاوت را با تسمیه چه کار که آں از نیت ذبح بیکسو افتاده است و ازیں جهت مے تواں گفت که عملی تسمیه بظهور آمد و برنیتی قرارش نیست و همانا بمثابه نکاح و طلاق هزل است که خالی از نیت می باشد.

## جوابِ شبہ

جوابش اَوّل همه مفهوم مخالف است که از تخصیص:

ثَلٰثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ

می برآید و بتائید اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ نزد حنفیه واجب الاطاعت گردیده.

## فعل سے پہلے نیت

اب سنئے کہ نیت کو فعل پر ذاتی تقدم ہوا کرتا ہے اور زمانی تقدم بھی۔ ہاں۔ سابق نیت اور لاحق فعل آپس میں ایسے متصل ہوتے ہیں جیسا کہ زمان سابق اور زمان لاحق متصل ہوتے ہیں لیکن چونکہ فعل اور نیت دونوں زمانی اور غیر قار الذات ہیں اس لئے اَوّل سے آخر تک فعل کہ نت نیا ہوتا رہتا ہے نیت بھی متجدد رہتی ہے تا کہ نیت کا فعل سے اتصال اور اس کا فعل پر تقدم ہاتھ سے جانے نہ پائے۔

غرض یہ کہ نیت کے متجدد ہ اجزا فعل کے اجزائے متجددہ سے بھی سابق ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ ملے ہوئے بھی۔ لہٰذا نیت کا تحقق فعل کے زمانے میں بھی لازم آتا ہے پس جو شخص کہ کسی جانور کو کہ اس کے ذریعہ تقرب کی نیت غیر خدا کی طرف ہو اور اس کو خدا کے نام پر ذبح کیا ہو حرام کہا ہے اس کی نظر تحلیل و تحریم کے بارے میں نیت کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اصلیت پر ہے اور جس نے عند الذبح کی قید بڑھائی اس کی نگاہ مذکورہ اتصال و اقتران (نیت بالفعل) پر ہے جیسا کہ تم نے سن لیا۔ بہر حال نیت اور فعل کا زمانہ متحد ہو یا مقدم و مؤخر اقتران زمانی جو کہ ''عند الذبح'' کا مفاد ہے ہاتھ سے نہیں جاتا ہے اور اتحاد زمانہ کی صورت میں اسی طرح ظاہر ہے جیسا کہ خود اتحاد زمانہ چنانچہ تمہیں معلوم ہو چکا ہے اور تقدم و تاخر کی صورت میں بھی کہ اصل اتحاد اور اقتران ہے اس سے کم نہیں ہے۔ کیونکہ زمانی مقارنت زمانے کے سابق اور اس کے لاحق جز میں ایسی نہیں ہے کہ انکار کی گنجائش ہو۔ اس صورت میں جزء اوّل کا مظروف اور جزء ثانی کا مظروف بھی آپس میں متصل ہوتے ہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ تقدم و تاخر کی صورت میں عند الآخر کہہ سکتے ہیں یا فقط متاخر کو عند المتقدم کہیں اور متقدم کو عند المتاخر نہ کہیں یہ بات اس قابل نہیں ہے کہ عاقل آدمی کو تردّد کا موجب ہو جائے کیونکہ جس وقت کہ ''عند'' کے اطلاق کی بنیاد مقارنت پر ہوگی تو وہ دونوں طرفوں میں برابر ہے۔ ''عند'' کے اطلاق اور اس کے ان دونوں میں سے کسی ایک کی طرف اضافت کرنے کے بارے میں فرق کرنا بے جادھینگا مشتی ہے کہ کم فہموں کے سوا دوسروں کا کام نہیں۔

چونکہ یہ کلام طول تک پہنچ گیا اس لئے پھر واپس چلتا ہوں اور کہتا ہوں کہ حلال و حرام کی بنیاد نیت پر ہونے کے باوجود ''عند الذبح'' کی قید بڑھانے کی وجہ یا یہ ہو کہ نیت اور قتل کے درمیان اتصال ہو اور نیت کی تبدیلی سے اجتناب یا یہ کہ اس زمانے کے دستور کی طرف اشارہ ہے نہ کہ قید احترازی۔ اس صورت میں یہ زائد قید جو کہ مفسرین کی طرف سے لگائی گئی ہے اسی طرح کی ہے جیسی کہ ضروریات یا دستور کی خبر دینے والی قیود میں ہوتی ہیں جو کہ کلام ربانی میں پائی جاتی ہیں۔ سورۂ بقر میں فرماتے ہیں:

''اگر تم سفر میں ہو اور تمہیں کاتب نہ ملے تو مرہونہ چیز کو قبضہ میں دے دو''۔

کلام کا ظاہری حال سفر میں رہن کے جواز کو کاتب نہ ہونے کی شرط پر معلق کرنے کی خبر دے رہا ہے اور اسی طرح سورۂ آل عمران میں فرمایا ہے:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

''جب تم زمین پر سفر کرو تو نماز میں قصر کرنے کا کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ بشرطیکہ تمہیں کافروں کے فتنے کا اندیشہ ہو۔''

یہ کلام ظاہری طور پر اس بات کی اطلاع دے رہا ہے کہ نماز کے قصر کا جواز کفار کے فتنے کے خوف پر معلق ہے۔ چنانچہ بعض اصحاب نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ ہم صلوٰۃ خوف کو کلام میں پاتے ہیں لیکن صلوٰۃ سفر کلام اللہ میں نہیں ہے۔ علیٰ ہذا القیاس آیت (ذیل)

''اور جو شخص تم میں سے آزاد مؤمن عورتوں سے نکاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تو مؤمن نوجوان باندیوں میں سے کسی سے نکاح کرے جو تم میں سے کسی کی مملوک ہو''

بظاہر اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ باندیوں سے نکاح کا جواز آزاد عورتوں سے نکاح کی طاقت نہ رکھنے پر معلق ہے چنانچہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلدوں نے اسی مسلک کو اختیار کیا ہے لیکن دین متین کے ''باریک بیں حضرات نے تاڑ لیا'' کہ (سفر میں) رہن کی تجویز بائع اور قرض دہندہ کے اطمینان کی غرض سے ہے اور اس غرض میں سفر و قیام دونوں برابر ہیں ہاں رہن کی ضرورت اکثر سفر میں اور کاتب کے موجود نہ ہونے کے وقت پڑتی ہے کیونکہ عام طور پر قیام کی حالت میں یہی ہوتا ہے کہ مال دار لوگ اپنی پونجی ساتھ رکھتے ہیں اور معاملہ دست بہ دست کرتے ہیں اور مفلس لوگ دستاویزات اور تمسکات کے ذریعے بائع کو مطمئن کر دیتے ہیں مگر سفر میں مال دار لوگ بھی خالی ہاتھ ہوتے ہیں اور پھر کاتب اور منشی بھی کم یاب ہوتے ہیں اس لئے رہن کی ضرورت پڑتی ہے ورنہ اس حکم کو سفر اور عدم موجودگی کاتب کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے کہ رہن کے جواز کو اس کے ساتھ مقید کر دیں۔

بالجملہ اہل عقل کی نظر باہمی تعلق پر ہوتی ہے جو کہ احکام اور ان کی علتوں کے درمیان ضروری ہے۔ اور یہ ایسے ہی ہے جیسا کہ چراغاں اکثر رات کے وقت کرتے ہیں اور اس کا سبب تاریکی کا پیدا ہونا خیال کرتے ہیں نہ صرف وقت شب کا ہونا اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اسی طرح اگر ہم کسی تنگ اور تاریک مکان میں ہوں تو دن کے وقت بھی چراغ روشن کرتے ہیں اور اس روشنی کو فضول اور بے وقت نہیں خیال کرتے اور چودھویں رات اکثر حرکات وسکنات میں چراغ کے بغیر گذارتے ہیں اور چراغ نہ جلانے والوں کے لئے ضرر نہیں سمجھتے اسی طرح قصر نماز کی علت تھکاوٹ اور راستہ طے کرنے میں اوقات کا صرف کرنا (ائمہ مجتہدین) نے قرار دیا اور درست قرار دے دیا کیونکہ یہ اَمر بلاشبہ عبادت میں تخفیف کا تقاضا کرتا ہے اتنی بات میں امن اور خوف کی حالت برابر ہے۔ اس صورت میں اِنْ خِفْتُمْ کی شرط کا فائدہ یہ نہیں ہے کہ اگر خوف نہ ہو تو قصر جائز نہیں۔ بلکہ اگر فائدہ ہے تو یہ ہے جو کہ غور کے بعد واضح ہوتا ہے یعنی جب ابتدائی غزوات میں کفار کا خوف مسلمانوں کے لئے پریشانی کا موجب ہوا اور ابھی تک نماز اتنی ہی رکعات پر مشتمل تھی جتنی کہ قیام کی حالت میں ادا کرتے ہیں۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کو دشواری کا اندیشہ محسوس ہوا۔ انہوں نے اپنے دل میں کہا ہوگا کہ نہ تو نماز ہی چھوڑنے کے قابل چیز ہے اور نہ جہاد ہی۔ دیکھئے کیا ظہور میں آتا ہے۔

اس اندیشے کے جواب میں فرمایا کہ اگر کفار کا خوف دل میں رکھتے ہو اور اس سبب سے گناہ میں واقع ہو جانے کا اندیشہ ہے تو ہم نے اس اندیشے کا سدباب پہلے ہی کر دیا ہے (اور وہ یہ کہ) نماز کو سفر یعنی ضرب فی الارض کی حالت میں ہم نے مختصر کر دیا ہے (اس لئے چار رکعت والی) نماز کو قصر کرنے میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

اسی طرح باندیوں کے ساتھ نکاح اور آزاد عورت کے ساتھ نکاح کی طاقت نہ رکھنے میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ عورت اصل سے جس قسم کی بھی ہو خواہ آزاد ہو یا باندی مرد کے لئے پیدا کی گئی ہے البتہ کفر و اسلام کے اختلاف کی صورت میں (کہ مرد مسلمان اور عورت کافر ہو) حسن معاشرت کہ نکاح کی اصلی غرض ہے متصور نہیں ہے۔ کہ اس عداوت کے سامان کے ہوتے ہوئے محبت اور حُسنِ معاشرت دونوں جمع نہیں ہو سکتے اس پر نظر رکھتے ہوئے کہہ سکتے ہیں کہ دونوں طرف کی رضامندی جو کہ اصل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نکاح ہے ہرگز وجود میں نہیں آئے گا۔ باقی جو کچھ کفو کے بارے میں بندوں کی دل جوئی کے لئے فرمایا ہے تو وہ رخصت کی قسم میں سے ہے نہ کہ عزیمت کے قبیل سے۔ پھر کفو کا عیب اور نقصان اگر عائد ہوتا ہے تو عورت کی جانب ہوتا ہے کہ اپنے سے کم تر کے ساتھ ہم بستری عار ہے نہ کہ مرد کی جانب کہ فراش سے کم تر ہے مرد کی بلندی مراتب میں کوئی خلل پیدا نہیں ہوسکتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ عورت کے ورثاء غیر کفو کے ساتھ نکاح کے بارے میں نکاح کو فسخ کرادینے کے مجاز ہوتے ہیں نہ کہ مرد کے ورثہ۔ اور نسب کا اعتبار مرد پر رکھا ہے نہ کہ عورت پر۔ مرد اگر عالی نسب ہے تو اولاد کا نسب بھی شریعت کے نزدیک بلند ہوگا اور اگر مرد کم نسب ہے تو اولاد کا نسب بھی کم درجہ ہوگا۔ مگر اس بارے میں عورت اور اس کے نسب پر نظر نہیں رکھی گئی۔ چنانچہ جاننے والے جانتے ہیں۔

اس بناء پر باندیوں کے ساتھ نکاح کا حلال ہونا آزاد عورت کے ساتھ نکاح کی عدم استطاعت پر موقوف نہیں معلوم ہوتا ہے کیونکہ اللہ کے نزدیک سب برابر ہیں۔ اگر فرق ہے تو تقویٰ کا فرق ہے۔ اور غیر تقویٰ کا کیونکہ

"تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ متقی ہے۔"

اور تمہیں معلوم ہے کہ تقوے کی احرار اور حرمت کے ساتھ کوئی خصوصیت نہیں ہے کہ باندی کے ساتھ نکاح کو آزاد کے ساتھ نکاح کی عدم استطاعت پر معلق تصور کیا جائے۔ اسی طرح نسب میں قادح نہیں ہے۔ اس کو موجب عار نہیں کہہ سکتے کہ رخصت سمجھا جائے۔ ہاں لوگوں کی عادت اور ان کا رواج اسی طرح ہے کہ آزاد عورتوں کے ساتھ نکاح کی استطاعت کی صورت میں باندیوں سے نکاح نہیں کرتے ہیں اور اسی وجہ سے شرط و جزا کی صورت میں فرمایا ہے:

"وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ الخ"

ورنہ خارج میں ایک کا تحقق دوسرے کے تحقق سے متعلق نہیں ہے۔

الحاصل یہ سب قیود شرطوں کی قسم سے ہیں کہ ان پر معلق ہونا بہ نسبت "عند الذبح"

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کی قید کے جو کہ محض ظرف ہے زیادہ ظاہر ہے اور صرف اپنے مظروف اور مضاف الیہ کے ساتھ زمانی اتصال چاہتا ہے اور تمہیں پتہ ہے کہ زمانی اتصال اتفاقیہ اُمور میں بھی ہوتا ہے بلکہ اکثر یہی ہے پس اگر ''عند الذبح'' کی قید فقط مذکور اتصال کی دلالت کی وجہ سے مَا اُهِلَّ بِهٖ کی حرمت کے حکم کی علّت اس طرح بن جائے کہ اگر مذکور اتصال مفقود ہو جائے تو حرمت بھی حلت کے ساتھ بدل جائے تو مذکورہ قیود منصوصہ قرآنی بدرجۂ اولیٰ بلکہ مدارج میں طور مذکور کے ساتھ اس سے زیادہ طور پر احکام معلومہ کی علت ہو جائیں گے کیونکہ (۱) اوّل مذکورہ قیود خداوند تعالیٰ کی بڑھائی ہوئی ہیں اور ''عند الذبح'' کی قید بعض مفسرین کی بڑھائی ہوئی قید ہے۔

(۲) دوسرے مذکورہ قیود تعلیق پر دلالت کرنے کی وجہ سے علت کے ساتھ زیادہ مشابہ ہیں اور ''عند الذبح'' کی قید صرف ظرف زمانی ہے کہ زمانی اقتران کو چاہتی ہے نہ کہ علیت کو۔

بالجملہ احکام شرعیہ یعنی حلت و حرمت وغیرہ اور حلال و حرام چیز کے اوصاف کے درمیان ضروری طور پر علیت اور معلولیت کا رابطہ ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو کہ حکم ایک اثر ہے کہ اس کیلئے موثر کا ہونا ضروری ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ مؤثر وہی علت ہوتی ہے نہ کہ اور کوئی۔ علاوہ بریں حکم پر حکم کا اطلاق اور اس دین پر حکمت کا اطلاق اسی ربط پر نظر رکھنے کی وجہ سے ہے۔

## حکم پر حکم کے اطلاق اور اس دین پر حکمت کے اطلاق کی تفصیل

اور یہ حکم بھی بغیر کسی شرط کے پیروی کرنے کا ہوا ہے۔ افعال میں سے کسی خاص فعل اور اخلاق میں سے کسی خاص خلق کی قید نہیں ہے۔ اور یہ بھی طے شدہ ہے کہ جب صلہ کو بغیر قرینہ کے خلاف کرتے ہیں جیسا کہ ''اللہ اکبر'' میں اکبر کے صلے کو حذف فرما دیا ہے تو یہ حذف تعمیم کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی (اکبریت) کسی ایک شخص ہی کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ ہر ایک کے اعتبار سے ہے۔ پس لازم آیا کہ دوسرے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی اس عیب سے مبرا ہوں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس کے علاوہ (اس) آیت میں: ''خدا غیب ﴿پوری آیت یہ ہے: ''اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ'' (پارہ ۷، سورۃ الانعام، رکوع نمبر ۱۰، مترجم﴾ کا جاننے والا ہے کہ کسی کو اپنے پر مطلع نہیں کرتا سوائے کسی رسول ﴿اس آیت کے منشاء سے حضرت قاسم العلوم نے یہ اجتہاد کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کسی رسول کو اس پر غیب ظاہر کرنے کے لئے مطلقاً چن لینا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ہر رسول اپنے انتخاب کے باعث صغائر اور کبائر گناہ سے پاک ہوتا ہے جب ہی تو اس کو منتخب کیا گیا ہے اور کسی خاص وصف میں چن لینے کا ذکر نہیں کیا گیا۔ لہٰذا ہر ایک رسول اپنے افعال میں پاک ہوتا ہے۔ مترجم﴾ کے جس کو اس نے چن لیا''۔

فعل ''اِرتضٰی'' کی (آیت بالا میں) فاعل ضمیر ہے جو خدائے تعالیٰ کی طرف لوٹتی ہے اور مفعول کی ضمیر جو کہ ''مَن'' کی طرف (آیت بالا میں) راجع ہے یعنی ارتضاہ میں (ہ) وہ محذوف کردی گئی۔ پھر فعل ''ارتضٰی'' کو کسی شرط کے بغیر مطلق رکھا ہے۔ یعنی یہ نہیں فرمایا ہے کہ اعمال یا اچھے عادات کے باعث یا اس امر میں اور اس اُمر میں چُن لیا۔ اور ان سب کے بعد ''من رسول'' فرمایا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ''مِن'' مذکورہ بالا آیت کے جز ''من رسول'' میں چنے جانے والے شخص کے لئے بیان ﴿من ارتضٰی میں شبہ ہوتا ہے کہ اللہ نے کس کو چنا یا اللہ کس کو چن لیتا ہے من کے ذریعہ اس شبہ کو دور کردیا گیا یعنی وہ چنا ہوا کوئی رسول ہوتا ہے۔ لہٰذا اس مَن کو جس کے ذریعہ پہلے الفاظ میں ابہام کو کھول کر بیان کیا جائے ''من'' بیانیہ کہا جاتا ہے اور جس کا ''من'' بیان بنتا ہے اس کو مبین کہا جاتا ہے، اس آیت میں ''من ارتضٰی'' مبین اور ''من رسول'' بیان ہے۔ عربی میں ''من'' کے معنی بعض کے بھی آتے ہیں جس کو من تبعیضیہ کہا جاتا ہے۔ جیسے منهم من كلم الله۔ مترجم﴾ کے لئے ہے نہ اس کے سوا کسی اور چیز یعنی تبعیض کے لئے۔ لہٰذا ضرور ہوا کہ رسولوں کے تمام رُوحانی عناصر خدا تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جیسا کہ سونے اور چاندی کو کسوٹی پر رگڑ کر دیکھتے ہیں تا کہ کھرا اور کھوٹا معلوم ہو جائے، اسی طرح روحانی عناصر یعنی عادات، خصائل اور رُوحانی قوتوں کا اعمال کے ذریعے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

امتحان کرتے ہیں، تا کہ اچھے کی برے سے تمیز ہو جائے، چنانچہ خود فرماتے ہیں:

''تا کہ ﴿سورۂ ملک پارہ نمبر ۲۹، رکوع نمبر ا، میں پوری آیت اس طرح ہے: ''تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ O نِ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔'' (سورۂ الملک، آیات، ۱، ۲) برکت والی اللہ کی ذات کہ اس کے قبضے میں ملک ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ آزمائے تم میں سے عمل کے اعتبار سے کون زیادہ اچھا ہے۔ مترجم ﴾ تم کو آزمائے کہ تم میں کون عمل کے اعتبار سے اچھا ہے۔'' (قرآن)

اور ظاہر ہے کہ عطاء و بخشش سخاوت کے ملکہ کی علامات میں سے ہے اور جنگ جوئی، جنگ میں بہادری کی علامات میں سے ہے۔ اسی طرح تمام افعال، پوشیدہ اخلاق اور قوتوں کی علامات میں سے ہوتے ہیں اور ان افعال اور آثار کو ان اخلاق اور ملکات کیساتھ وہی نسبت ہے جو کہ کسوٹی کی لکیروں کو سونے اور چاندی کے ساتھ۔ پس جیسا کہ سونے اور چاندی میں، اسی سونے اور چاندی کی قدر و قیمت ہوتی ہے نہ کہ ان لکیروں کی اور اصلی اور پسندیدہ مقصد سونا اور چاندی ہی ہوتے ہیں نہ کہ وہ لکیریں۔ بلکہ وہ لکیریں سونے اور چاندی کی اچھائی اور برائی کو صرف ظاہر کرنے والی ہوتی ہیں۔ نہ کہ اصل مقصد اور محبوب اور مطلوب و مرغوب ہوتی ہیں۔ اسی طرح سے دین کا قصہ ہے۔ اصل محبوب اور مقصود اور مطلوب اچھے اخلاق ﴿اس لئے کہ اعمال اچھے اخلاق سے صادر ہو سکتے ہیں۔ اگر اخلاق اچھے نہ ہوں گے جو اعمال کا منبع اور سرچشمہ ہیں تو ان سے اچھے اعمال سرزد نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا مقصود اعلیٰ اخلاق ہیں نہ کہ اعمال۔ مترجم﴾ ہیں۔ نہ کہ اعمال اور آخرت کے بازار میں دراصل انہی اخلاق کی قدر و قیمت ہوگی نہ کہ ان اعمال کی۔ یہ اعمال تو ان اخلاق اور عادات کو ظاہر کرنے والے ہیں نہ کہ بذات خود محبوب اور پسندیدہ ہیں۔ اس صورت میں ضروری ہے کہ پیغمبروں کے تمام اخلاق عادات اور قوتیں خدا تعالیٰ کو پیاری اور پسندیدہ ہوں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ بعض تو ان

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میں سے پسندیدہ ہوں اور ان میں سے بعض مرضی کے خلاف ہوں۔ ورنہ ارتضی کا مطلق ہونا بیکار ہو جاتا ہے۔ مگر تمہیں معلوم ہے کہ اس صورت میں چھوٹے اور بڑے گناہوں سے انبیاء کا پاک ہونا ضروری ہے۔ اور ارتضٰی کے بعد ''من رسول'' کو لا کر کہ اس میں ''من'' بیانیہ لائے ہیں۔ اس مطلب کو بیان فرمایا ہے کہ جو شخص بھی خدا کا پسندیدہ ہوگا اس کا رسول ہونا ضروری ہے۔

سب نے سمجھ لیا ہوگا کہ انبیاء کے سوا کسی کو بھی گناہ سے پاک ہونے کے ساتھ خواہ گناہ چھوٹا ہو یا بڑا متصف نہیں کر سکتے کہ اس سے گناہ کا صادر ہونا ممکن نہ ہو۔

مگر میری غرض گناہ کے صادر ہونے سے یہ ہے کہ گناہ کا منبع یعنی وہ قوت کہ اس کا تقاضہ گناہ ہوتا ہے خمیر میں ہو نہ یہ کہ گرم پانی کی مانند کہ باہر کی گرمی اس کی اپنی ذات کو لگ سکتی ہے بیرونی گناہ سے وہ ملوث نہیں ہو سکتا۔ ہاں گناہ کے انبیاء کو لگ جانے کے ممکن ہونے کے باوجود انبیاء کو گناہ کے چھو جانے سے محفوظ رکھتے ہیں۔

چنانچہ فرمایا ہے:

''اسی ﴿یہ آیت یوسف علیہ السلام کے قصے میں اس مقام سے ہے جبکہ عزیز کی بیوی زلیخا نے یوسف علیہ السلام سے اپنی خواہش پوری کرنے کا اِرادہ کیا۔ پوری آیت یہ ہے: ''وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰبُرْهَانَ رَبِّهٖ ط كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ الْفَحْشَآءَ ط اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ''(سورۂ یوسف، آیت ۲۴)۔ ترجمہ: ''اور عزیز کی عورت نے یوسف علیہ السلام کے ساتھ اِرادہ کیا اور یوسف علیہ السلام بھی اِرادہ کر لیتے اگر اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے اسی طرح تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو پھیر دیں۔ بے شک وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے تھا۔'' (تفصیل) جس عورت نے یوسف علیہ السلام کو اپنے لئے پھسلانا چاہا وہ عزیز مصر کی بیوی تھی۔ عزیز مصر کے جلوداروں کے سردار کا لقب ہوتا تھا۔ عزیز مصر کا نام فوطی فار تھا۔ اس کی بیوی کا نام راعیل یا زلیخا تھا۔ اس وقت بادشاہ مصر ریان بن ولید تھا۔ یورپین مؤرخین نے اس کا نام ای پونس (E.Ponas) لکھا ہے۔ عربی والوں نے عزیز مصر کے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نام فوطی فار کو اطفیر یا قطفیر سے بدل کر معرب کر لیا۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی زلیخا سے شادی کے بارے میں قرآن و حدیث اور بائبل سب خاموش ہیں۔ البتہ اون کا رہنے والا ایک مذہبی پیشوا جس کا نام فوطی فرع تھا جو نام فوطی فار سے ملتا جلتا ہے اس کی بیٹی آس ناتھ نامی سے حضرت یوسف علیہ السلام کی شادی ہوئی۔ اس کے پیٹ سے یوسف علیہ السلام کے دو لڑکے پیدا ہوئے۔ ایک کا نام منسّی یا منسّایا اور دوسرے کا نام فرائیم تھا۔ توریت میں ہے کہ منسی نام اس لئے رکھا کہ خدا نے میری مصیبت فراموش کردی اور فرائیم نام اس لئے رکھا کہ خدا نے مجھے ثمر دار بنایا۔ الحاصل عزیز مصر کو معزول کر کے ریان نے حضرت یوسف علیہ السلام کو وزیر خزانہ بنایا۔ مترجم ﴿طرح تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو پھیر دیں۔ بے شک وہ ہمارے بااخلاص بندوں میں سے تھا۔ (قرآن کریم)

مگر یہ کہ گناہ کی بعض قسمیں برائی اور بے حیائی سے باہر ہوتی ہیں۔ تاہم یہ آیت انبیاء کو گناہ چھو جانے پر دلالت کرتی ہے ورنہ گناہ کا نبی سے پھیر دینے کا کیا مطلب ہوسکتا ہے اور یہی آیت انبیاء کے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔ ورنہ گناہ کا نبی سے پھیر دینے اور ہٹا دینے کا مقصد فوت ہو کر رہ جاتا ہے۔ بہرحال مذکورہ معنی میں گناہوں سے پاکی صرف انبیاء کے ساتھ خاص ہے۔ اولیاء کو ان انبیاء کے ساتھ اس صفت معصومیت میں شریک نہیں کہہ سکتے۔ جیسا کہ آیت: (ذیل)

"نہیں ہیں اس اللہ کے دوست مگر پرہیز گار لوگ"

کہ اولیاء کی تعریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اس معنی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

## تفصیل اجمال

تفصیل ایں اجمال اینکه "متقون" صیغه اسم فاعل است و ضمیرش راجع سوئے اولیاء و مفعولش هرچه باشد . محذوف . لیکن حاصل اتقا همیں اجتناب از معاصی و غیر مرضیات بود. زیں بعد بشنو که حاصل متقی ایں ست که موصوف بوصف اتقا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مبنی للفاعل باشد. وپیداست که تحقق اتقا مبنی للفاعل برتعدی الی مفعول ضرور نیست.و ایں بداں‌ماند که در ایام برشکال مثلاً وقت رفتار خود را از افتادن بازمیدارند و باایں همه گاهی پای رونده می لغزدو از پای افتد. و بریں بناء بدیگراں میگویند که من هر چند خود را از افتادن نگاهداشتم مگر نتوانستم.

غرض ازیں تعریف که در کلام اللہ مذکور شد عدم امکان صدور معاصی نمی برآید. آری بشهادت همچو آیت:" يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ." (سورہ ابراہیم،۲۷) محفوظ ماندن اوشاں از معاصی می برآید. زیراکه اطلاق اٰمَنُوْا اشاره به کمال ایمان می کند. فرموده اند.

"المطلق یراد به الفرد الکامل"

و پیداست که کمال ایمان با ولایت د مساز است بآزبای ،استعانت در بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ" بریں امر دلالت دارد... که آنچه براں ثابت میدارند آں چیز دیگر ست.

لیکن پیداست که آنچه در تحققش قول ثابت یعنی

" لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ "

را دخل است ، همیں طاعت و تقویٰ است . نظر بریں اگر گویند که مؤمناں کامل را به برکت.

" لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ "

برطاعت و تقویٰ ثابت میدارند، بجا ست. و ظاهر ست که ایں وقت محفوظیت از معاصی ضرور است.

باقی وجه تخصیص معصومیة بهر انبیاء و محفوظیت بهر اولیا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بآنکه هر دو متحد المفهوم می نمایند در خور این عجاله نیست ورنه ان شاء الله دریں باره هم چیزی رقم میزدم.

## اِجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ "متقون " اسم فاعل کا صیغہ ہے اور اس کی ضمیر اولیاء کی طرف راجع ہے۔ اور اس کا مفعول جو بھی ہو محذوف ہے لیکن تقویٰ کا حاصل یہی گناہوں اور اللہ کی ناپسندیدہ باتوں سے بچنا ہے۔

اس کے بعد سنئے کہ متقی کا خلاصہ یہ ہے کہ تقویٰ سے متصف شخص ہو۔ اور ظاہر ہے کہ تقویٰ کا پایا جانا فاعلی صورت میں مفعول کی طرف متعدی ہونے پر موقوف نہیں ہے۔

اور یہ اسی کے مانند ہے کہ برسات کے موسم میں مثلاً چلتے پھرتے وقت لوگ اپنے آپ کو گر پڑنے سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود کبھی گذرنے والے کا پاؤں پھسل جاتا ہے اور وہ گر پڑتا ہے اسی بناء پر دوسروں سے گرنے والا کہتا ہے کہ میں نے اپنے آپ کو گر پڑنے سے محفوظ رکھنے کی بہت کوشش کی

﴿کوشش کے باوجود متقیوں سے گناہ کے ٹپک پڑنے کی جو تشبیہ حضرت قاسم العلوم نے دی ہے وہ علمی دُنیا میں اہل تقویٰ کی وکالت کا بہترین اور ان کی پوزیشن کا اعلیٰ ترین سرمایہ ہے۔ اس مثال نے متقین کی حالت کا صحیح نقشہ ہمارے سامنے پیش کر کے علمی حجاب اُٹھا دیا ہے۔ مترجم﴾ مگر محفوظ نہ رکھ سکا۔ غرض اس تعریف سے کہ جو کلام اللہ میں ذکر کی گئی ہے (اولیاء سے) گناہوں کے صادر ہونے کا ممکن نہ ہونا نہیں نکلتا ہے۔ ہاں اس آیت کی شہادت کی بناء پر

"ثابت ﴿پارہ نمبر ۱۳، سورۂ ابراہیم، رکوع نمبر ۴) قول ثابت سے مراد کلمہ " لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" ہے۔ اس کلمے کے پڑھنے والے اور اعتقاد رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں کفر کی لغزش سے بچا کر ایمان پر قائم رکھتا ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے: اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَنْ لَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا۔ دونوں آیتوں کا ثمرہ ایک ہی ہے۔ مترجم﴾ رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے قول ثابت (یعنی لا اِلٰہ الا اللہ)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے ذریعہ، دنیا اور آخرت کی زندگی میں۔"

ان اولیاء کا گناہوں سے محفوظ رہنا ظاہر ہوتا ہے کیونکہ امنوا کا مطلق ہونا کامل ایمان ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے جیسا کہ علماء نے فرمایا ہے کہ:

"مطلق ﴿یہ اہل علم کا ایک مسلمہ اُصول ہے کہ جب کسی جنس یا چیز یا شخص کو تحریر یا تقریر میں مطلق طور پر بولا جاتا ہے تو اس سے اس کا سب سے اعلیٰ فرد مراد لیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر نجم بولا جائے تو اس کا فرد کامل یعنی آفتاب مراد لیں گے۔ اسی طرح اگر جنگل کے کسی بہادر جانور کا ذکر مطلق طور پر کیا جائے تو اس کا فرد کامل شیر مراد لیا جائے گا۔ مترجم﴾ بول کر اس سے اس صفت کا کامل فرد مراد ہوتا ہے۔"

اور ظاہر ہے کہ ایمان کا کمال ولایت کے ساتھ ساتھ پایا جاتا ہے۔ پھر "بالقول الثابت" میں با جو کہ مدد ﴿عربی اور فارسی میں کئی حروف کئی کئی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ حرف (ب) بھی عربی میں کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ان معانی میں سے ایک معنی حرف (ب) کے ذریعہ مدد حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں۔ جیسے بسم اللہ میں (ب) مدد کے لئے بھی ہو سکتی ہے یعنی اللہ کے نام کی مدد سے میں شروع کرتا ہوں۔ اسی طرح بالقول الثابت میں بآمدد حاصل کرنے کیلئے ہے یعنی قول ثابت کی مدد سے۔ مترجم﴾ طلب کرنے کے لئے اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ (اللہ تعالیٰ اولیاء کو) جس چیز پر ثابت قدم رکھتے ہیں وہ اور ہی چیز ہے۔

لیکن ظاہر ہے کہ وہ چیز جس کے پائے جانے میں قول ثابت یعنی:

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ"

کو دخل ہے، یہی بندگی اور پرہیزگاری ہے۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے کہ اگر کہیں کامل مؤمن لوگوں کو "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" کی برکت سے بندگی اور پرہیزگاری پر ثابت رکھتے ہیں تو درست ہے اور ظاہر ہے کہ اس وقت گناہوں سے حفاظت ضروری ہے۔

باقی انبیاء کے لئے معصوم ہونے کی خصوصیت اور اولیاء کے لئے حفاظت ﴿عصمت، انبیاء کے لئے اور حفاظت اولیاء کے لئے ہونے کو علماء نے اس طرح واضح کیا ہے کہ برائی کو انبیاء سے دُور رکھنے کا نام عصمت ہے اور متقیوں کو برائی سے دُور رکھنے کا نام حفاظت ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

گویا عصمت میں برائیوں کو معصوم سے دُور رکھا جاتا ہے اور حفاظت میں محفوظ کو برائیوں سے دُور رکھا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں تعبیر کیا جائے کہ انبیاء اِرادہ کرتے ہی نہیں اور اولیاء ارادہ کرلیں تو حفاظت کی جاتی ہے لیکن اگر لغزش ہونے لگے تو بچتے بچتے پاؤں پھسل سکتا ہے۔ لیکن انبیاء کا پاؤں پھسل نہیں سکتا ان کو تھام لیا جاتا ہے۔ یہ میری ذاتی رائے ہے جو میں نے بعض اولیاء کے پائے ثبات میں لغزش سے واقفیت کی بناء پر ظاہر کی ہے۔ مترجم﴾ کی تخصیص، باوجود یکہ دونوں کا مطلب ایک ہی معلوم ہوتا ہے۔ اس خط میں (اس مضمون کے لکھنے کی گنجائش نہیں۔ ورنہ اِن شاء اللہ اس بارے میں بھی کچھ لکھتا۔

## شبہ

**باقی ماند اینکه این جرائم مسلم الثبوت از کجا خاستند اگر ماده مذکور نبود صدور جرائم محال بود.**

## شبہ

باقی رہی یہ بات کہ یہ دلیل سے مانے ہوئے جرائم کہاں سے پیدا ہو گئے جبکہ مادہ مذکورہ گناہ کا نہ تھا تو جرائم کا صادر ہونا محال تھا۔

## جواب

**جوابش اینست که افعال را روبدو سواست. (۱) یکے نیت و مبادی آں که آنرا مصدر افعال تواں گفت. (۲) دوم پیکر و هویات آں مظهر آں تواں خواند لیکن پیداست مصدر و مظهر را بیک وتیره نداشته اند یک فعل بیک مظهر میباشد. و انواع نیات بلکه مدارج یک نوع هم ازاں متفاوت. اندریں صورت میتواں شد که پیکری و مظهری دریوزه گر مصادر شتی باشد.**

**هاں ازیں قدر انکار نتواں کرد که بعض مظاهر ارتباط طبعی یا**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بعض مصادر دارند. و ازیں جهت در صورت صدور آں ازمصدر دیگر بیننده را بغلط اندازد و خود با مصدر دیگر سازد. مثلاً

پیکرِ صلوٰة اعنی ایں صورت خاصه از رکوع و سجود علاقه طبعی با مصدر خاص که اخلاص است میدارد. و بایں همه با مصادر دیگر اعنی نیات فاسده نیز گاهے خود را می سپارد. و از زیر پردهٔ نیات دیگر مثل ریا و سُمعه سرمی برآرد. لیکن بوجه هماں علاقه طبعی که مذکور شد در بادی النظر بر اخلاص که عین تعبد ست محمول میشود. همیں است که در حق منافقاں سرمایهٔ اطمینان و امن شدورنه در کفر اوشاں چه کمی بود که آب تیغ جند الله نچشیدند.

همیں طور بعض پیکر و هیاکل بعض افعال را مثل سَبّ و شتم و نقصان مال و جان و دست و گریبان شدن یکے به دیگری و دروغ و امثال آں را علاقه خاص باعصیان است. گو گه و بیگاه مصدر آنها چیزی دیگر شده باشد. مقاتله جهاد و کشت و خون فساد و عناد هر چند هم رنگ یک دیگراند لیکن بوجه آنکه ایں قصد را باعناد و فساد اتحادی ست طبعی گو دستاویز بغض فی الله و مظهر اطاعت نیز میتواں شد. همیں است که بسیاری از انسان صورتاں جهاد را ظلم و ستم انگاشته دل از حقیقت دین اسلام برداشته اند.چوں ایں مقدمه ممهد شد.سخن دیگر که هم ازاں سرمی زند باید شنید. بحکم

" اِنَّما الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ " (حدیث)

"اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَ اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ اَوْ کَمَاقَالَ " (حدیث)

مدار اعتبار کاروبار بنی آدم بر مصادر اعنی نیات و مبادی آں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

خواهدبود. حُسن یا قبحی که در ذات افعال ودیعت نهاده اند ازاں حساب نخواهند فرمود. اندریں صورت نوعی از حسن و قبح از طرف مصادر سوی مظاهر خواهد آمد ولا جرم آں حسن و قبح در حق مصادر لازم ذات و در حق مظاهر عارض خواهد بود.

پس اگر مصادر آں قبیح بالذات و مذموم حضرت رفیع الدرجات است مثل حجود و عناد و تکبر و هوا و هوس آں را گناه باید پنداشت و هرچه مصادر آں حسن بالذات و محمود خالق کائنات است اگر از قسمتی است که آں را علاقۂ طبعی با مصادر قبیحه و ذمیمه است بدو حال متصور است

(۱) یکی آنکه غلط فهمی باعث تحرک اخلاق حمیده گشته که ایں پیکر بداں و وابسته است آنرا خطای اجتهادی باید گفت.

(۲) دوم آنکه غلط فهمی را در ایں سلسله مداخلتی نباشد ایں قسم را زلات باید خواند.

مثال اَوّل مناقشه حضرت موسٰی علیه السلام با حضرت هارون علیه السلام و حضرت خضر علیه السلام است.

و مثال ثانی معامله برادران یوسف علیه السلام بادشاں و قصه گریختن حضرت یونس علیه السلام می نماید چه مصدر ایں حرکات و باعث صدور آں از اخوان یوسف علیه السلام محبت دنیا نبود.

جمله لَیُوْسُفُ وَ اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰی اَبِیْنَا "

خود بریں قدر گواه است. که باعث ایں حرکات عنایات حضرت یعقوب علیه السلام بود. و ظاهر است که حضرت یعقوب علیه السلام از ملوک روزگار یا امراء وقت و سردار نبودند که

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عنایات اوشاں بحال یوسفِ علیه السلام موجب حصول مناصب دنیوی میشد و ازیں باعث عرق حسد برادراں بجوش می آید. فی ، بلکه توجه حضرت یعقوب علیه السلام مورث برکات دینی بود. و موجب حصول مقاصد یقینی . زیں باعث برادراں اوشاں راحسد از دل سرزد. و میدانی که حسد از لوازم محبت و آثار آنست هر قسم محبت که باشد پس اگر محبت دنیوی ست حسد نیز لازم و در حکم و اعتبار تابع آں خواهد بود. و اگر محبت خدا وندی ست هم چناں حسد آں بهماں حساب شمرده خواهد شد.

بالجمله ایں رشک اوشاں از آثارِ محبت خدا وندی می نماید. آری پیکر نازیبا در برگرفته. ظاهر بیناں ایں را جریمه خوانند و مرتکباں را گناهگار انگارند. و بنده گمنام ایں را از قسم زلات می شمارد. و همیں است که مغفورشدند. ورنه فساد ذات البین را حالقه فرموده اند و ازیں جا معنی

"لَا حَسَدَ اِلَّا فِیْ اِثْنَیْنِ"

پیدا شده باشد. وهم هویدا شده باشد که در ایں حدیث حسدبه معنی خود ست. حاجت آں نیست که به معنی غبطه گیرند.

مگر غرضم نه آنست که کاربند ایں قسم حسد هم باید شد. وبزدوکوب و ایذاء رسانی باید پرداخت . فی، بلکه مرادم آنست که ایں قسم حسد که از آثار محبت خدا وندی است و در عروضش برطبع کسے را اختیار نیست . بذات خود مذموم نیست.

ازیں جا دریافت کرده باشی که جرم چیزی دیگر است و زله و خطاء اجتهاد چیزے دیگر. بلحاظ پیکر یکی را از قسم دیگر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شمردن نشاید. وهمدریافته باشی که کذب وغیره کی منشاء آن همیں حسد متفرع بر محبت خدا وندی شده باشد در حکم و اعتبار و شمارهماں حسد خواهد بود. اندریں صورت کذبات اخوان یوسف علیه السلام را جرم نباید گفت زلة باید خواند.

باقي وجه تسمیه هم ازیں بیان خواهی دریافت لیکن ایں قدر باید نوشت که در صورتی که مصدر گناه صغیره باشد یا کبیره هماں ماده شیطانی شد. چه پیش آمد که اکابر دین امتناع کبائر پس و پیش نبوة برابر شمردند و صغائر را مخصوص بزمانهٔ پس نبوة داشتند مقتضای اتحاد منشاء آں بود که هر دو یکساں می بودند.

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ افعال کا رخ دو چیزوں کی طرف ہوتا ہے۔

(۱) ایک تو نیت اور اس کی ابتدائی باتوں کی طرف کہ ان کو افعال کا مصدر کہہ سکتے ہیں۔(۲) دوسرے۔ اس فعل کا وجود اور اس کی جزئی صورتیں کہ اس کو مظہر کہہ سکتے ہیں۔لیکن ظاہر ہے کہ فعل کے صادر ہونے کی جگہ اور اس کے ظاہر ہونے کی جگہ کو ایک ہی طور پر نہیں رکھا ہے۔ایک فعل کا ایک ہی مظہر ﴿کسی اچھے یا برے فعل کے صادر ہونے کے سبب یا جگہ کو مظہر کہا گیا ہے۔ مثلاً نماز پڑھنے کا مصدر خلوص ہوتا ہے۔گویا نماز کا سبب یا مظہر خلوص ٹھہرا۔ہاں بعض اوقات کسی اچھے یا برے فعل کے ظہور میں آنے کے نیت کے اعتبار سے کئی مظہر اور مصدر بھی ہو سکتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص کسی کو کوئی وجہ یعنی دشمنی، حسد اور غیرت و ناموس کے باعث قتل کرتا ہے تو قتل کے کئی سبب یا مظہر ہوں گے جو مختلف نیتوں کے باعث قتل کے مصدر بن سکتے ہیں۔مترجم﴾ ہوتا ہے اور نیتوں کی مختلف قسمیں بلکہ ایک ہی قسم کی نیت کے مختلف درجے بھی اس کی وجہ سے مختلف ہوتے ہیں۔اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ معصیت کا ایک مجسمہ اور ایک مظہر گناہ کے متعدد دروازوں کا سوالی ہو۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہاں اتنی بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ گناہوں کے بعض مظاہر بعض مصادر سے طبعی ربط رکھتے ہیں۔ اور اس سبب سے اس کا دوسرے مصدر سے صادر ہونا دیکھنے والے کو غلطی میں ڈال دیتا ہے۔ خود دوسرے مصدر کے ساتھ موافقت کر لیتا ہے۔ مثلاً نماز کا ڈھانچہ یعنی یہ خاص شکل جس میں رکوع اور سجدہ ہے خاص مصدر کے ساتھ جو کہ اخلاص ہے طبعی تعلق رکھتا ہے۔ اور ان تمام کے باوجود نماز کبھی فاسد نیتوں کی جگہ سے بھی صادر ہوتی ہے۔ اور دوسری نیتوں مثلاً ''ریاء کاری اور دکھاوے کی نیت'' کے ماتحت بھی ظہور میں آتی ہے۔ لیکن اسی طبعی تعلق کی وجہ سے جس کا ذکر ہوا، ظاہری نظر میں اخلاص پر مبنی سمجھی جاتی ہے جو کہ ہو بہو عبادت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ منافقوں کے حق میں (یہ ریا کاری کی نماز) اطمینان اور امن کا سبب بن گئی ورنہ ان کے کفر میں کیا کمی تھی کہ اللہ کے لشکر کی تلوار کی آب نہ چکھتے۔

اسی طرح پر بعض افعال کی شکلیں اور ڈھانچے مثلاً گالم گلوچ، مال و جان کا نقصان، ایک کا دوسرے سے لڑنا جھگڑنا اور جھوٹ اور اسی طرح کی دوسری چیزوں کا گناہ کے ساتھ خاص تعلق ہے۔ اگرچہ کبھی کبھی ان کے صادر ہونے کا سبب دوسری باتیں بھی ہوں۔ جہاد کی جنگ اور فساد اور دشمنی کا خون خرابہ ہر چند ایک دوسرے کی شکل جیسے ہیں لیکن اس وجہ سے کہ اس ارادے کو دشمنی اور فساد کے ساتھ طبعی اتحاد ہے گو اللہ کے لئے دشمنی کا وسیلہ اور اطاعت خداوندی کے مظہر بھی ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے انسان کی شکل رکھنے والے لوگ جہاد کو ظلم و ستم خیال کر کے دل کو اسلام کی حقیقت سے انہوں نے ہٹا لیا ہے۔ جب اس مقدمہ کی تمہید بیان ہو چکی تو دوسری بات بھی جو اس سے نکلتی ہے سنی چاہیے۔ بحکم (حدیث)

''سوائے ﴿ یہ مشہور حدیث ہے جس کو بعض علماء نے تواتر کا درجہ دیا ہے اور جو صحت کے اعتبار سے یقین کا مرتبہ رکھتی ہے۔ پوری حدیث یہ ہے: ''عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَ اِنَّمَا لِامْرِءٍ مَانَوىٰ فَمَنْ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى الدُّنْيَا يَصُيْبُهَا اَوِ امْرَاةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَاهَاجَرَ اِلَيْهِ "(بخاری ومسلم) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اعمال (کے ثمرات) نیتوں پر ہیں اور اس کے سوانہیں کہ آدمی کو وہی ملے گا جو اس نے نیت کی۔ پس جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہوئی تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے یا کسی عورت سے نکاح کے لئے ہوئی تو اس کی ہجرت اسی کے لئے ہے جس کے لئے ہجرت کی۔ مترجم﴾ اس کے نہیں کہ اعمال نیتوں پر ہیں"۔

اور "بے شک اللہ تمہاری صورتوں اور اعمال کو نہیں دیکھتا لیکن اللہ تمہارے دِلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔ یا جیسا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا۔"

آدمی کے کاروبار کے اعتبار کا دارو مدار، مصادر یعنی نیتوں اور اس کے مبادی پر ہوگا۔ کوئی اچھائی یا کوئی برائی کہ افعال کی ذات میں امانت رکھی ہے اس کا حساب نہیں فرمائیں گے۔ اس صورت میں ایک قسم کی اچھائی یا برائی مصادر کیطرف سے مظاہر کی طرف ضرور آئے گی۔ اور ضروری طور پر وہ اچھائی یا برائی مصادر کے حق میں لازم ذاتی اور مظاہر کے حق میں لازم عارض ہوگی۔

پس اگر اس فعل کے صادر ہونے کے مقامات ذاتی طور پر برے ہیں اور بلند درجات والی ذات کی بارگاہ میں بُرے ہیں جیسا کہ انکار، گھمنڈ اور خواہش نفسانی تو ان کو گناہ سمجھنا چاہئے اور اگر اس کے صادر ہونے کے مقامات ذاتی طور پر اچھے اور کائنات کے خالق کے نزدیک پسندیدہ ہیں تو اگر اس قسم سے ہے کہ اس کو برے مصادر کیساتھ طبعی طور پر تعلق ہے تو دو حال سے تصور کیا گیا ہے۔

(۱) ایک تو یہ کہ غلط فہمی اخلاق حمیدہ کو حرکت میں لانے کا باعث بنی کہ یہ ڈھانچہ اس کے ساتھ وابستہ ہے اس کو اجتہادی غلطی کہنا چاہئے۔

(۲) دوسرے یہ کہ غلط فہمی کو اس سلسلے میں کوئی دخل نہ ہو۔ اس قسم کو لغزش کہنا چاہئے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پہلے کی مثال موسیٰ علیہ السلام کا حضرت ہارون علیہ السلام ﴿موسیٰ علیہ السلام کا ہارون علیہ السلام کے ساتھ مناقشہ وہ ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام چالیس روز کے بعد کوہِ طور سے واپس ہوئے اور قوم نے سامری کے بنائے ہوئے بچھڑے کو پوجنا شروع کر دیا تو موسیٰ علیہ السلام طیش میں آ گئے اور اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کی داڑھی پکڑ لی اور ان سے کہا کہ میرے بعد تم قوم کو قابو میں نہ رکھ سکے۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کے الفاظ کو قرآن کریم میں اس طرح ادا کیا گیا ہے:

"قَالَ یٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَکَ اِذْ رَاَیْتَهُمْ ضَلُّوْٓاO اَلَّا تَتَّبِعَنِ. اَفَعَصَیْتَ اَمْرِیْO قَالَ یَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْیَتِیْ وَلَا بِرَاْسِیْ. اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِیْ" (پارہ نمبر ۱۶، سورۂ طٰہٰ، آیات ۹۲ تا ۹۴، رکوع نمبر ۵)

**ترجمہ:** موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے ہارون تجھے میرے پاس آنے سے جب لوگ گمراہ ہو گئے تھے کس نے روکا کیا تم نے میری حکم عدولی کی۔ ہارون (علیہ السلام) نے کہا اے میرے ماں کے جائے میری داڑھی اور سر کے بال نہ پکڑ مجھ کو یہ اندیشہ ہوا تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا۔"﴾ اور حضرت خضر علیہ السلام ﴿خضر علیہ السلام کے باہم مناقشے کا قصہ قرآن کریم میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ حدیث میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو نہایت مؤثر اور بیش بہا نصیحتیں فرما رہے تھے۔ ایک شخص نے پوچھا اے موسیٰ کیا روئے زمین پر آپ اپنے سے بڑا عالم کسی کو پاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کو ان کے یہ الفاظ پسند نہیں آئے۔ وحی آئی کہ جس جگہ دو دریا ملتے ہیں وہاں ہمارا ایک بندہ (خضر علیہ السلام) ہے جو تم سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو کائنات کی جزئیات کا اپنے پاس سے علم دیا تھا اگرچہ شریعت کا علم موسیٰ علیہ السلام کو زیادہ تھا۔ بہر حال خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو ان سے موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ کیا میں تمہارے ساتھ رہ کر کچھ سیکھ سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر سے کام نہیں لے سکتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا مجھے آپ صابر پائیں گے اور میں کسی معاملے میں نافرمانی نہ کروں گا۔ چنانچہ دونوں چل پڑے۔ تا آنکہ ایک کشتی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میں سوار ہو گئے۔تو خضر علیہ السلام نے کشتی کا ایک تختہ توڑ دیا۔موسیٰ علیہ السلام نے کہا" قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۱)" تم نے یہ تختہ توڑ کر کشتی والوں کو ڈبونے کا ارادہ کیا یہ تو عجیب ہی بات کی۔خضر علیہ السلام نے کہا:" قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِیَ صَبْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۲) کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکتے۔موسیٰ علیہ السلام نے کہا" قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۳) پھر دونوں آگے چل پڑے۔ایک لڑکے سے ملاقات ہو گئی۔خضر علیہ السلام نے اس کو قتل کر دیا۔موسیٰ علیہ السلام سے نہ رہا گیا وہ چلا اُٹھے:" قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً م بِغَيْرِ نَفْسٍ ط لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۴) تم نے ناحق ایک پاکیزہ جان کو قتل کر دیا۔یہ تو بڑی نامعقول بات کی۔خضر علیہ السلام نے پھر وہی بات کہی کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکتے۔موسیٰ علیہ السلام نے کہا" قَالَ اِنْ سَاَلْتُکَ عَنْ شَیْءٍ م بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۶) یعنی اس کے بعد اگر میں سوال کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھنا۔پھر دونوں چل پڑے حتیٰ کہ ایک گاؤں کے لوگوں کے پاس پہنچے اور ان سے کھانا مانگا،انہوں نے انکار کر دیا۔وہاں ایک دیوار دیکھی جو گرا چاہتی تھی اس کو خضر علیہ السلام نے سیدھا کر دیا۔موسیٰ علیہ السلام نے کہا" لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا (سورۂ کہف، آیت ۷۷) یعنی اگر آپ چاہتے تو اس پر معاوضہ لے سکتے تھے تاکہ ہم کھانا کھا سکتے۔بالآخر ساتھ ٹوٹ گیا۔یہ ہے وہ مناقشہ جو خضر اور موسیٰ علیہما السلام کا ہوا۔(قرآن کریم، پارہ ۱۵،۱۶۔سورہ کہف) مترجم) ﴾ کے ساتھ مناقشہ ہے۔

دوسرے کی مثال یوسف علیہ السلام ﴿یوسف علیہ السلام کے ساتھ ان کے بھائیوں کا معاملہ لوگوں میں مشہور ہے کہ ان کو کنویں میں ڈال دیا گیا اور ان کو ستایا گیا یہاں تک کہ وہ مصر میں جا کر فروخت ہوئے۔مترجم﴾ کے بھائیوں کا ان کے ساتھ معاملہ اور یونس ﴿یونس علیہ السلام کا معاملہ بھی مشہور ہے کہ انہوں نے قوم کو سمجھایا لیکن انہوں نے تکذیب کی۔بالآخر ان کو عذاب کی دھمکی دے کر چلے گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کا انتظار نہیں کیا۔قوم نے توبہ کی اور عذاب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سے بچ گئے۔ یونس علیہ السلام کو ملاح نے دریا میں ڈال دیا اور ان کو مچھلی نے نگل لیا۔ پھر اللہ کے حکم سے مچھلی نے اُگل دیا۔ مترجم﴾ علیہ السلام کے (قوم کے پاس سے) بھاگنے کا واقعہ معلوم ہوتا ہے کیونکہ برادرانِ یوسف سے ان حرکتوں کا مصدر اور یوسف علیہ السلام کے بھائیوں سے اس سلوک کا صادر ہونا دنیا کی محبت نہ تھی۔ آیت کا حصہ ''البتہ یوسف ﴿یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنی میٹنگ میں کہا ''اِذْقَالُوْا لَیُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓی اَبِیْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ط اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ'' (پارہ نمبر ۱۲، سورہ یوسف، رکوع نمبر ۲، آیت نمبر ۸)۔ مترجم﴾ اور ان کا بھائی (بنیامین) ہمارے باپ کو پیارے ہیں۔''

خود اتنی بات پر گواہ ہے کہ ان حرکتوں کا سبب، حضرت یعقوب علیہ السلام کی عنایتیں تھیں۔ اور ظاہر ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام زمانے کے بادشاہوں یا وقت کے امیروں اور سرداروں میں سے نہ تھے کہ ان کی عنایتیں یوسف علیہ السلام کے حال پر دنیا کے جاہ و منصب کے حصول کا باعث ہوتیں۔

اور اسی سبب سے بھائیوں کے حسد کی پسلی پھڑک اُٹھتی، نہیں، بلکہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی توجہ دینی برکتوں کا سبب اور یقینی مقاصد کے حصول کا باعث تھی۔ اسی سبب سے ان کے بھائیوں کے دل سے حسد نے سر نکالا۔ اور تمہیں پتہ ہے کہ حسد محبت کے لوازمات اور اس کے آثار میں سے ہے خواہ کسی قسم کی بھی محبت ہو۔ پس اگر دنیوی محبت ہے تو حسد بھی لازم ہے اور حکم اور اعتبار میں اس محبت کے تابع ہوگا اور اگر محبت خداوندی ہے تو اسی طرح اس کا حسد اسی حساب میں شمار ہوگا۔

بالجملہ یہ ان کا رشک محبت خداوندی کے آثار میں سے دکھائی دیتا ہے۔ ہاں اس حسد نے نامناسب صورت اختیار کر لی۔ ظاہری دیکھنے والے اس کو جرم کہتے ہیں اور اس فعل کا ارتکاب کرنے والوں کو گنہگار خیال کرتے ہیں۔ اور یہ گمنام (قاسم) اس کو لغزشوں کی قسم سے شمار کرتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ بخشے گئے۔ ورنہ آپس میں فساد کو (حدیث میں) ایمان پر اُسترا پھیرنے والا فرمایا گیا ہے اور یہیں سے اس حدیث کے معنی کہ:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

"نہیں ﴿پوری حدیث یہ ہے" عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاحَسَدَ اِلَّا فِیْ اِثْنَیْنِ رَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ مَالًا فَسَلَّطَہٗ عَلٰی ھَلَکَتِہٖ فِی الْحَقِّ وَرَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ الْحِکْمَۃَ فَھُوَیَقْضِیْ بِھَا وَیُعَلِّمُھَا "(بخاری و مسلم۔ مشکوۃ، کتاب العلم) نہیں ہے حسد مگر دو میں۔ ایک وہ آدمی کہ اللہ نے اس کو مال دیا تو اس کو حق کی راہ میں صرف کیا اور دوسرا وہ آدمی کہ دی اللہ نے اس کو حکمت وہ اس کے ذریعہ فیصلہ کرتا ہے اور اس کی دوسروں کو تعلیم دیتا ہے۔ اس حدیث میں حسد سے غبطہ مراد ہے غبطہ اس کو کہتے ہیں کہ دوسرے کی نعمت کے زوال کی خواہش نہ ہو اور اپنے آپ کو مل جانے کی تمنا ہو۔ لیکن حسد میں دوسرے سے نعمت کے زوال کی خواہش ہوتی ہے خواہ خود کو ملے یا نہ ملے۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والا اور دین سکھانے والا دو ایسے شخص ہیں کہ ان پر غبطہ ہوتا ہے کہ ہم بھی ایسے ہی ہو جائیں۔ مترجم﴾ ہے حسد مگر دو چیزوں میں" ظاہر ہو گئے اور یہ بھی آپ پر واضح ہو گیا ہوگا کہ اس حدیث میں حسد اپنے اصلی معنی میں ہے یعنی دوسرے سے زوال نعمت غبطہ کے معنی کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔

مگر میری غرض یہ نہیں کہ اس قسم کے حسد پر کار بند بھی ہونا چاہئے اور مارنا، پیٹنا اور ایذاء پہنچانے میں مشغول ہونا چاہئے۔ نہیں، بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کا حسد محبت خداوندی کے آثار میں سے ہے اور اس کے طبیعت پر عارض ہونے میں کسی کو اختیار نہیں ہے۔ (یہ حسد) اپنی ذات سے برا نہیں ہے۔

یہیں سے تمہیں پتہ چل گیا ہوگا کہ جرم دوسری چیز ہے اور لغزش اور اجتہادی بھول چوک دوسری چیز ہے ڈھانچے کے اعتبار سے ایک کو دوسری قسم سے نہیں خیال کرنا چاہئے۔ ﴿یعنی یہ حسد جو برادران یوسف علیہ السلام کو پیش آیا، جس طرح بذات خود مذموم نہیں ہے کیونکہ محبت خداوندی کے آثار میں سے ہے اور اس کے پیش آنے میں نفس امارہ کا دخل نہیں ہے لہٰذا برادران یوسف علیہم السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے جو جنگل سے واپس آکر یہ کذب بیانی کی تھی کہ یوسف علیہ السلام کو بھیڑیے نے کھالیا لغزش کہا جائیگا نہ کہ جرم۔ مترجم﴾

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور تم نے یہ بھی معلوم کرلیا ہوگا کہ بھیڑیے کے کھانے کا جھوٹ وغیرہ کہ اس کا منشاء یہی محبت خداوندی پر مرتب ہونے والا حسد ہوا۔ اسی حسد کے شمار اور اعتبار اور حکم میں ہوگا۔ اس صورت میں برادران یوسف علیہ السلام کے کئی دفعہ جھوٹ ﴿کئی دفعہ جھوٹ بولنا یہ کہ باپ سے کہا کہ ہم جنگل میں دیکھنے جارہے ہیں یوسف علیہ السلام کو بھی اسی لئے لئے جاتے ہیں، حالانکہ ان کو قتل کے ارادے سے لئے جارہے تھے۔ دوسرا جھوٹ یہ کہ ان کو بھیڑیا اُٹھا کرلے گیا۔ تیسرے یہ کہ قمیص کو کہیں اور طرح سے خون میں ملوث کر کے دکھایا کہ دیکھئے یہ خون کے دھبے قمیص پر موجود ہیں۔ یہ بھی جھوٹ بولا۔ مترجم﴾ بولنے کو جرم نہیں کہنا چاہئے بلکہ لغزش پکارنا چاہئے۔

باقی وجہ تسمیہ بھی اسی بیان سے تمہیں معلوم ہوجائے گی لیکن مجھے اتنا تو لکھ دینا چاہئے کہ اس صورت میں کہ گناہ کے صادر ہونے کی جگہ خواہ گناہ بڑا ہو یا چھوٹا وہی شیطانی مادہ ہوا۔ آخر کیا ضرورت پیش آئی کہ دین کے بڑوں نے بڑے گناہوں کو تو نبوت سے پہلے اور بعد میں ممتنع ہونے کو برابر خیال کیا اور صغیرہ گناہوں کو نبوت کے زمانے کے بعد خاص رکھا۔ منشاء کے ایک ہونے کا تقاضہ تو یہ تھا کہ دونوں حالتیں برابر ہوتیں۔

## جواب

**در جوابش آنچه بفهم احقر می آید اینست که کبائر بذات خود مقصود می باشند و صغائر ذرائع کبائر می بودند. قبح کبائر به نسبت صغائر ذاتی میباشد و قبح آں عرضی. چه کبائر را بجز یک مصدر معین مصدرے دیگر نمی باشد. و ذرائع رامصادر کثیره می بود. و آنهم بسا اوقات متبدل می شود.**

**همیں است که زنا باهر که باشد ممنوع و بوس و کنار بااولاد خود محمود. ودانی که اندریں صورت کبائر موصوف بالذات و صغائر بالعرض و قابل عروض خواهند بود. قبل عروض اطلاع قابلیت بغایة عسیر مثل اطلاع موصوف بالذات سهل و آشکار ایں**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ست لهذا تحديد حدود كار خدا وند معبودست. نبی راهم اگر این علم میسر می آید بذریعه وحی میسر می آید. و غالباً:

"وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى" (سورۂ ضحیٰ، آیت ۷)

همیں معنی داشته باشد. مگر علم حدود کبائر بایں وجه که بوجه مقصود بودن آں و و باشتهار مذمت آں قرناً بعد قرن. و اتفاق انبیاء دراں روشن تراست. چنداں محتاج وحی نیست. بایں وجه لازم آمد که هم پیش از نبوة وهم بند از نبوة ممتنع باشد.

باقی ماند صغائر چوں آنها در ایں مرتبه اشتهار نمی باشند ونه چناں مقصود و برروی کارگونه اختفاء دراں راه یافت که بی نزول وحی علم بسیارے ازاں در حکم ممتنع باشد. آخر کیست که نمیداند که ممانعت ذرائع زنا که از حدیث و کلام الله می برآید. هرگز بخیال احدی نمی آید. هاں بعضے ازاں مثل کذب که علم بطلان آں طبعی ست. درباره امتناع و انتها انبیاء ازاں محتاج وحی نیست. مگر ایں همه تاهماں دم ست که جریمه باشد. و اگر از قسم زلت بود امتناعش درحق اوشاں ممتنع نمی نماید. هاں ایں قدر صحیح که قوةعلمیه و قوة عملیه از کمالات ذاتیه بلکه اصل آن است و کذب بظاهر دلالت برفساد اَوّل دارد که اشرف است. و بعد اطلاع تعمد کذب در اخبار دنیوی رافع اعتماد مطلق ست پس خدا را چه اُمید که وحی بجنسه خواهد رسانید و بنی نوع راچه یقین که هرچه از خدا آورده بی کم و کاست آورده. بایں وجه کسیکه کذب مقتضائے طبعش بود نبوت را نشاید. لیکن از پاک نهاداں بوقت غلبه مصدر چنانچه صدور کبائر ممکن ست

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

و جملہ "لَوْلَا اَنْ رَّاٰیٰ بُرْھَانَ رَبِّہٖ"

شاھد بران کذب وآنھم بطور زلت بدرجه اُولٰی ممکن باشد. البته کبیره بوجه تعین مصدربطورزلة صادر نتوان شد. زینوجه عصمة لازم افتاد. فقط............ختم شد تقریر عصمت انبیاء علیھم السلام اکنوں حال کلی باید گفت.

## جواب

اس کے جواب میں جو احقر کی سمجھ میں آتا ہے یہ ہے کہ بڑے گناہ بذات خود مقصود ہوتے ہیں اور چھوٹے گناہ بڑے گناہوں کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ بڑے گناہوں کی برائی چھوٹوں کی بہ نسبت ذاتی ہوتی ہے اور صغیرہ گناہوں کا قبح عرضی ہوتا ہے۔ کیونکہ بڑے گناہوں کا ایک مصدر معین کے سوا اور دوسرا مصدر نہیں ہوتا ہے اور ذرائع کے بہت سے مصدر ہو سکتے ہیں۔ اور وہ بھی بسا اوقات بدل جاتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ زنا جس کے ساتھ بھی ہو منع ہے اور اپنے بچوں کو پیار کرنا، چومنا چاٹنا اور گود میں لینا پسندیدہ ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ ان صورتوں میں بڑے گناہ ذاتی طور پر موصوف اور چھوٹے بالعرض اور قابل عروض ہوں گے۔ گناہ کے عارض ﴿جو گناہ اپنی ذات میں برائی رکھتا ہے یعنی ذاتی طور پر برا ہے اس پر مطلع ہونا آسان ہے لیکن جو گناہ اپنی ذات میں برائی نہیں رکھتا بلکہ بعض جگہ وہ گناہ نہیں اور بعض جگہ گناہ ہے اس پر مطلع ہونا دُشوار ہے۔ مثلاً زنا واضح طور پر مذموم ہے کہ ذاتی برائی اس کے اندر موجود ہے اور بوس وکنار ذاتی برائی نہیں رکھتا۔ کیونکہ اپنے بچوں کو مشفقانہ طور پر پیار کرنا محمود ہے۔ اس کے برعکس کسی اجنبی عورت یعنی غیر محرم کو چومنا حرام ہے کیونکہ اس میں اگرچہ عرضی برائی ہے لیکن وہ گناہ کبیرہ کا باعث بن سکتی ہے۔ اس لئے حرام ہے۔ مترجم﴾ ہونے سے پہلے گناہ کی استعداد کی خبر نہایت مشکل ذاتی طور پر موصوف کی اطلاع کی طرح آسان اور واضح نہیں ہے۔ اس کے ساتھ حدود کا متعین کر دینا خداوند معبود کا کام ہے۔ نبی کو بھی اگر یہ علم میسر آتا ہے تو وحی کے ذریعہ میسر آتا ہے اور غالباً اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آپ ﴿پارہ نمبر ۳۰، آیت نمبر ۷، سورہ والضحیٰ ''وَوَجَدَکَ ضَآلًا فَھَدٰی'' کا یہ مطلب ہے جو مولانا قاسم العلوم نے بیان فرمایا کہ آپ اللہ کی ان حدود سے قبل نبوت سے بے خبر تھے جو بعد نبوت معلوم ہوئیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اس آیت کے ماتحت لکھتے ہیں کہ نبوت سے پہلے آپ کو کوئی پروگرام معلوم نہ تھا۔ بعد ازاں عبادات اور معاملات کا پروگرام بتایا گیا تاکہ زندگی کی راہ معلوم ہو جائے۔ بالفاظ راقم الحروف۔ مترجم﴾ حد بندیوں سے ناواقف تھے اللہ تعالیٰ نے ان حدود کی طرف راہنمائی فرما دی۔'' کے بھی معنی ہوں۔ مگر بڑے گناہوں کی حد بندیوں کا علم اس کا مقصود ہونا اور اس کی برائی کا مشہور ہونا ہر زمانے میں ہے اور انبیاء کا متفق ہونا زیادہ واضح ہے چنداں وحی کا محتاج نہیں ہے۔ اس وجہ سے ضروری ہوا کہ نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد بھی گناہ کا ہونا ممتنع ہو۔

باقی رہے چھوٹے گناہ چونکہ وہ اس درجے میں مشہور نہیں ہوتے اور نہ مقصود اس لئے ان گناہوں پر ایک گونہ مخفی ہونے کی صورت پیدا ہوگئی کہ وحی کے نازل ہونے کے بغیر اس کے اکثر حصے کا علم ہونا ممتنع ہونے کے حکم میں ہے۔ آخر کون ہے کہ وہ انہیں جانتا ہے کہ زنا کے ان اسباب کی ممانعت جو حدیث اور قرآن سے معلوم ہوئی ہے۔ ہرگز کسی کے خیال میں نہیں آسکتی۔ ان میں سے بعض گناہ جیسا کہ جھوٹ کہ اس کے باطل ہونے کا علم فطری ہے انبیاء کا اس جھوٹ سے بچنا اور ان کے حق میں اس کا ممتنع ہونا وحی کا محتاج نہیں ہے مگر یہ سب کچھ اسی وقت تک ہے کہ گناہ جرم کے درجے میں ہو اور اگر گناہ لغزش کی قسم سے ہو تو اس کا ناممکن ہونا ان کے حق میں ناممکن نہیں دکھائی دیتا ہے۔ ہاں اتنا صحیح ہے کہ علمیہ قوت اور عملیہ قوت ذاتی کمالات میں سے ہے بلکہ اس کی اصل ہے اور جھوٹ ظاہر میں فساد اوّل پر دلالت رکھتا ہے کہ اشرف ہے۔ اور دنیا کی خبروں میں عمداً جھوٹ کی اطلاع کے بعد مطلق اعتماد کو ختم کر دینے والا ہے۔ پس خدا کو کیا اُمید کہ نبی وحی کو اسی طرح پہنچاوے گا۔ اور لوگوں کو کیا یقین کہ وہ جو کچھ خدا کی طرف سے لایا ہے گھٹائے بڑھائے بغیر لایا ہے اس وجہ سے جو شخص کہ اس کی فطرت کا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تقاضا ہی جھوٹ ہو وہ نبوت کے لائق نہیں ہے۔ لیکن اگر پاک طینت حضرات سے مصدر کے غالب ہونے کے وقت جیسا کہ بڑے گناہوں کا ہو جانا ممکن ہے اور جملہ ''اگر ﴿یہ سورہ یوسف کی آیت ۲۴ کا ایک ٹکڑا ہے۔ پوری آیت یہ ہے'' وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰبُرْهَانَ رَبِّهٖ ط كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ الْفَحْشَآءَ ط اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ''یعنی زلیخا نے تو یوسف علیہ السلام کے ساتھ خواہش نفس کی تکمیل کا پورا ارادہ کر لیا تھا لیکن یوسف علیہ السلام نے ارادہ نہیں کیا کیونکہ اللہ کی حفاظت نے دستگیری کی۔ اور وہ اللہ کی برہان نہ دیکھتے تو وہ ارادہ کر لیتے۔ وہ برہان کیا تھی۔ علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر میں لکھتے ہیں: ''برہان دلیل اور حجت کو کہتے ہیں، یعنی اگر یوسف علیہ السلام اس وقت اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے تو قلبی میلان پر چل پڑتے۔ دلیل کیا تھی زنا کی حرمت وشناخت کا وہ عین الیقین جو حق تعالیٰ نے انہیں عنایت فرمایا یا وہی دلیل جو خود انہوں نے زلیخا کے مقابلے میں ''اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ '' کہہ کر پیش کی۔ بعض کہتے ہیں کہ خدا کی قدرت سے اس وقت حضرت یعقوب علیہ السلام نظر آئے، کہ اُنگلی دانتوں میں دبائے سامنے کھڑے ہیں۔ بعض نے کہا کہ کوئی تحریر نظر پڑی، جس میں اس فعل سے روکا گیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)﴾ نہ دیکھ پاتے اپنے رب کی دلیل''

اس کا گواہ ہے تو جھوٹ اور وہ بھی لغزش کے طور پر اولیٰ درجے میں ممکن ہے۔ البتہ گناہ کبیرہ کے مصدر کے تعین کی وجہ سے لغزش کے طور پر بھی صادر نہیں ہو سکتا۔ اس وجہ سے انبیاء کے لئے معصوم ہونا ضروری ہوا۔

## حال کلی

برادر من اهر چند این هیچمدان از هردو کوچه منقول و معقول نابلد است مگر به نسبت معقول اگر دعویٰ ناآشنائی محض کنم زیبا است. مگر باین نظر که قدوه و امام دریں فن، عقل است نه نقل اگر براقوال گلشتگان نظر نیست یا از خرفشار ایشاں خبر پنست گو مباد. آخر کم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

وبیش عقل که بمن عنایت فرموده اند برای رهبری این راه کافی است بالجمله امتثال ایماء آنعزیز و پاس خاطر نازک شما ضروراست.

چناں بلهن ناقصم می آید که مفهومات راذهن و مصادیق را خارج ظرف است. در کلی مفهوم کلی منطقی و مصداق کلی طبعی است . چون علم تحقق چیزی در خبر است و خبررا صدق یا کذب لازم در صورت تصادق مفاهیم بامصادیق لازم افتاد که چنانکه مفاهیم بالاتفاق در ذهن موجود اند. مصادیق در خارج باشند. مگر اللریں صورت معنی خارج و مراد ازاں ظرفے باشد ماوراء ذهن. اعنی آنکه درتحققش حاجت اعتبار معتبر نباشد . و چناں دانم که جزئیات مشخصه حصص کلیات طبعیه مے باشد بمعنی قطعات آں. غرض بقلرت کامله کلیات طبعیه را پاره پاره کرده دراحاطه اعدام گونا گوں میدارند . و مصداق جزئی و شخص بیک نظرهماں پاره جدا افتاده می باشد. قطع نظر از اعدام لاحقه و گاهی آں پاره بآن علم پیوسته مخبر عنه میگردد. انلریں صورت آنرا فرد باید گفت نه جزئی.

هم چنیں اسباب لحوق اعدام اعنی پارهائی دیگر کلیات وجزئیات . آنرا اگر باوشمارند چناں باید که فردش خوانند . و اگر کسی قصه رابر گرداند گنجائش الکار نیست.

چه " لا مشاحة فی الاصطلاحات" (مقوله)

## کلی کا حال

*اب کلی کا ﴿کلی طبعی کی مختصر تعریف اور اس کے متعلق اشارہ ہم مقدمۂ مکتوبات میں کر چکے ہیں، وہاں ملاحظہ فرمایا جائے۔مترجم﴾ حال بیان کرنا چاہئے۔*

*میرے بھائی! ہر چند یہ ناچیز علوم نقلیہ اور عقلیہ کے کوچے سے ناواقف ہے مگر*

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

علوم عقلیہ منطق وفلسفہ وغیرہ کے متعلق اگر مطلق ناواقفیت کا دعویٰ کرے تو درست ہے۔ مگر اس خیال کے پیش نظر کہ علوم عقلیہ میں امام اور پیشوا عقل ہے نہ کہ نقل تو پھر اگر اگلے لوگوں کے اقوال پر نظر نہیں ہے یا ان کے خیالات سے مجھے اطلاع نہیں ہے تو نہ سہی، آخر تھوڑی ﴿یہاں حضرت قاسم العلوم انکساری کے باوجود اپنی عقلی قوتوں کی وجہ سے وہ مقام رکھتے ہیں کہ کلی طبعی کے متعلق دوسرے علماء کے اقوال یاد نہ ہونے کے باوجود خود کلی طبعی کے پہلوؤں پر گہری نظر رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ علوم عقلیہ میں عقل امام ہوتی ہے، لہٰذا جو عقل مجھے عطاء ہوئی ہے اس کی روشنی میں کلی طبعی کو میں خوب بیان کرسکتا ہوں۔ اللہ اکبر۔ گویا ان کی عقل بھی امامت کا درجہ رکھتی ہے۔ مترجم﴾ بہت عقل جو اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشی ہے اس راہ کی راہبری کے لئے کافی ہے۔ بالجملہ آپ کے حکم کو بجالانا اور آپ کے دل نازک کی خاطرداری ضروری ہے۔

میرے ناقص ذہن میں اس طرح کچھ آتا ہے کہ مفہومات کا ظرف ذہن ہے اور جن پر وہ مفہوم صادق آتے ہیں ان کا ظرف خارج ذہن ہے۔ کلی کا عقل مفہوم کلی منطقی ہے اور اس کا مصداق کلی طبعی ہے۔ چونکہ خارج میں کسی چیز کے پائے جانے کا علم خبر کہلاتا ہے اور خبر کے لئے صحیح یا غلط ہونا ضروری ہے، اس لئے مصداقوں پر مفہوموں کے صادق آنے کی صورت میں ضروری ہوا کہ جیسا کہ مفہومات متفقہ طور پر ذہن میں موجود ہیں تو ان کے مصادیق خارج میں موجود ہوں۔

مگر اس صورت میں خارج کے معنی اور اس کی مراد وہ ظرف ہوگا جو ذہن کے علاوہ ہے۔ یعنی وہ چیز کہ جس کے پائے جانے میں اعتبار کرنے والے کے اعتبار کی حاجت نہیں ہوتی اور میں اس طرح سمجھتا ہوں کہ شخصی جزئیات طبعی کلیات کے حصے ہوتے ہیں یعنی اس کے ٹکڑے۔ غرض قدرت کاملہ کے ذریعہ کلیات طبعیہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے رنگا رنگ نابودگیوں کے احاطے میں رکھ دیتے ہیں۔ اور جزئی مصداق اور شخص لاحق ہونے والی نیستی سے قطع نظر ایک ہی نظر میں وہی جدا کیا ہوا ٹکڑا ہوتا ہے اور کبھی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

﴿یعنی اسی عدم سے وابستہ ٹکڑے کو مبتداء اور مسند الیہ بنا دیتے ہیں۔ مترجم﴾ وہ ٹکڑا اس نیستی سے مل کر مخبر عنہ بن جاتا ہے۔ اس صورت میں اس کو فرد ﴿فرد اور جزئی میں یہ فرق ہے کہ جزئی اور شخص کلی طبعی کا ایک حصہ ہوتا ہے اور عدم لاحق سے اس میں قطع نظر ہوتا ہے لیکن فرد میں عدم لاحق سے وابستہ ہونے کا لحاظ ہوتا ہے۔ انوآر﴾ کہنا چاہئے نہ کہ جزئی۔

اسی طرح نیستی کے لاحق ہونے کے اسباب میری مراد ہے کلیات و جزئیات کے دوسرے ٹکڑوں سے۔، ان کو اگر اس کے ساتھ شمار کریں تو ایسا چاہئے کہ اس کو فرد کہیں۔ اور اگر کوئی قصے ہی کو اُلٹ دے تو پھر انکار کی گنجائش نہیں ہے۔ کیونکہ

''اصطلاحات کے بارے میں کوئی جھگڑا نہیں ہوا کرتا''۔

## محاکمہ قاسمی

**پس هر که کلی را در خارج موجود بوجود اشخاص گفته غلط نگفته . نظرش بر شق اَوّل است. چه اندریں صورت وجود اشخاص هماں وجود کلی است. هاں ازیں سخن ایں فهمیدن که کلی در خارج نیست اگر هست اشخاص اوست کار خوش فهمان است. به مقابله اوشاں اگر گویند که در خارج اشخاص نیست اگر هست کلی است. و مراد از اشخاص پاره کلی معه قید علمی یا وجودی گیرند، زیباست چه هیئات اجتماعیه از امور انتزاعیه است که در خارج تنها بذات خود موجود نیست. هاں امری دیگر است که از اشخاص منتزع میشود . آنرا اگر تمثال کلی و پیکر کلی گویند بجاست.**

**تحقیق ایں سخن اینست که سواء وجود مطلق که مصداقش بجز ذات خدا وندی کیست که باشد همه باقتران وجود و عدم صورت گرفته اند. لا جرم کلی باشد یاجزئی ماوراء ماده وجودی آنرا هیئتی باشد. و بزعم ایں هیچمدان حقائق ممکنه همیں هیاکل و صور**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

است که باقتران وجود و عدم پیدا و منتزع میشوند. و آں بتمامها جزئی است پیکر جزئی باشد یا پیکر کلی . چه پیکر هرچیز را ضرور است که از ماسوا آنرا تمیز دهد. و ایں امر بجزجزئیة صورت نه بندد. و در صورت اشتراک تمیز کجا

و بزعم احقر قول کسی که لعینیه تشخص رفته یا بانتزاع آں گفته بریں‌پیکرها نظرش افتاده باشد.مگر چنانکه ایں پیکرها قابل چناں انقسام نیست که بر خارج قسمت اصل مقسم صادق آید همچنیں تکثری دیگر حاصل میتواں کرد که آنرا تکثر انطباعی نام می نهم.

مثالش اگر بکارست صور مثلث یا مربع را که بجزخطوط متلا صقه چیز دیگر نیست پیش نظر داشته تصدیق سخن احقر خوانند . چه صورت مثلث یا مربع را اگر تقسیم فرمایند آں خطوط را پاره پاره خواهند کرد. مگر ازمثلث یا مربع باز نشانی نخواهند یافت. هاں یک صورت مثلث در آئینه های کثیره منطبع میتواں شد. لیکن چنانکه در انطباع بسا اوقات کمیت اشیاء ملحوظ نمی ماند بلکه باندازه مرئی ورائی صغر و کبرعارض می شود یک صورت بیک مادّه کبیر می نماید بدیگر ماده صغیر چنانکه در تصاویر بنی آدم مشاهد باشی. همچنیں صور کلیات چنانچه در مجموعه حصص که کلی طبعی بود متجلی و منطبع بود. هم چناں در یک حصه هم هماں جلوه می نماید. همیں است که اطلاق آب چنانکه بر بحر ذخار صحیح است بر قطره هم چناں . وجهش همیں است که اندریں صورت پیکر کلی طبعی ملحوظ و مد نظر میباشد.

ازیں تنقیح دانسته باشی که کلی طبعی پاره کبیر از وجود

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

منبسط میباشد که بلباس خاص اعنی پیکر مخصوص آراسته.

غرض کلی طبعی چیزی دیگر است و پیکر آن چیز دیگر. کلی طبعی بذات خود در خارج موجود است و جزئیات و اشخاص پارهای آن وجود اشخاص همان وجود کلی طبعی است و وجود کلی طبعی همان وجود اشخاص و پیکر کلی طبعی که آنرا جنس باید دانست. چنانچه از نفس کلی طبعی اگر پیش نظر آید منتزع توان شد. هم چنان از اشخاص منتزع ست. اگر فرق است فرق صغر و کبر است.

بالجمله هر که بوجود کلی طبعی در خارج گفته هم غلط نگفته. و هر که بانتزاع آن از جزئیات رفته هم از حق نگذشته مسقط اشاره هر یک چیزدیگر ست. کسی مصداق و معروض را پیش نظر داشته و کسی عارض و پیکر را قبله خود ساخته. هاں بوجه قلت تدبر احکام یکی را بدیگری آمیختند. و فتنها انگیختند.

والحمد لله علیٰ ما هدانا الی الصواب.

## محاکمہ قاسمی

پس جس ﴿ کلی طبعی کے خارج میں موجود ہونے اور اشخاص اور ان کے وجود کے ساتھ کلی طبعی کے موجود ہونے کو غلط قرار دیتے ہیں تو شق اوّل کے مطابق ان کا یہ کہنا درست نہیں ہے۔ مولانا یہ فرماتے ہیں کہ کلی طبعی کا خارجی صورتوں میں ذہنی وجود سے ہٹ کر موجود ہونے کے یہ معنی ہیں کہ کلی طبعی اور خارج میں اشخاص کے ساتھ اس کا وجود دونوں ایک ہی چیزیں ہیں۔ البتہ یہ بھی قاسم العلوم نے صاف فرمادیا کہ کلی طبعی کا وجود خارج میں موجود ہونا درست ہے اور جو اہل علم کلی طبعی کو خارج میں نہیں مانتے اور اس کے اشخاص کو خارج میں مانتے ہیں، مولانا کو ان کے ساتھ قطعاً اتفاق نہیں ہے۔ انوار ﴿ شخص نے کلی کو خارج میں اشخاص کے وجود کے ساتھ موجود کہا اس نے غلط نہیں کہا۔ کیونکہ اس کی نظر شق اوّل پر ہے۔ اس لئے کہ اس صورت میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اشخاص کا وجود اور کلی کا وجود دونوں ایک ہیں۔ ہاں اس بات سے یہ سمجھنا کہ کلی خارج میں نہیں ہے اگر ہیں تو اس کے اشخاص ہیں۔ یہ خوش فہموں کا کام ہے۔ ان کے مقابلے میں اگر کہیں کہ خارج میں اشخاص نہیں ہے اگر ہے تو کلی ہے۔

اور اشخاص سے مراد کلی کا حصہ کہ اس کے ساتھ عدمی یا وجودی کی قید لگاتے ہیں، درست ہے۔ کیونکہ اجتماعی شکل انتزاعی اُمور میں سے ہے کہ خارج میں تنہا بذات خود موجود نہیں ہے۔ ہاں کوئی اور ہی اُمر ہے کہ اشخاص میں سے نکلتا ہے۔ اس کو اگر کلی طبعی کی شبیہ اور کلی طبعی کا ڈھانچہ کہیں تو درست ہے۔ اس بات کی تحقیق یہ ہے کہ ''وجود مطلق کے سوا کہ اس کا مصداق ذات خداوندی کے سوا کوئی نہیں، سب کے سب ہست و نیست سے مل کر صورت اختیار کئے ہوئے ہیں۔ ناچار کلی ہو یا جزئی وجود کے مادّے کے سوا اس کی ایک شکل ہوتی ہے اور اس ناچیز کے خیال میں ہست سے نیست ہونے والی حقیقتیں یہی ڈھانچے اور صورتیں ہیں کہ ہست و نیست کے اتصال کے ساتھ پیدا اور ناپید ہو جاتی ہیں اور وہ تمام کی تمام جزئیات ہیں۔ خواہ پیکر جزئی ہو یا پیکر کلی۔ کیونکہ ڈھانچہ ہر چیز کے لئے ضروری ہے کہ اس کو ماسوا سے تمیز دے۔ اور یہ اُمر جزئیت کے سوا صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اور شرکت کی صورت میں تمیز کہاں۔

اور احقر کے خیال میں اس شخص کا قول جو تشخص کی عینیت کا قائل ہے یا تشخص کے منتزع ہونے کا قائل ہے اس کی نظر انہی اجسام پر پڑی ہوگی۔ مگر جیسا کہ یہ اجسام اس قسم کی تقسیم کے قابل نہیں ہیں کہ خارج قسمت پر اصل تقسیم کیا گیا اُمر صادق آئے اسی طرح دوسری کثرت حاصل کر سکتے ہیں کہ اس کا نام میں تکثر انطباعی ﴿حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان مکتوبات میں بہت سے اصطلاحی الفاظ اپنی طرف سے وضع کئے ہیں۔ جیسا کہ ہم مقدمے میں لکھ آئے ہیں۔ چنانچہ یہاں خود واضح فرمادیا ہے کہ تکثر انطباعی کا اصطلاحی نام میں نے خود رکھا ہے۔ مترجم﴾ رکھتا ہوں۔

اگر اس کی مثال درکار ہے تو مثلث یا مربع شکلوں کو کہ باہم ملنے والے خطوط کے سوا اور کوئی چیز نہیں پیش نظر رکھ کر احقر کی بات کی تصدیق کریں کیونکہ مثلث یا مربع کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

غرض اغذیه و ادویه را در علم و عمل که دو عنصر روحانی است تاثیری است نمایاں، چنانچه بعضی ازاں بدیهی است منجمله لذت وسرور وانبعاث قوائے شهوانی وغیره هر کس به "رای العین" مشاهده می کند. پس هرغذاء که مورث اخلاق بد باشد یا حیاء و طهارت را بتاراج و بددرحق مزاج ایمانی هماں حکم هم دارد. مگر چوں بمشاهده اجسام خاصه باخلاق خاصه پی می بریم اگر شکل انسانی است عادات و اخلاقش چنیں و چناں تصور کنیم. و اگر شکل خنزیری و کلبی و حماری رامشاهده کنیم عادات و اخلاق چنیں و چناں دانیم . بتوسل ایں استدلال دریافتیم که مابین ایں اجسام و آں اخلاق علاقه علیت و معلولیت است آں طرف علیت باشد و ایں طرف معلولیت یابرعکس. یا آنکه هر دو رابدرگاه علتی روئ نیاز باشد. چه استدلال را ازیں علاقه ها ناگزیر است .مگرچوں تولد جسم بشهادت احادیث و هم بحکم بداهت اَوّل است. و نفخ روح، پس ازاں ازیں قدرمتحقق شد که اگر خود روح معلول جسم نیست باری ازیں همچه کم که درهر جسم همچو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آئینه آتشیں که قوت جذب و شعاع خرقه داردقوت ارواح خاصه که عبارت از منشا ئے اخلاق خاصه باشد.نهاده اند.

غرض علت فاعلی اگر نیست، علت قابلی ضرور است اگرچه نظر بتکوین خالق اکبر سببی از اسباب مستلزم مسببات نیست بلکه هرجا اتصال اتفاقی است.

الغرض اغذیه وادویه و مجاورت ومصاحبت راتاثیری است در ارواح و اغذیه محرمه همه مورث اخلاق بداند. یا مزیں صفائی قوت علمیه مثل مسکرات یا مزیل چستی قوت عملیه مثل مفترات یامزیل انشراح و نورانیت که از معلومات پاکیزه پیداشود و مثل اغذیه نجسه و ناپاک و هم اغذای یا مفسد اخلاق حمیده که نتیجهٔ علم صحیح و عمل مستقیم بود مثل گوشت درندگان یا خود مفسد مزاج و سرمایهٔ زندگانی مثل سمیات.

نظربریں اهل ایمان را ایں قسم اغذیه مضر باشند نه نافع.پس مالیت که مدارش بر منافع بودکجا باشد. آری در حق کفارهیچ مضرتی نیست. چه باعتبار ظاهرمنافع چند درچند در آغوش دارند. وباعتبار باطن اگرمضرتی متصور بود باعتبار معارضه مبادی یا آثار ایمان بود. آں خود از پیشتر نصیب اعداشد. نظر بریں‌درحق اوشاں اگر مال قراردهند چه هرج . مگر همیں طور اگرچیزی در حق یکی نافع بود و درحق دیگراں احتمال نفع نداشته باشد قبضه براں درحق آں موجب ملک باید پنداشت مگر اختیار بیع آں بدیگراں نخواهد بود. چه درحق دیگراں مال نیست تاملک اوشاں‌بداں تعلق و باداۓ عوض معاوضة الملک بالملک متحقق شود .

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# اجمال کی تفصیل

ایمان کیلئے قوت علمیہ کی صفائی اور قوت عملیہ کی چستی ضروری ہے کیونکہ علم اس یقین کے مبادی میں سے ہے جس کا نام ایمان ہے اور عمل ایمان کے مقتضیات میں سے ہے۔ نظر بریں جو چیز بھی ان دونوں قوتوں یعنی علمیہ اور عملیہ کی مفسد ہوگی تو وہ ایمان کیلئے زہر ہلاہل کا کام دے گی۔ اس کا نافع یا مال ہونا کہاں۔ اسی طرح حیاء ایمان کا ایک بڑا ﴿حدیث میں ہے کہ الحیاء شعبة من الایمان۔ (مشکوٰۃ) مترجم﴾ شعبہ ہے۔

اور حسن اخلاق اور باطنی پاکی جس کا نام انشراح ہے ایمان کے آثار ہیں۔ چند احادیث: ''حیا ایمان کے شعبوں میں سے ایک شعبہ ہے''۔

''اور مؤمن میٹھا ہوتا ہے''۔ ''اور مؤمن ناپاک نہیں ہوتا''۔

ان دعوؤں پر گواہ ہیں اور وجدان سلیم ایمانی حقیقت کو ادراک کرنے کے بعد اس ناچیز کے دعوے کی تائید کرتا ہے۔ اس وجہ سے ان صفات کے خلاف مخالف اُمور ایمان کے خلاف اور مخالف اُمور میں سے ہوں گے اور آپ جانتے ہیں کہ جسم سے لے کر رُوح تک ایک پوشیدہ علاقہ ہے اور ایک وجدانی راہ ہے۔

جیسا کہ اس طرف سے اس طرف صدہا احکام اور آثار نازل ہوتے ہیں اور عمل کے صادر ہونے کا موجب ہوتے ہیں اس طرف سے بھی ہر دم کوئی جداگانہ محصول روح کی بلند بارگاہ میں پہنچتا رہتا ہے اور قوائے مدرکہ اور حواس کے راستے سے علم کے خزانے میں ہر دم تازہ معلومات فراہم ہوتے ہیں اور قوائے عاملہ کی راہ سے غاذیہ، قابضہ، آخذہ وغیرہ وغیرہ قوتوں میں سے ہر ساعت نئی نئی مصنوعات آثار اور کیفیات سے قوت عملیہ کی درگاہ میں جمع ہوتی رہتی ہیں اور جیسا کہ علم کی جانب میں مذکورہ معلومات دوسری معلومات کے ساتھ علم کے تعلق کا موجب ہوتے ہیں اس طرف ہر ایک اثر اور کیفیت تازہ عمل کے صدور کا باعث ہوتی ہے۔

غرض غذاؤں اور دواؤں کو علم و عمل میں جو کہ دو رُوحانی عنصر ہیں نمایاں تاثیر ہے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

چنانچہ ان میں سے بعض تو بلا دلیل کے واضح ہیں ان میں سے لذت اور خوشی اور شہوانی قوتوں کا اُٹھ کھڑا ہونا وغیرہ ہر شخص آنکھ کے ذریعہ دیکھتا ہے۔ لہٰذا ہر وہ غذا جو برے اخلاق پیدا کرتی ہے یا حیاء اور پاکی کو تباہ کرتی ہے تو وہ ایمان کے لئے تباہی کا حکم رکھتی ہے۔ مگر جب ہم خاص اجسام کو خاص اخلاق کے ساتھ دیکھتے ہیں تو اگر وہ جسم انسانی شکل کا ہے تو اس کے عادات ہم ایسے اور ویسے تصور کرتے ہیں اور اگر خنزیر اور کتے کی اور گدھے کی شکل کو دیکھتے ہیں تو ان کی عادتیں ایسی اور ویسی پاتے ہیں۔ اس استدلال کے ذریعے ہمیں معلوم ہوا کہ ان اجسام اور ان اخلاق کے درمیان علیت ﴿علت سے علیت یعنی علت ہونا اور معلول سے معلولیت یعنی معلول ہونا ہے۔ واضح رہے کہ علت اور معلول میں علت کے ساتھ معلول کا ہونا ضروری ہے۔ مثلاً دن کے لئے سورج علت ہے۔ جب سورج نکلے گا۔ معلول یعنی دن ضرور ہوگا۔ لیکن سبب اور مسبب میں لزوم ضروری نہیں یعنی اگر سبب موجود ہو تو مسبب کا ہونا ضروری نہیں مثلاً بارش کا سبب ابر ہوتا ہے لیکن ابر کے ہوتے ہوئے بارش کا ہونا ضروری نہیں اور اگر ہو جائے تو یہ بھی ممکن ہے اس لئے اگر انسانی جسم ہوگا تو اس کے اخلاق بھی انسانی ہوں گے اور اگر کتے کا جسم ہے تو اس سے اخلاق بھی کتے کے سے ظاہر ہونا ضروری ہیں۔ مترجم﴾ اور معلولیت کا تعلق ہے۔ اُس طرف علیت ہو اور اس طرف معلولیت یا اس کے برعکس۔ یا یہ کہ دونوں کا رُخ نیا کسی علت کی دہلیز پر جھکا ہوا ہو۔

کیونکہ استدلال کے لئے اس قسم کے تعلقات کا ہونا ضروری ہے۔ مگر چونکہ جسم کی پیدائش احادیث اور بداہت کی شہادت اور حکم کے مطابق اوّل ہے اور رُوح کا پھونکا جانا بعد میں تو اس سے اتنی بات تحقیق میں آگئی کہ اگر خود روح جسم کا معلول نہیں ہے۔ لیکن اس سے بھی کیا کم کہ آتشیں شیشے کی مانند کہ جلا ڈالنے والی شعاعوں کے جذب کی قوت رکھتا ہے۔ ہر جسم میں خاص رُوحوں کے کھینچنے کی قوت جس کا مطلب خاص اخلاق کی نشو ونما سے ہے، قدرت نے رکھی ہے۔

غرض علت فاعلی ﴿کسی بنائی گئی چیز میں چار علتیں ہوتی ہیں مثلاً کرسی میں چار علتیں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سمجھئے۔ایک علت مادی جس سے وہ کرسی بنی یعنی لکڑی۔دوسری علت فاعلی جس نے یہ کرسی بنائی یعنی نجار، تیسری علت صوری یعنی بننے کے بعد کرسی کی صورت اور چوتھی علت غائی یعنی کرسی کے بنانے کی غرض، اس پر بیٹھنا علت غائی کہلائے گی۔مترجم﴾ ہرگز نہیں ہے (تو نہ سہی) علت قابلی ﴿علت قابل سے مراد کسی کے فعل کو قبول کرنے والی علت جس کو مادہ کہیئے۔مترجم﴾ تو ضرور ہے اگرچہ خالق اکبر کی تکوین ﴿تکوین۔اللہ کی قدرت سے کسی چیز کا ہونا۔کائنات مخلوقات خداوندی۔مترجم﴾ کی طرف نظر ڈالتے ہوئے اسباب میں سے کوئی سبب مسببات کے لئے موجب نہیں ہے بلکہ ہر جا اتفاقی اتصال ہے۔

غرض یہ کہ غذاؤں اور دواؤں اور قرب اور مصاحبت کو ارواح میں کوئی نہ کوئی تاثیر ہے اور حرام غذائیں تمام کی تمام برے اخلاق پیدا کرتی ہیں یا قوت عملیہ کی صفائی کو زائل کرتی ہیں۔جیسے نشہ آور چیزیں یا قوت عملیہ کی چستی کو دور کرتی ہیں مثلاً شکست پیدا کرنے والی چیزیں یا دل کے انشراح اور نور کو زائل کرتی ہیں جو انشراح اور نور پاکیزہ معلومات سے پیدا ہوتے ہیں اور ناپاک اور نجس غذائیں یا ناپاکیاں پیدا کرنے والی اور اخلاق حمیدہ کو بگاڑنے والی چیزیں مثلاً درندوں کا گوشت یا خود مزاج اور سرمایہ زندگی کو بگاڑنے والی چیزیں مثلاً سمیات (زہریلی چیزیں)۔

اس اُصول کے پیش نظر ایمان والوں کے لئے بھی اس قسم کی غذائیں مضر ہیں نہ کہ نفع بخش۔پس وہ مالیت کہ اس کا دارومدار منافع پر ہو کہاں ہوگی۔ہاں کفار کے حق میں کوئی مضرت نہیں ہے کیونکہ ظاہر کے اعتبار سے چند در چند منافع اپنے پہلو میں وہ غذائیں رکھتی ہیں اور باطن کے اعتبار سے اگر کوئی نقصان خیال میں آسکتا ہے تو مبادی ایمان یا آثار ایمان کے مقابلے کے اعتبار سے ہوگا تو وہ ایمان کی خرابی پہلے ہی سے دشمنان اسلام کے حصے میں آچکی نظر بریں اگر (مردار جانور یا خون وغیرہ) کو اہل کتاب کے حق میں مال قرار دیں تو کیا مضائقہ ہے مگر اسی طرح اگر کوئی چیز ایک آدمی کے حق میں نفع بخش ہو اور دوسروں کے لئے نفع کا احتمال اس میں نہ ہو تو اس پر قبضہ اس

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شخص کے حق میں موجب ملک خیال کرنا چاہئے لیکن دوسروں کے ہاتھوں اس کے بیچنے کا اختیار نہ ہوگا۔ کیونکہ دوسروں کے لئے وہ مال نہیں ہے کہ ان کی ملکیت اس سے تعلق کو قبول کرے اور عوض کے ادا کرنے سے ملک کا تبادلہ ملک کے ساتھ ہو جائے۔

## سخن سوم

**سخن سیوم اینکه تحقق ملک مستلزم صحت بیع و شراء نیست. نمیدانی که فرموده اند.**

**مَنْ مَلَکَ ذَارَحْمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ**

**تحقق ملک اَوّل خود از الفاظ حدیث هویدا است. دویم حریت را که بعد رِقّیّتْ ظهور فرماید زوال ملک ضروری است مگر در همچو صورتحقق حریة بزوال ملک بائع نتوان گفت ور نه ولاء وغیره همه راجع بسوی او باشد. ناچار بزوال ملک مشتری گفته شود.**

## تیسری بات

تیسری بات یہ ہے کہ ملک کا تحقق بیع اور شرا کی صحت کے لئے ضروری نہیں ہے آپ کو معلوم نہیں کہ فرمایا ہے: ''جو ذی ﴿ذی رحم محرم مثلاً بھائی بہن جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کی وجہ سے محرم بن جاتے ہیں مثلاً کسی کا بھائی کسی کا غلام تھا اور اس نے اپنے بھائی کو اس سے خرید لیا تو بھائی آزاد ہو جائے گا۔ مترجم﴾ رحم محرم کا مالک ہوا تو وہ مملوک آزاد ہے''۔

ملک کا تحقق اَوّل تو خود حدیث کے الفاظ سے واضح ہے۔ دوسرے حریت کے لئے جو کہ رِقّیّتْ (غلامی) کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔ ملکیت کا زائل ہونا ضروری ہے مگر ان جیسی صورتوں میں بائع کی ملکیت کے زوال سے حریت کا تحقق نہیں کہہ سکتے ۔ورنہ ولایت وغیرہ تمام اُمور اس کی طرف راجع ہوں گے ناچار خریدار کی ملکیت کے زائل ہونے پر حریت کا تحقق مانا جائے گا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## سخن چہارم

چهارم اینکه تحقق ملک را ضرور نیست که مالک را قدرت برتسلیم چناں بود که موجبات بطلان و فساد بیع را گنجائش مداخلت نبود. اگرچه مبیع متعین و ممتاز و موجود بود. نه بینی که چوب سقف موجود ومتعین است و بالضرور مملوک صاحب خانه. مگر چوں تسلیم آں مستلزم موجبات بطلان است قبل از جدا کردن بیع صحیح نشود.

## چوتھی بات

چوتھی بات یہ ہے کہ ملکیت کے تحقق کے لئے ضروری نہیں ہے کہ مالک کو سپرد کردینے کی ایسی قدرت ہو کہ بیع کے فساداور بطلان کے موجبات کودخل کی گنجائش نہ رہے اگرچہ بیع کی گئی چیز متعین اور ممتاز اور موجود ہو۔ دیکھتے نہیں کہ چھت کی لکڑی موجوداور متعین ہےاور یقیناً گھر کے مالک کی ملکیت میں بھی ہے لیکن چونکہ خریدار کواس لکڑی کا سپرد کرنا موجبات بطلان کومستلزم ہے اس لئے لکڑی کوچھت سے جدا کرنے سے پہلے بیع صحیح نہ ہوگی۔

## سخن پنجم

پنجم اینکه چنانکه قبل وجود طرفین اضافت عقد متحقق نتواں شد بعد زوال و انعدام یکی یا هر دو نیز عقده عقد منحل شود. وقت افلاس چوں مشتری خالی دست ماند و مبیع موجود بود عقد بیع کان لم یکن شود. از بخاری و مسلم در مشکوة شریف وارد است.

ایما رجل افلس فوجد رجل ماله بعینه

فهوا حق به من غیره او کما قال

ایں حدیث را برعاریت و مغصوبات فرود آوردن صریح مخالف

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سیاق است . در استحقاق معیر و مغصوب منه کدام خفا بود که بایں طور آگاه فرمودند. فی محمل ایں حدیث همیں معامله بیع است. باقی ماندابنکه اندریں صورت می باید که غرماء دیگر شریک و سهیم بایع در مبیع موجود نبا شد . امام ابو حنیفه بکدام حجت مخالفت حدیث کردند.

## پانچویں بات

پانچویں بات یہ ہے کہ جیسا کہ بائع اور مشتری کے وجود سے پہلے عقد بیع کا تعلق متحقق نہیں ہوسکتا تو ان میں سے ایک یا دونوں کے زوال اور انعدام سے بھی بیع نہ ہوگی افلاس کے وقت جب مشتری خالی ہاتھ رہ جائے اور مبیع موجود ہو تو بیع کا معاملہ ایسا ہو جاتا ہے جیسا کہ ہوا ہی نہ ہو۔ بخاری اور مسلم سے مشکوۃ شریف میں وارد ہے:

''جو کوئی شخص مفلس ہو گیا اور دوسرے شخص نے اپنا مال بعینہٖ اس کے پاس پایا تو وہ زیادہ حق دار ہوگا بہ نسبت کسی اور قرض دار کے (اوکما قال)

اس حدیث کو مانگی ہوئی چیز اور زبردستی چھین لی ہوئی چیزوں پر وارد کرنا صاف طور پر سیاق کے مخالف ہے۔ عاریت پر دینے والے اور جس سے وہ چیز زبردستی چھینی گئی ہے ان دونوں کے استحقاق میں کون سی پوشیدگی کی بات تھی کہ اس کو اس طریقے سے آگاہ فرمایا۔ نہیں اس حدیث کا محمل یہی بیع کا معاملہ ہے۔ باقی رہی یہ بات کہ اس صورت میں چاہیئے کہ دوسرے قرض دار بائع کے ساتھ مبیع میں شریک اور حصہ دار موجود نہ ہوں۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کس دلیل سے حدیث کی مخالفت کی۔

## جواب

جوابش ایں است که لفظ احق خود برتحقق حقوق دیگران دلالت دارد ورنه صیغۂ افعل التفضیل راچسپاں کردن دشوار است و ازاں تکلف که افعل التفضیل رابمعنی فاعل گیرند ایں بهتراست که مخاطب ایں کلام غرما راقرار دهنده و ایں حکم را حکم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

استحبابی دارند. ووجه عدم وجوب خود تحقق حقوق اوشاں باشد.ووجه استحباب اینکه مال دیگراں فناشد و هلاک گردید. بدیں سبب عوض اینکه قیمت باشد بذمه مشتری لازم شد وبتوسط قیمت حقوق ایشاں نزول کرده بمال موجود تعلق گرفت مگرهمیں طور حق صاحب مال نیز از قیمت نزول کرده بمال موجود آویخت . و خواهی دانست اِن شاء الله که در ملک تجزّی نیست بدیں سبب ملک همه شرکاء محیط مال موجود بود همیں طور احاطه ملک صاحب مال را تصور باید فرمود.

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ احق خود دوسروں کے حقوق کے تحقق پر دلالت رکھتا ہے ورنہ افعل التفضیل کے صیغہ کو چسپاں کرنا دشوار ہے اور اس تکلف سے کہ افعل التفضیل فاعل کے معنی میں لیں یہ بہتر ہے کہ اس کلام کا مخاطب غرما کو قرار دیں اور اس حکم کو استحبابی ﴿استحبابی حکم ایسا حکم ہوتا ہے جس پر عمل نہ کرنے سے کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ اس حکم کے ذریعہ کسی کام کا کرنا ضروری نہیں ہوتا۔مترجم﴾ حکم رکھیں اور خود عدم وجود کی وجہ ان کے حقوق کا تحقق ہے اور استحباب کی وجہ یہ ہے کہ دوسروں کا مال فنا اور ہلاک ہو گیا۔ اس سبب سے اس کا عوض جو کہ قیمت ہے مشتری کے ذمہ لازم ہو گیا اور قیمت کے ذریعہ ان کے حقوق نے نیچے اُتر کر موجود مال سے تعلق پیدا کر لیا مگر اسی طور صاحب مال کا حق بھی قیمت سے نیچے گر کر مال موجود کے ساتھ وابستہ ہو گیا اور آپ اِن شاء اللہ جان لیں گے کہ ملک میں تجزی (تقسیم) نہیں ہے۔ اس لئے تمام شرکاء کی ملک موجود مال کو محیط ہو گی اسی طریقے سے صاحب مال کی ملکیت کے احاطے کو تصور کرنا چاہئے۔

## اقاله

مگردانی که از قیمت باز باصل مال آمدن اقاله باشد.در اقاله

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

زیاده ازیں چه باشد. آری ازاں جا که اقاله درحق ثالث بیع بود مانع تعلق حقوق دیگراں نباشد و ایں راهم بگذار. درصورت افلاس از دو اَمر چاره نیست یا مال موجود همه ازاں صاحب مال گویند وحدیث رابرظاهرخود گذارند یا گویند که صاحب مال هم "اُسْوَةٌ لِلْغُرَمَاءِ " بود وهم چو دیگر اهلِ حقوق بقدر حق شریک و سهیم. اگر اَوّل است فبها ورنه ازیں چه کم که مدیون را اکنوں اختیارمال خود نماند بالاضطرار بیع آں مال رالازم آمد و امکان ایں قسم بیوع را اَوّل همیں حدیث ماخذ باشد. دوم نظائر دیگر اِن شاء الله خواهی شنید. مگردرصورتیکه تنهاصاحب مال غریم او بود کسی دیگر مزاحم حالش نه بود آں وقت بجز اینکه بانفساخ عقد قائل شوند چاره نیست و اگر ازیں هم دریغ است تسلیم عقد ثانی بهماں قیمت ضروری است و اگرهم نه گویند بلکه عقد ثانی بقیمت مناسب جدید باشد. آنجا که کمی وبیشی قیمت فائده نه بخشدونه عقد ثانی گفتن سودے دهد تجشم ایں چنیں تکلفات زیاده از بے هوده سری چه باشد. غرض مارا بهرطور گوارا است و ثمره ایں مقدمه ان شاء الله درآخر کلام خواهی دریافت.

## اقالہ

مگر تمہیں معلوم ہے کہ قیمت سے پھر اصل مال کی طرف آنا اقالہ ﴿بیچنے والا خریدار سے خریدی ہوئی چیز کو واپس لے کر اس کی اصل قیمت واپس کر دینے کا نام اقالہ ہوتا ہے۔ مترجم﴾ ہے۔ اقالہ میں اس سے زیادہ اور کیا ہوتا ہے۔ ہاں اس وجہ سے کہ اقالہ تیسرے شخص کے حق میں بیع ہوتا ہے اس لئے دوسروں کے حقوق کے تعلق کو مانع نہیں ہوگا۔ اور اسے بھی چھوڑ یئے۔ افلاس کی صورت میں دو باتوں کے سوا چارہ نہیں ہے یا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تو موجود تمام مال کو صاحب مال کی ملکیت کہیں اور حدیث کو اپنے ظاہر پر چھوڑ دیں یا کہیں کہ صاحب مال بھی دوسرے قرض خواہوں کے برابر ہے اور دوسرے حق داروں کی مانند بقدر حق خود شریک اور سہیم ہے۔ اگر پہلی صورت ہے تو ٹھیک ہے ورنہ اس سے کیا کم کہ مدیون کو اب اپنے مال کا اختیار نہ رہا۔ مجبوراً اس مال کی بیع اس کو ضروری ہوگئی اور اس قسم کی بیوع کے لئے یہی حدیث اوّل ماخذ ٹھہری۔ دوسری اور نظیریں بھی اِن شاء اللہ آپ سنیں گے۔ مگر اس صورت میں کہ تنہا صاحب مال اس کا قرض خواہ ہو اور کوئی اس کے حال کا مزاحم نہ ہو۔ اس وقت اس کے سوا کہ عقد کے منسوخ ہونے کے قائل ہوں اور کوئی چارہ نہیں ہے اور اگر اس سے بھی دریغ ہے تو دوسرے عقد کا اسی قیمت پر تسلیم کرنا ضروری ہے۔ اور اگر یہ بھی نہ کہیں بلکہ عقد ثانی نئی مناسب قیمت پر ہو تو وہاں قیمت کی کمی اور زیادتی کوئی فائدہ نہیں دے گی اور نہ دوسرا معاملہ کہنا کوئی نفع دے گا۔ اس قسم کے تکلفات بے ہودہ سری سے زیادہ اور کیا ہوں گے۔ غرض ہمیں ہر طرح پر گوارا ہے اور اس مقدمے کا پھل آپ کو کلام کے آخر میں ملے گا۔

## سخن ششم

**ششم اینکه در بعض مواقع بالاضطرار هم بیع متحقق شود و اداء قیمت بذمه مشتری چار ناچار لازم آید. اگر ماخذهوس داری حدیث عتق بعض را یاد کن که باعتاق حصه خود قیمت حصه دیگراں بذمه خود لازم آیدو بایں لزوم بالضرور بتحقق بیع قبیل احقاق قائل شدن لازم است تا بدل و مبدل منه هر دو بملک مالک واحد مجتمع نشوند**

## چھٹی بات

چھٹی بات یہ ہے کہ بعض مواقع میں مجبوراً بھی بیع متحقق ہو جاتی ہے۔ اور خریدار کے ذمے قیمت کی ادائی چار و ناچار لازم آتی ہے اگر تمہیں (ایسی بیع کے) ماخذ کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہوں ہے تو عتق بعض کی حدیث کو یاد میں لاؤ کہ اپنے حصے کو آزاد کردینے کی صورت میں دوسروں کے حصے کی قیمت اپنے ذمے لازم آتی ہے اور اس (قیمت کے) لازم آنے کے سبب سے ضروری طور پر آزاد کرنے سے ذرا پہلے بیع کے محقق ہونے کا قائل ہونا ضروری ہے تا کہ بدل اور مبدل منہ (جس سے تبادلہ کیا گیا) دونوں ایک مالک کی ملکیت میں جمع نہ ہو جائیں۔

## سخن ہفتم

ہفتم اینکہ قبض چیزی دیگر است والجاء و اکراہ چیز دیگر است . بسا اوقات الجاء و اکراہ متحقق شود و قبض نتواں گفت و نہ بہ ثبوت ملک اعتراف تواں کرد الجاء واکراہ در احرارھم باشد و قبض فقط در ارقاء باشد نہ غیر. باایں ہمہ گویم اگر کافراں رادرقلعہ محصور کردہ از آب و دانہ تنگ گردانیم ہنوز ملک نتواں گفت کہ احراز متحقق نشد. و قبض نقش صورت نیافت . ممکن است کہ دروازہ قلعہ کشادہ بگریزند و مال اسباب وزن و فرزند را ہمراہ برند.چنانچہ بسا اوقات ہمیں ساں باشد لیکن دریں ہم شک نیست کہ اکراہ متحقق شد والجاء بوجود آمد. پسِ اگر بھر کاری یا بھر مالی بر کسی اکراہ کنند مکرہ را مقبوض نتواں پنداشت . تابشرط قابلیت ملک مملوک پندارند و زیادہ تر ازیں اگرشرح ایں امر می طلبی بشنو کہ.

## ساتویں بات

ساتویں بات یہ ہے کہ قبضہ دوسری چیز ہے اور جبر اور زبردستی کرنا دوسری چیز ہے بسا اوقات زبردستی کرنا اور مجبور کرنا متحقق ہوتا ہے اور (اس کو) قبضہ نہیں کہہ سکتے اور نہ ہی ملکیت کے ثبوت کا اقرار کر سکتے ہیں الجاء اور اِکراہ احرار (آزاد لوگوں) میں بھی ہوتا ہے اور قبضہ صرف ارقاء (غلاموں) میں ہوتا ہے۔ نہ غیر میں۔ بایں ہمہ میں کہتا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہوں کہ اگر کافروں کو قلعہ میں محصور کر کے آب و دانہ سے ہم انہیں تنگ کر دیں تو تب بھی (ان پر) ملکیت (کا ہونا) نہیں کہہ سکتے کیونکہ احراز (قبضے میں لے لینا) متحقق نہیں ہوا اور قبضہ نے صورت اختیار نہیں کی۔ ممکن ہے کہ قلعے کا دروازہ کھول کر بھاگ جائیں اور مال و اسباب بیوی بچے ساتھ لے جائیں چنانچہ اکثر اوقات اس طرح ہوتا ہے لیکن اس میں بھی شک نہیں ہے کہ (اس صورت میں) اکراہ متحقق ہوا اور الجاء وجود میں آیا۔ پس اگر کسی کام کے لئے یا کسی مال کیلئے کسی پر جبر کریں تو جبر کئے ہوئے کو مقبوضہ گمان نہیں کریں گے تا کہ بشرط قابلیت ملک، اسے مملوک خیال کریں اور اگر اس سے زیادہ اس اَمر کی تشریح آپ کو مطلوب ہے تو سنئے۔

## تعریف قبضہ

قبض بر چیزی بدست آوردنش باشد خواہ حقیقت باشد. چنانچہ در اشیائے صغیرہ کہ مساحت دست مامحیط او تواں شدمی باشد یا حکما یعنی تصرفات دستکاری ھا دراں‌تواں کرد. مثلاً مکان و جانوراں و بنی آدم اگر پیش ما بطوری باشد کہ مکان را بناکنیم یا منہدم توانیم ساخت و جانوراں را قطع و قتل و ذبح و از جای بجای بردن توانیم آں وقت مصداق قبض متحقق شد. اگرمانعی و مزاحمی نیست ھمیں قبض مالکانہ باشد ورنہ قبض غصب یا ودیعت وغیرہ بالجملہ قبض نام ایں کیفیت است بہ قرب معلوم متحقق شود. خواہ ایں قرب خود قابض رامیسر آید بذات خود یابواسطہ نوّاب وخلفاء بطرف او منسوب باشد. باقی حرمت بعضی تصرفات مثل قطع اطراف ارقاء یا قتل اوشاں قادح امکان ایں تصرفات نیست . بلکہ خود مصحح آں است ورنہ ممانعت چہ معنی داشتی و در اکراہ ایں‌قسم قرب و احاطہ تصرف ضرور نیست.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## تعریف قبض

کسی چیز پر قبضہ اس کو ہاتھ میں لانا ہوتا ہے خواہ حقیقت کے طور پر ہو جیسا کہ چھوٹی چیزوں میں کہ ہمارے ہاتھ کی چوڑائی ان چیزوں کو اپنے اندر سمو لے یا حکماً قبضہ ہو کہ ہمارے ہاتھوں کو ان کے تصرفات کا حق ہو۔ مثلاً مکان اور جانور اور انسان اگر ہمارے سامنے اس طرح ہو جائیں کہ ہم مکان کو بنا سکیں یا گرا سکیں اور جانوروں کو قطع، قتل، ذبح کر سکیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں تو اس وقت قبضے کے معنے متحقق ہو گئے۔ اگر کوئی مانع اور مزاحم نہیں ہے تو یہی مالکانہ قبضہ ہوگا ورنہ غصب کر کے قبضہ کرنا یا امانت وغیرہ کے طور پر بالجملہ قبضہ اس کیفیت کا نام ہے کہ قرب معلوم کے ذریعے متحقق ہو۔ خواہ یہ قرب خود قبضہ کرنے والے کو بذات خود میسر آئے یا نائبین اور خلفاء کے ذریعہ اس کی طرف منسوب ہو باقی بعض تصرفات کا حرام ہونا مثلاً غلام کے ہاتھ پاؤں کا کاٹ ڈالنا یا ان کا قتل کرنا اس قسم کے تصرفات کے امکان کے لئے مانع ہے بلکہ اس کے لئے مصحح ہے ورنہ ممانعت کے کیا معنی ہیں اور جبر میں اس قسم کے قرب اور تصرف کا احاطہ ضروری نہیں ہے۔

## سخن ہشتم

هشتم اینکه بعض وقائع مبادی بعض افعال و مستوجب بعض اعمال باشند مگر بوجه خفائی که در ثبوت آنها باشد بوجه احتیاط به نسبت بعض اعمال و افعال ثابت و متحقق انگارند و به نسبت بعض دیگر معدوم و غیر ثابت ، نظیر این کلیه در احادیث قصه منازعت و مخاصمت حضرت " سعد بن ابی وقاص " رضی الله عنه و "عبدبن زمعه" است در "ابن ولیدة زمعه" چه علوق نطفه کسی مستلزم انتساب نسب ولد باوست اگرچه میراث و دیگر منافع بوجه حرمت در زنا ازوبازدارند لیکن انتساب واقعی ازیں قدر غلط

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نتواں شد چوں ثبوت کامل نبود و ایں طرف زنا خود امرے است که طبائع سلیمه باو رغبت نکنند و مجتنب باشند.

دعویٰ حضرت سعد بن ابی وقاص دافع استحقاق فراش نشد. حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیه وسلم فرمودند:

"اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاش"

مگر نظر بمشابهت حلیه بعتبه ابن ابی وقاص به نسبت حضرت سوده رضی اللہ عنها ارشاد رفت اِحْتَجِبِیْ مِنْهُ یَا سَوْدَهُ.

غرض قرینهٔ فراش مثبت انتساب نسب زمعه شد. مگر دربارهٔ بے حجابی حضرت سوده مفید نگردید و قرینه مشابهت ظاهری اگرچه موجب تورع از بے حجابی گردید. مگر دافع حقوق نسبی از میراث وغیره نه شد. و همچنیں شهادت عدل واحد در باره ثبوت حق اگر مفید نیست ایں هم نیست که بوجه عدم اثبات حق از پایهٔ اعتبار ساقط شود و عدالت مبدل بفسق و فجور شمرده شود و در فروع مسئله است که در حق مال خود زنده باشد و درحق دیگراں مرده. مالش بخیال موت بمیراث نه برند و مال دیگر اموات باحتمال حیات بمیراث باوند هند.

## آٹھویں بات

آٹھویں بات یہ ہے کہ بعض واقعات بعض افعال کے مبادی اور بعض اعمال کے مستوجب ہوتے ہیں اگر اس پوشیدگی کی وجہ سے جو ان اعمال کے ثبوت میں ہوتی ہے۔ بعض اعمال اور افعال کی بہ نسبت ان مبادی کو ثابت اور متحقق مانتے ہیں۔ اور بعض دوسروں کی بہ نسبت معدوم اور غیر ثابت مانتے ہیں۔

اس کلیہ کی نظیر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور عبد بن زمعہ کے درمیان ابن ولیدہ زمعہ کے بارے میں نزاع اور جھگڑے کا قصہ احادیث میں ہے کیونکہ کسی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے نطفے کا ٹھہر جانا لڑکے کے نسب کا اس باپ کی طرف منسوب کرنے کو لازم قرار دیتا ہے۔ اگرچہ میراث اور دوسرے منافع کو زنا کے حرام ہونے کی وجہ سے اس سے روکتے ہیں لیکن واقعی طور پر (زانی کی طرف) منسوب کرنے کی بات غلط نہیں ہوسکتی۔ لیکن چونکہ ثبوت مکمل نہ تھا اور اس طرف زنا خود ایک ایسا معاملہ ہے کہ سلیم طبیعتیں اس کی طرف رغبت نہیں کرتیں بلکہ پرہیز کرتی ہیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا دعویٰ فراش کے حق میں دار ہونے کا نہ ہوا۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''الولد ﴿الولد للفراش ایک حدیث کا ٹکڑا ہے جو اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بخاری اور مسلم دونوں نے روایت کی ہے۔ عتبہ کافر تھا اس نے زمعہ کی لونڈی سے زنا کیا۔ عتبہ نے مرتے وقت اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص کو وصیت کی کہ زمعہ کی لونڈی سے جو لڑکا ہے وہ میرا ہے لہٰذا تم اس کو لے لینا۔ فتح مکہ کے سال حسب وصیت عتبہ سعد بن ابی وقاص نے اس کو لے لیا کہ یہ میرا بھتیجا ہے۔ زمعہ کا ایک لڑکا تھا عبد بن زمعہ اس نے کہا یہ میرا بھائی ہے اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے۔ دونوں آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس یہ مقدمہ لے گئے۔ سعد بن ابی وقاص نے اپنے بھائی کی وصیت بیان کی اور کہا کہ میرے بھائی نے کہا تھا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ عبد بن زمعہ نے کہا کہ یہ میرا بھائی ہے کہ میرے باپ زمعہ نے اپنی لونڈی سے جنوایا ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبد بن زمعہ وہ لڑکا تیرے ہی سپرد ہے اور تیرا بھائی ہے کیونکہ الولد للفراش بچہ بچھونے والے کا ہے جس کے بچھونے اور فرش پر پیدا ہوا ہے۔ وللعاھر الحجر اور زانی کے لئے پتھر یعنی محرومی ہے یعنی بچے اور وراثت سے۔ بخاری ومسلم۔ مترجم﴾ للفراش'' لیکن عتبہ بن ابی وقاص کے ساتھ صورت کی مشابہت پر نظر رکھتے ہوئے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے متعلق ارشاد ہوا کہ ''اے سودہ اس سے پردہ کر۔''

﴿ زمعہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد تھے جو آنحضور صلی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مبارکہ تھیں تو یہ لڑکا حضرت سودہ کے باپ زمعہ کا جب ٹھہرایا گیا تو حضرت سودہ کا بھائی ہونے کے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

باعث اس سے پردہ کرنے کی ضرورت نہ تھی مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ کو فرمایا احتجبی منه اے سودہ! اس سے پردہ کر کیونکہ صورت میں وہ لڑکا عتبہ کی شکل پر تھا۔ چنانچہ اس لڑکے نے تا وفات حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا۔

**غرض قرینۂ فراش مثبت انتساب نسب زمعه شد. مگر دربارۂ بے حجابی حضرت سوده مفید نگر دید و قرینه مشابهت ظاهری اگرچه موجب تورع از بے حجابی گردید . مگر واقع حقوق نسبی از میراث وغیره نه شد. و هم چنیں شهادت عدل واحد درباره ثبوت حق اگر مفید نیست ایں هم نیست که بوجه عدم اثبات حق از پایۂ اعتبارساقط شود و عدالت مبدل بفسق و فجور شمرده شود و در فروع مسئله است که در حق مال خود زنده باشد ودر حق دیگراں مرده. مالش بخیال موت بمیراث نه برند و مال دیگر اموات باحتمال حیات بمیراث باوندهند.**

غرض فراش کا قرینہ زمعہ کے نسب کے انتساب کا مثبت ہوا مگر حضرت سودہ کی بے حجابی کے بارے میں مفید نہیں ہوا اور ظاہری مشابہت کا قرینہ اگرچہ بے حجابی سے بچنے کا موجب ہوا مگر میراث وغیرہ کے متعلق حقوق نسبی کو روک نہ سکا۔

اور اسی طرح ایک عادل شخص کی شہادت حق کے ثبوت کے بارے میں اگر مفید نہیں ہے تو یہ بھی نہیں ہے کہ حق کو ثابت نہ کر سکنے کی وجہ سے اعتبار کے مقام سے گر جائے اور عدالت (عادل ہونا) فسق و فجور سے بدل جائے (چنانچہ) گم شدہ آدمی کے مسئلے کی جزئیات میں ہے کہ (وہ مفقود آدمی) اپنے مال کے حق میں زندہ ہوتا ہے اور دوسروں کے حق میں مُردہ ہوتا ہے۔ اس کے مال کو موت کے خیال سے میراث سمجھ کر نہیں لیجا سکتے اور دوسرے مردوں کا مال (میراث کے طور پر مفقود کی) زندگی کے احتمال پر (گمشدہ شخص کو) نہیں دے سکتے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## سخن نہم

نهم اینکه حقائق ممکنه که هیئات حاصله از اقتران وجود و علم باشند از اقسام کیف اند نه کم ورنه لازم بودکه هیئات و اشکال منقسم شده بر اقسام خود صادق آمدی. چه وجود مقسم در اقسام و اطلاق آن‌بر اقسام خودضروری است و میدانی که در هیئات و اشکال خیال این‌امرخیال محال است. نمیدانی که اشکال هندسی مثلاً مثلث و مربع و مخمس وغیره که هیئتی است حاصل باقتران خطوط معلومه که باقتران وجود سطوح معلومه و اعدام آن پیدامی شوند، قابل آن نیستند که تقسیم کرده مثلث ها و مربع ها و مخمس ها برآرند و آنچه در بادی النظر خلاف این‌دعویٰ بنظرمی آید ازتغلیط اطلاقات عرفی است.این تقسیم که می بینی برسطوح معلومه واقع می شود. نه بران هیئات و کلام مادر هیئات است نه در ذوهیئات و معروضات هیئات اعنی سطوح. غرض آن هیئت که برسطوح مذکوره عارض مے شود و حقیقت آن‌جز خطوط متلاقیه هیچ نیست در خور آن‌نیت که منقسم شود و اقسام همنام خود از زیر پردهٔ اوبر آیند ، چون‌حال حقائق ممکنه نیز همچنیں است آنها را نیز قابل قسمت نباید دانست. زیاده اگر شرح می طلبی بشنوو خود پیشتر بارها بشنیدهٔ که وجود و علم از حقائق مذکوره برکران است ورنه ضرورت و امتناع هر دو از ذاتیات آنها بودی چه.

الشیء اذا ثبت ثبت بلوازمه

و میدانی که حمل وجود بر وجود ضروری است که حمل اولی است و حمل وجود بر عدم ممتنع که اجتماع نقیضین است. بایں همه

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جنس که مادۂ انواع است درهمه انواع و نوع که ماده افراد است درهمه افراد و اشخاص مشترک است. مابه الامتیاز اگر باشد فصل باشد یا تشخص. پس اختلاف حقیقت لا جرم ثمره فصل و تشخص باشد ورنه در مرتبه جنس و نوع همه انواع و افراد متحد باشند. نظر بریں حیوان از حقیقت انسانی که ممتاز از فرس وغیره انواع است و انسان از حقیقت زید که ممتاز از حقیقت عمرو بکراست خارج بود و هم چنیں تا وجود که منقسم همه انواع و اجناس است وهمه به نسبت او فصل قیاس کن و ایں دخول مشهور قادح دعویٰ مانیست هر یکے را اصطلاحی داده ایم و مثل مشهور است " لا مشاحة فی الاصطلاحات " حقیقت بمعنی ما به الامتیاز هم چنیں است که ما گفتیم .چوں امکان مقابل وجوب و امتناع افتاده لا جرم وجود و عدم را از حقیقتش خارج باید انگاشت ورنه از تقابل دست بایدشست.

## نویں بات

نویں بات یہ ہے کہ حقائق (عدم سے وجود میں آنے والی اشیاء حقائق ممکنہ کہلاتی ہیں۔مترجم) ممکنہ جو کہ وجود اور عدم کے ملنے سے حاصل ہونے والی ہیئات (شکلوں) کا نام ہے (تو وہ حقائق ممکنہ) کیف کی قسم سے ہیں نہ کہ کم کی ورنہ لازم آئے گا کہ ہیئتیں اور شکلیں تقسیم ہوکر اپنی قسموں پر صادق آتیں کیونکہ مقسم (تقسیم کی گئی چیز) کا وجود اپنے اقسام میں اور اس کا اطلاق اپنے اقسام پر ضروری ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ ہیئتوں اور شکلوں میں اس بات کا خیال محال بات کا خیال کرنا ہے۔آپ کو معلوم نہیں کہ جیومیٹری کی شکلیں مثلاً مثلث  اور مربع  اور مخمس  وغیرہ ایک ہیئت ہیں جو کہ معلومہ خطوط کے ملانے سے جو خطوط کہ معلومہ سطحوں کے وجود اور ان کے عدم کے ملانے سے پیدا ہوتی ہیں، اس قابل نہیں ہیں کہ ان کو تقسیم کر کے مثلثوں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور مربعوں اور مخمسوں کو نکال لیں اور جو کچھ ظاہر نظر میں اس دعوے کیخلاف نظر آتا ہے وہ عرفی اطلاقات کی تغلیط کی وجہ سے ہے۔ یہ تقسیم جوتم دیکھتے ہو معلومہ سطحوں پر واقع ہوتی ہے نہ کہ ان شکلوں پر اور ہماری بحث شکلوں میں ہے نہ کہ شکل والوں میں اور ہیئیوں کی معروضات یعنی سطوح میں۔ غرض وہ ہیئت کہ مذکورہ سطحوں پر عارض ہوتی ہے اور اس کی حقیقت باہم ملنے والے خطوط کے سوااور کچھ نہیں ہے اس قابل نہیں ہے کہ جو تقسیم ہو جائے اور اپنے ہم نام اقسام اس کے پردے کے نیچے سے نکلیں تو جب حقائق ممکنہ کا حال بھی اس طرح ہے ان کو بھی قابل تقسیم نہ جاننا چاہیے۔ اگر زیادہ تشریح چاہتے ہو تو سنئے اور پہلے بھی بارہا سن چکے ہو کہ وجود وعدم حقائق مذکورہ سے برطرف ہوتے ہیں ورنہ ضروری اور ناممکن ہونا دونوں ان کی ذاتیات میں سے ہوتے کیونکہ کوئی چیز جب ثابت ہوتی ہے تو اپنے لوازم کے ساتھ ثابت ہوتی ہے۔

اور آپ جانتے ہیں کہ وجود کا محمول ہونا وجود پر ضروری ہے کہ حمل اولیٰ ہے اور وجود کا حمل عدم پر ناممکن ہے کہ اجتماع نقیضین ہے بایں ہمہ جنس جو کہ مادۂ انواع ہے تمام نوعوں میں اور نوع جو کہ افراد کا مادہ ہے تمام افراد واشخاص میں مشترک ہے (اور) وہ چیز جس کے ذریعہ ایک چیز دوسری سے پہچانی جائے اگر ہوگی تو فصل ہوگی یا تشخص ہوگا۔ لہٰذا حقیقت کا اختلاف ضروری طور پر فصل اور تشخص کا نتیجہ ہوگا ورنہ جنس اور نوع کے مرتبے میں تمام انواع اور افراد متحد ہوں گے۔ نظر بریں حیوان انسانی حقیقت سے جو کہ فرس وغیرہ انواع سے ممتاز اور انسان زید کی حیقت سے جو کہ عمرو اور بکر کی حقیقت سے ممتاز ہے خارج ہوں گے اور اسی طرح وجود تک جو کہ تمام انواع واجسام کا مقسم ہے اور باقی سب اس کی بہ نسبت فصل میں قیاس کرتے چلے جاؤ اور یہ مشہور دخول ہمارے دعویٰ کو نقصان نہیں پہنچاتا۔ ہم نے ہر ایک کی اصطلاح رکھ دی ہے اور مثل مشہور ہے اصطلاحات (کا نام رکھنے) میں کوئی جھگڑا نہیں۔ لہٰذا حقیقت ما بہ الامتیاز کے معنی میں اس طرح کی ہے جو کہ ہم نے بیان کی جبکہ امکان وجوب اور امتناع کے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مقابلے میں آپڑا۔ لہٰذا ضروری طور پر وجود اور عدم کو اس کی حقیقت سے خارج خیال کرنا چاہیے ورنہ تقابل سے ہاتھ اُٹھا لینے چاہئیں۔

## سخن دہم

دهم اینکه ملک از اضافیات است. چه یک طرفش مالکی ضرور است و یک طرفش مملوک و اوصاف انتزاعیه اتصافیه قابل تقسیم نباشند آری اوصاف انضمامیه گو بذات خود مورد قسمت نباشند اما بتقسیم مقسم و انقسام آن منقسم شوند. آب را اگر تقسیم کنند حرارت و برودتش هم بالتبع منقسم شود. اما فوقیت و تحتیه وغیره اوصاف اضافیه ازیں انقسام آب منقسم نشوند پس اگر آب زیر سقفی بود و نصف آب را از آوند گرفته بآوند دیگر اندازند و برون برندتامهم تحتیت سابقه همانطور بتمامها بنصف باقی منتسب شود و نصفیکه برون برده اند معری از وصف تحتیت برون آید.

الغرض اگر تغیری بجانب موصوف پدیدارآید اوصاف اضافیه انتزاعیه همانساں بحال خود باشند و اوصاف انضمامیه از تغیر لا حق بموصوفات متغیر شوند. از حرکت تحت تحتیت منتقل نشود و از انتقال حار حرارت منتقل گردد. دریں باره اوصاف انضمامیه مشابه زمان و زمانیات اعنی حرکات اندکه بانتقال و حرکت طرف اعنی زمانه مظروف اعنی حرکات منتقل و متحرک شود. و اوصاف انتزاعیه مشابه مکان و مکانیت که بانتقال مظروف ظرف از جائے بجائے زود. و سردریں سخن ایں است که درحقیقت اوصاف انضمامیه اوصاف حال و قائم وذو مرتبه فوقیت و تحتیت اوّلا بالذات بعد لحاظ طرف ثانی صفت حیز سقف و فرش و زمین و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آسمان است نه صفت سقف وغیره. تا از حرکت و انتقال اوصاف و از تغیرآں تغیر اوصاف لازمآید. و غرضم از حیز فرش وغیره بعد مجرد است نه سطح حاوی که آں خود در تغیر و حرکت تابع حاوی است و بدیں سبب نتواں گفت که ایں قسم اوصاف ازاوصاف ذاتیه یا لوازم وجود اوست. لیکن باایں همه ایں قدر یاد باید داشت که بعدمذکور رانیز موصوف ایں اوصاف به حیثیت ذات نتواں گفت. بلکه دراصل ایں قسم اوصاف بتوسط هیئتی که حیز را حاوی باشد لا حق می شود. و مفادش بعد تجرید نظر هماں سطح حاوی می برآید اگر فرق است همیں قدر است که دیگراں جسم راحاوی گویند و ما مکان جسم حاوی را دراصل حاوی دانیم که احتواء و حواء که مرادف ظرفیت است صفت مکان باشد نه مکین. گو دربادی النظر صفت مکین هم معلوم شود.

چوں عدم انقسام حقائق ممکنه و اوصاف انتزاعیه اضافیه بوضوح پیوست ایں هم واضح شده باشدکه موصوفات اوصاف انتزاعیه اضایه اگر از قسم هیاکل ممکنه باشد لا جرم همه وصف بهمه موصوف منتسب شود. اندریں صورت اگر چیزی ایں قسم باعتبارین مختلفین موصوف اوصاف متضائقه باشد مثل فوقیت و تحتیت چنانکه ما باعتبارزمین فوقیم و باعتبار آسمان تحت هر دو وصف متضائف بتمامها بهمه آں موصوف لاحق شود. ایں نیست که یکی بیک نصف و دیگری بیک نصف. چوں از مشاهدۂ احوال خویش خود ظاهر است که ما اگر فوقیم همه تن فوقیم و اگر تحتیم همه تن تحت . حاجت زیاده قلم فرسائی نیست.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**الغرض یک موضوع بهر هزار قضیه موضوع توان شد و هم چنیں یک محمول بهر هزار قضیه محمول توان شد. وحدت موضوع مانع تعدد محمول نیست. ووحدت محمول مانع تعدد موضوع فی. اگر همچنیں در یک قضیه زیاده از یک نسبت نباشد چنانچه بدیهی است.**

## دسویں بات

دسویں تمہید یہ ہے کہ ملک اضافی اُمور میں سے ہے اس کے ایک طرف ضروری طور پر مالک ہے اور ایک طرف مملوک ہے اور انتزاعیہ ﴿انتزاعیہ اُمور کے متعلق پہلے کسی خط کے حاشیے میں بیان کیا گیا ہے وہ اُمور ہوتے ہیں جو دو یا کئی چیزوں کے تعلق سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً فرش اور چھت کے ذریعہ بلندی اور پستی کا پیدا ہونا اُمر انتزاعی ہے۔ مترجم﴾ اتصافیہ اور صاف تقسیم کے قابل نہیں ہوتے ہیں ہاں انضمامیہ اوصاف گو بذات خود مورد تقسیم نہیں ہوتے لیکن مقسم کے تقسیم کرنے اور اس کے تقسیم ہو جانے کی وجہ سے منقسم ہوتے ہیں۔ پانی کو اگر تقسیم کریں تو اس کی حرارت (اگر وہ گرم ہے) اور اس کی برودت بالطبع (اگر وہ ٹھنڈا ہے) تقسیم ہو جاتی ہے لیکن فوقت اور تحتیت وغیرہ اضافی اوصاف اس پانی کی تقسیم سے تقسیم نہیں ہوتے۔ لہٰذا اگر پانی چھت کے نیچے ہو اور آدھے پانی کو برتن سے لے کر دوسرے برتن میں ڈال دیں اور باہر لے جائیں تو پھر پہلی تحتیت اسی طرح پوری کی پوری باقی نصف پانی کے ساتھ منتسب ہو جائے گی اور نصف پانی جو باہر لے گئے ہیں تحتیت کی صفت سے بالکل خالی ہو جائے گا۔

الغرض اگر کوئی تغیر موصوف کی جانب ظاہر ہوگا تو انتزاعی اور اضافی اوصاف اسی طرح اپنے حال پر ہوں گے اور انضمامی اوصاف موصوفات کو لاحق ہونے والے تغیر سے متغیر ہو جائیں گے۔ تحت کی حرکت سے تحتیت منتقل نہیں ہوتی اور گرم چیز کے منتقل ہونے سے حرارت منتقل ہو جاتی ہے اس بارے میں انضمامی اوصاف زمانہ اور زمانہ والی چیزوں یعنی حرکات کے مشابہ ہیں کہ طرف یعنی زمانہ کی حرکت اور انتقال

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سے مظروف یعنی حرکتیں منتقل اور متحرک ہو جاتی ہیں اور انتزاعی اوصاف مکان اور مکان والی چیزوں کے مانند ہوتے ہیں کیونکہ مظروف کے انتقال کی وجہ سے ظرف ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں چلا جاتا ہے اور اس بات میں راز یہ ہے کہ حقیقت میں انضمامیہ اوصاف حال ﴿کسی جگہ میں حلول کرنے والی چیز کو حال کہتے ہیں﴾ اور قائم ہوتے ہیں اور انتزاعیہ اوصاف محل اور مقام اور مرتبہ ہوتے ہیں نہ کہ حال اور قائم ہوتے ہیں اور انتزاعیہ اوصاف محل اور مقام اور مرتبہ ہوتے ہیں نہ کہ حال اور قائم ہوتے ہیں اور انتزاعیہ اوصاف محل اور مقام اور مرتبہ ہوتے ہیں نہ کہ حال اور قائم اور مرتبے والے کا وصف۔ اوّلاً فوقیت اور تحتیت بالذات طرف ثانی کے لحاظ کے بعد زمین و آسمان، فرش اور سقف کے حیز کی صفت میں نہ کہ سقف وغیرہ کی صفت کہ اس کے منتقل ہونے اور حرکت کرنے سے اوصاف کا انتقال اور حرکت اور اس کے تغیر سے اوصاف کا تغیر لازم آئے اور میری غرض فرش وغیرہ کے حیز سے بُعدِ مجرد ہے نہ کہ سطح حاوی کہ وہ خود تغیر اور حرکت میں تابع حاوی ہے اور اس سبب سے نہیں کہہ سکتے کہ اس قسم کے اوصاف ذاتی اوصاف یا اس کے وجود کے لوازم میں سے ہیں لیکن ان سب باتوں کے باوجود اس قدر یاد رکھنا چاہیے کہ بُعد مذکور کو بھی ذات کی حیثیت سے ان اوصاف سے موصوف نہیں کہہ سکتے بلکہ اصل میں اس قسم کے اوصاف اس ہیئت کے ذریعہ سے جو کہ حیز کو حاوی ہوتی ہے لاحق ہوتے ہیں اور اس کا مفاد اور چیزوں سے نظر ہٹا کر وہی حاوی سطح نکلتا ہے۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ دوسرے لوگ جسم کو حاوی کہتے ہیں اور ہم جسم حاوی کے مکان کو اصل میں حاوی جانتے ہیں کیونکہ احتواء اور حواء جو کہ ظرفیت کے مرادف ہے مکان کی صفت ہے نہ کہ مکین کی۔ گو ظاہر نظر میں مکین کی صفت بھی معلوم ہوتی ہو۔

جب حقائق ممکنہ اور اوصاف انتزاعیہ اضافیہ کا تقسیم نہ ہونا واضح ہو گیا تو یہ بھی واضح ہو گیا ہو گا کہ اوصاف انتزاعیہ اضافیہ کے موصوفات اگر ممکنہ اجسام واشکال کی قسم سے ہوں گے تو ضروری طور پر پورا وصف پورے موصوف کے ساتھ متعلق ہو گا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس صورت میں اگر اس قسم کی کوئی چیز دو مختلف اعتبار سے فوقیت اور تحتیت جیسے متضائفہ ﴿متضائفہ ایسے دو مفہوم کہلاتے ہیں جس میں سے ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو جیسے باپ کا سمجھنا بیٹے پر اور بیٹے کا سمجھنا باپ پر موقوف ہے۔ اسی طرح اُونچائی کا سمجھنا نیچائی پر اور نیچائی کا سمجھنا اُونچائی پر موقوف ہے۔ مترجم﴾ اوصاف سے موصوف ہوگی جیسا کہ ہم زمین کے اعتبار سے اوپر ہیں اور آسمان کے اعتبار سے نیچے تو دونوں متضائف اوصاف تمام کے تمام اس تمام موصوف کے ساتھ لاحق ہوں گے۔ یہ نہیں ہے کہ ایک ایک نصف کے ساتھ اور دوسرا ایک نصف کے ساتھ لاحق ہو۔ یہ بات خود اپنے مشاہدے سے ظاہر ہے کہ ہم اگر فوق ہیں تو تمام جسم کے اعتبار سے فوق ہیں اور اگر تحت ہیں تو ہم تن تحت ہیں۔ زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

الغرض ہزار قضیوں کے لیے ایک موضوع، موضوع ہوسکتا ہے اور اسی طرح ایک محمول ہزاروں قضیوں کے لیے محمول ہوسکتا ہے۔ موضوع کا ایک ہونا محمول کے کئی ہونے کو مانع نہیں ہے اور محمول کا ایک ہونا کئی موضوع ہونے کو مانع نہیں۔ مگر اسی طرح ایک قضیہ میں ایک نسبت سے زیادہ نسبت نہ ہوگی۔ جیسا کہ واضح ہے۔

## اعتراض

**و اگر کدامی ذکی کج طبع را بدل آید که قضیه کلیه یک قضیه باشد و باز بقدر افراد موضوع نسب متعدده از همان یک نسبت زایند اگر دران قضیه زیاده از یک نسبت نبا شد این تعدد نسبت راوجهی نیست . و اگر نسب متعدده دران کلیه بودند دعوی وحدت نسبت سراسر غلط باشد. در جوابش اگرچه امثال معترض را می رسد که گوید نمی پذیریم که قضیه کلیه چنانکه بظاهر واحد است هم چنان بالمعنی هم واحد است. والعبرت للمعانی.**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## اعتراض

اور اگر کسی کج طبیعت ہوشیار آدمی کے دل میں یہ بات پیدا ہو کہ قضیہ کلیہ ایک قضیہ ہوتا ہے اور پھر موضوع کے افراد کے بقدر متعدد نسبتیں اسی ایک نسبت سے پیدا ہوتی ہیں اگر اس قضیے میں ایک سے زیادہ نسبت نہ ہو تو اس نسبت کے کئی ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے اور اگر متعدد نسبتیں اس کلیہ میں تھیں تو نسبت کے ایک ہونے کا دعویٰ سراسر غلط ہوگا اس کے جواب میں اگر چہ معترض جیسے لوگوں کو حق پہنچتا ہے کہ وہ کہیں کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ قضیہ کلیہ ﴿قضیہ کلیہ وہ قضیہ ہوتا ہے جس میں موضوع کے تمام افراد پر حکم لگایا جاتا ہے۔ جیسے کل انسان حیوان کہ یہ قضیہ کلیہ ہے اس میں انسان موضوع ہے جس پر حیوان ہونے کا اطلاق ہے۔ مرجم﴾
جیسا کہ بظاہر ایک ہے اسی طرح معنی میں بھی ایک ہے اور اعتبار معانی کا ہے۔

## جواب

مگر آنکه جواب است این است که موصوف باوصاف اضافیه انتزاعیه هیاکل وهیئات باشد نه ذوهیئت ورنه لازم آید که بانقسام موصوف منقسم شود که اتصاف را جز تبعیت موصوف چارۂ دگر نیست . الغرض لازم است که وصف تابع موصوف باشد . اگر او واحد است این هم واحد باشد و اگر او متعدد و منقسم است این هم متعدد و منقسم باشد . ورنه موصوف گفتن و دعویٰ اتصاف غلط باشد. آری اگر مورد اوصاف اضافیہ انتزاعیه فقط هیاکل باشند و محل اوصاف انضمامیه فقط ذوهیئت که در آغوش هیاکل و هیئت باشد. قصه تبعیت اوصاف و متبوعیت موصوفات همه صحیح گردد. چه ذوهیئت که همانا کلی طبعی است قابل انقسام است. حصص متبائنه کثیره که در افراد باشند. ثمرۂ همیں اقسام است. پس می باید که اوصاف این قسم موصوفات بالتبع منقسم شوند.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## جواب

مگر جو جواب ہے وہ یہ ہے کہ اضافیہ انتزاعیہ اوصاف کا موصوف شکلیں اور ہیئتیں ہوتی ہیں نہ کہ شکل والا ورنہ لازم آئے گا کہ موصوف کے تقسیم ہونے سے وہ اوصاف بھی تقسیم ہو جائیں۔ کیونکہ اتصاف کے لئے موصوف کے تابع ہونے کے سوا کوئی اور چارہ نہیں ہے۔ الغرض ضروری ہے کہ صفت موصوف کے تابع ہو۔

اگر موصوف واحد ہے تو یہ بھی واحد ہوگی اور اگر موصوف کئی اور منقسم ہیں تو صفات بھی متعدد اور منقسم ہوں گی ورنہ موصوف کو موصوف کہنا اور متصف کرنے کا دعویٰ غلط ہوگا۔ ہاں اگر اضافیہ انتزاعیہ کے اوصاف کے وارد ہونے کی جگہ فقط شکلیں ہوں اور انضمامیہ اوصاف کا محل فقط شکل والا ہو جو کہ شکلوں اور ہیکوں کے آغوش میں ہو تو پھر اوصاف کے تابع ہونے اور موصوفات کے متبوع ہونے کا قصہ صحیح ہوگا کیونکہ ہیئت والی کہ وہی کلی طبعی ہے انقسام کے قابل ہے ایک دوسرے کے مغائر حصے جو کہ افراد میں ہوتے ہیں وہ اسی انقسام کا نتیجہ ہیں لہٰذا چاہئے کہ اس قسم کے موصوفات کے اوصاف تابع ہو کر منقسم ہو جائیں۔

## تکثر ہیاکل

(هیاکل را دانی که ازیں قسم تکثر اعنی تکثر انقسام بر کراں داشته اند. اوصافش نیز ازیں قسم تکثر و تعدد بهره ندارند) اور شکلوں کے متعلق آپ جانتے ہی ہیں کہ اس قسم کے تکثر یعنی تقسیم کی وجہ سے تکثر سے ان شکلوں کو علیحدہ رکھا ہے ان کے اوصاف بھی اسی قسم کے تکثر اور تعدد سے کوئی حصہ نہیں رکھتے۔

## تکثر انطباعی

آری تکثری است دیگر که آنرا باصطلاح خود به تکثر انطباعی و تعدد انعکاسی و کثرت جلوه تعبیر کنیم . آں چیست تعدد مرایا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

و مظاهرشی . پس اگر چیزی واحد در مظاهر کثیره منطبع شود این تعددیکه بوجه کثرت انطباعات بنام آورده اند تعددی دیگر باشد این قسم تعدد در جزئیات هم باشد. شکل من وتو دران واحد بآئین هائے کثیره منطبع توان شد. بلکه سواء جزئیات در چیزی دیگر نبود. این تکثر خود دلیل آنست که این جا گنجائش تکثر انقسامی نیست. ورنه همان آش درکاسه باشد چه اگرچه مورد تکثر انطباعی مورد تکثر انقسامی هم بود لازم آید که اوصاف انتزاعیه اضافیه بانقسام اضافیه بانقسام موصوف منقسم شوند ورنه قصه اتصاف غلط باشد. چنان چه بشنیدی مگر مقال کلی طبعی مشار الیه که جزئی باشد آن دگراست. آن غیر قابل التقسیم است که بحساب کلی طبعی جزء لا یتجزی باشد و این جزئیت که از اوصاف هیاکل و هیئات است این دگر است. مگر ازانجاکه سواء وجود مطلق همه را تحدیدی ضرور است که باقتران وجود و عدم پیدا شود و مرادم از "هیئت" و هیاکل همیں است . از زیرتا بالا سواء وجود مطلق همه در آغوش هیکل باشند. اما چون بالا ازوجود مطلق نیز محدود است . زیراکه از تحدیدش لازم آید که بالایش مفهومی و مصداقی است که پاره ازان تراشیده نامش وجودنهاده اند. و این عموم مفهوم از وجود که در بادی النظر قادح دریں دعویٰ است جوابش خود گفته ام.

غرضم از مصداق متحقق احتراز از همیں قسم مفهومات مصنوعه عقل انتزاع پیشه و وهم مفترض است. چه دریں عموم تحکم بکار رفته عموم حقیقی نیست. آن این است که چیزی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

موجود درهمه افراد ساری باشد. پس خود بفرمایند که آن کدام موجود است که در وجود و عدم همه سرایت کرده باشد.

بالجمله اطلاق حقیقی نصیب وجود مطلق است باقی جمله حقائق و مفهومات ازیں اطلاق بے بهره اند. اگر باعتبار حقائق چند عام اند باعتبار حقیقی دگر خاص هم باشند مگر ظاهر است که دریں چنیں مواضع خصوص از آثار آن هیئت و تحدید باشد و عموم از آثار ذوهیئت و محدود وقتیکه قطع نظر از حد مذکور کنند.

پس از استماع ایں تقریر معماء بگذشته اعنی اینکه اوصاف انتزاعیه اضافیه اوصاف محل و مقام اند مگر بواسطۂ هیئت و هیکل نیز منحل شده باشد. بالجمله ازهر هر پهلو مطلب ما واضح است.

اکنوں میگوٗیم که در آغوش هیئت مذکور که جزئیتش خوب دانستی گاهی ماده کلاں باشد گاهی خُرد و نهایت خُردی تا بایں است که انقسام را قبول نکند . پس اگر در هیئت جُزئی ماده هم جزئی است آں را از هر طرف که بینند جزئی باشد. آری تکثر انطباعی در نظر ظاهر پرستاں وهم کلیت افگند. مگر مارا چه زیاں. اگر ایں تکثر انطباعی را نیز یکی ازانحاء کلیت قرار دهند ما نیز بسر و چشم نهیم. چه آں را که جنس گویند یعنی اطلاقش برقلیل و کثیر روا داشته اند و اکثر کلیش گویند. نزد ما از همیں قسم است زیراکه مظهر را صغیر گردانند یا کبیر هیئت و شکل هماں باشد که بود و ازیں جا است که تصویرمرد دراز بالا اگر برکاغذی کوتاه کشند صورت هماں باشد.غرض ایں تکثر اگرچه دربادی النظر لاحق هیئت باشداما نظر بازان معانی دانسته باشند که صورت هماں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

یک است ورنہ شناختن ذی تصویر از تصویر محال بود. البتہ ذی صورت متعدد شد. والعاقل یکفیہ الاشارہ.

## تکثر انطباعی

ہاں ایک اور تکثر ہے کہ اس کو اپنی اصطلاح میں تکثر انطباعی اور تعدد انعکاس اور کثرت جلوہ کے نام سے ہم تعبیر کرتے ہیں۔ وہ (تکثر انطباعی) کیا ہے تعدد مرایا اور مظاہر شی ہے۔ پس اگر ایک چیز مظاہر کثیرہ میں منعکس ہوگی تو یہ تعدد جو انطباعات کی کثرت کی وجہ سے جس کا ہم نے نام تجویز کیا ہے ایک دوسرا تعدد ہوگا اس قسم کا تعدد جزئیات میں بھی ہوتا ہے ہماری اور تمہاری شکلیں بہت سے آئینوں میں آن واحد میں منعکس ہوسکتی ہیں بلکہ جزئیات کے سوا کسی دوسری چیز میں نہیں ہوسکتیں۔ یہ تکثر خود اس بات کی دلیل ہے کہ یہاں پر تکثر انقسامی کی گنجائش نہیں ہے۔ ورنہ معاملہ جوں کا توں رہے گا کیونکہ اگر تکثر انطباعی کا محل تکثر انقسامی کا محل بھی ہو تو لازم آتا ہے کہ اوصاف انتزاعیہ اضافیہ موصوف کے منقسم ہونے کے ساتھ تقسیم ہو جائیں ورنہ اتصاف کا قصہ غلط ہوگا جیسا کہ تم نے سن لیا لیکن کلی طبعی مذکورہ کی مقابل، جو کہ جزئی ہے وہ اور ہے۔ وہ ناقابل تقسیم حصہ ہے جو کہ کلی طبعی کے حساب سے جزء لا یتجزی ﴿جزء لا یتجزی اس حصے کو کہتے ہیں کہ جس کے پھر جز نہ ہوسکیں۔ مترجم﴾ ہوگا۔

اور یہ جزئیت جو کہ ہیاکل اور ہیئات کے اوصاف سے ہے یہ دوسری جزئیت ہے مگر چونکہ وجود مطلق کے سوا سب کے لئے حد بندی ضروری ہے جو وجود اور عدم کے ملنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور میری مراد ہیئات اور اشکال سے یہی ہے نیچے سے لے کر اُوپر تک وجود مطلق کے سوا تمام کے تمام ہیکل کی آغوش میں ہیں لیکن چونکہ وجود مطلق سے اُوپر کوئی ایسا مفہوم جس کا مصداق متحقق ہو نہیں ہے اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ وجود مطلق بھی محدود ہے۔ کیونکہ اس کی حد بندی سے لازم آتا ہے کہ اس کے اُوپر کوئی مفہوم اور مصداق ہے کہ اس کا ایک حصہ تراش کر اس کا نام وجود رکھ دیا ہے اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

وجود کا یہ عام مفہوم جو کہ ظاہر نظر میں اس دعویٰ کے لئے حارج ہے اس کا جواب میں نے خود دے دیا ہے۔ میری غرض متحقق ہونے والے مصداق سے انہی مفہومات سے بچنا ہے جو فرض کرنے والے وہم اور انتزاع کرنے والی عقل کے من گھڑت ہوتے ہیں کیونکہ اس عموم میں تحکم کا عمل ہونے کی وجہ سے عموم حقیقی نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی موجود چیز تمام افراد میں سرایت کر رہی ہو۔ لہٰذا آپ غور فرمائیں۔ کہ وہ کون سا موجود ہے کہ وجود و عدم تمام میں سرایت کئے ہوئے ہو۔

بالجملہ (وجود کا) حقیقی اطلاق موجود مطلق (خداوند تعالیٰ) کے حصے میں ہے باقی تمام حقائق اور مفہومات اس اطلاق سے بے بہرہ ہیں اگرچند حقائق کے اعتبار سے عام ہیں تو کسی دوسری حقیقت کے اعتبار سے خاص بھی ہیں۔ مگر ظاہر ہے کہ ان جیسے مقامات میں خصوصیت اس ہیئت اور تحدید کے آثار میں سے ہوگی اور عمومیت شکل والے اور محدود کے آثار میں سے ہوگی۔ مگر اس وقت جبکہ مذکورہ حد سے قطع نظر کرلیں۔

اس تقریر کو سننے کے بعد گزشتہ معما بھی یعنی یہ کہ اوصاف انتزاعیہ اضافیہ ہیئت و ہیکل کے واسطے سے محل اور مقام کے اوصاف ہیں، حل ہو گیا ہوگا۔ بہرحال ہر پہلو سے ہمارا مطلب واضح ہے۔

اب میں کہتا ہوں کہ ہیئت مذکورہ کی آغوش میں جس کی جزئیت کو آپ نے خوب جان لیا کبھی ایک بڑا مادہ ہوتا ہے اور کبھی چھوٹا اور اس کی انتہائی چھوٹائی اس درجے تک ہے کہ تقسیم ہونے کو قبول نہیں کرتی پس اگر جزئی کی ہیئت میں مادہ بھی جزئی ہے تو اس کو جس طرف سے دیکھیں گے وہ جزئی ہی ہوگی، ہاں تکثر انطباعی ظاہر نظر رکھنے والوں کی نگاہ میں کلیت کا وہم پیدا کرتی ہے لیکن ہمارا کیا نقصان۔ اگر اس تکثر انطباعی کو بھی کلیت کے اقسام میں سے ایک قسم قرار دیں تو ہم بھی اس بات کو بسر چشم قبول کریں گے کیونکہ جس کو جنس کہتے ہیں کہ جس کا اطلاق قلیل و کثیر سب پر درست ہے اور اکثر اس کو کلی کہتے ہیں تو وہ ہمارے نزدیک اسی قسم سے ہے کیونکہ مظہر کو چھوٹا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کردیں یا بڑا اس کی ہیئت وشکل وہی ہوگی جو کہ تھی اور یہیں سے ثابت ہے کہ اگر لمبے آدمی کی تصویر کسی چھوٹے کاغذ پر کھینچیں تو صورت وہی ہوگی جو کہ ہے۔

غرض یہ کہ تکثر اگرچہ ظاہری نظر میں ہیئت کولاحق ہوتا ہے لیکن حقیقتوں کوتاڑنے والے جانتے ہوتے ہیں کہ صورت وہی ایک ہے ورنہ تصویر والے کو تصویر سے پہچاننا محال ہوجائے گا البتہ تصویر والا شخص متعدد ہوگیا اور عقل مند کو اشارہ ہی کافی ہے۔

## خلش دیگر

ازیں تقریر شاید خلشی دیگر بدل کسی زائیدہ باشد و آں اینست کہ اضافات را بحضرت رفیع الدرجات ہم رسائی است. اگر موردآں ہمیں ہیئات باشند بھر آں ذات پاک ہیئت از کجا باید آورد. مگر آں کہ برہبری عقل مے رودخوددانستہ باشد کہ ذات بحت از اضافات و انتزاعات وراء الوراء ثم وراء الوزاء است وچوں نباشد او غنی عن العالمین است و اضافت را مضاف بامضاف الیہ باید و ہر یکی ازیں روئے احتیاج سوئے دگردارد . غرض او فرد محض است. اضافت کہ از آثار ترکیت است تا بذات او تعالیٰ چہ یاراکہ برسد . زیادہ ازیں چہ گویم" و ازیں قدر ہم می ترسم.مگر معاملہ بآں عزیز است بادیگراں چہ کار."

## دوسری خلش

اس تقریر سے شاید کسی کے دل میں دوسری خلش پیدا ہوئی ہو اور وہ یہ ہے کہ اضافتوں ﴿یعنی مثلاً رزق دینے کی نسبت رازق کے ساتھ اور خلق کی نسبت خالق کے ساتھ وغیرہ وغیرہ۔مترجم﴾ کی رفیع الدرجات (خدا) کی بارگاہ میں بھی رسائی ہے۔ تو اگر ان اضافتوں کا محل یہی ہیئتیں ہوں تو اس خدا کی پاک ذات کے لئے ہیئت کہاں سے آئے گی لیکن جو شخص عقل کو ساتھ لے کر چلتا ہے وہ خود جان لے گا کہ ذات خداوندی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اضافات اور انتزاعات سے وراء الوراء، اور، وراء الوراء ہے اور کیوں نہ ہو وہ تمام جہانوں سے بے پرواہ ہے اور اضافت کے لئے مضاف اور مضاف الیہ درکار ہیں اور ان میں سے ہر ایک دوسرے کا محتاج ہے۔ وہ خداوند تعالیٰ تو صرف فرد ہے اور اضافت جو کہ ترکیب کے آثار میں سے ہے اس کی خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کی کیا مجال۔ اس سے زیادہ میں اور کیا کہوں اور اتنا کہنے سے بھی میں ڈرتا ہوں مگر مجھے تو آپ کے ساتھ معاملہ پڑا ہے دوسروں سے کیا مطلب (لہٰذا بے خوف ہو کر لکھ دیا ہے۔)

## خلاصۂ مطلب

اکنوں وقت آنست که از خلاصه مطلب گفته از نتیجهٔ ایں تطویل لا طائل آگاهانم.

اینکه کلی براِفراد خود صادق می آید، ایں از هماں تکثر بانطباعی آں هیئت است که گرد کلی طبعی گردیده . و برهرهر حصه ازاں جان خود نثار می کند. و از بالا بزیرمی افتد. کلی طبعی اگرچه در خارج موجود باشد چنانچه تحقق افراد درخارج نشانی ازاں است مگر نه بایں معنی که همه آں درهمه افراد است.

ورنه تعدد و تبائن را علت از کجا آرند و نه بایں معنی که منحصر در افراد خارجی است ورنه افراد مقدره را گنجائش نباشد بلکه حصص چند بقدر تعداد در افراد باشد وبازهم همچو قاعده زاویه غیر متناهی باشد. حصص غیر متناهیه باقی باشند و ازیں وجه گنجائش افراد غیر متناهیه هماں ساں باشد که بود. اندریں صورت اطلاق کلی بر جزئیات باعتبار کلی طبعی نباشد ورنه بهمه نهج در کلی و افراد او وحدت بودے همچنیں از افراد هم تبائن برخاستی چه مفاد حمل هُوَ هُوَ که در اطلاق باشدو وحدت است و ایں ممکن

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نیست که باعتبار کلی طبعی وحدت باشد و باعتبار هیئت اعنی کلی جنسی اختلاف و تبائن بود. زیراکه هیئت در غیر وجود از ضروریات کلی طبعی است هر جا که اوست هیئت نیز بروست و تاوجود مطلق هیئت را رسائی نیست پس جائیکه وجود باشد برهمان اطلاق باشد و ازیں جا ست که الانسان نوع گویند و زید نوع نتوان گفت. زیراکه نوعیت از عوارض مجموعه حصص کلی طبعی است. جائیکه فقط یک حصه باشد اطلاق ایں قسم القاب درست نبود. آری اگر گویند که اطلاق کلی بر جزئیات باعتبار کلی جنسی اعنی هیئت کلی طبعی است روا باشد چه آنرا از قلیل وکثیر بحث نیست. از کمی حصه که ماده و مظهر اوست درو کمی نیاید. بالجمله چاره بجز ایں نیست که تکثر انقسامی و اوصاف انضمامی را بهر کلی طبعی و اجزاء آں دارند و تکثر انطباعی و اوصاف انتزاعی اضافی را بهر هیئت و کلی جنسی و تنزلات او گذارند و ازیں جا فهمیده باشی که اگر مجموعه ماده و صورت را گیرند باز هر دو تکثر ممتنع خواهد بود ماده مانع تکثر انطباعی بود و صورت مانع تکثر انقسامی باشد لیکن دانی که ایں اجتماع بے ملاحظه نسبت اتصاف یکی بدیگری متصور نیست. اندریں صورت ایں تعین و هٰذیّته که اصلا تعدد را مجال و گنجائش نماند، در نظر باریک بیں ثمره ایں نسبت فیمابین بود که اشاره بداں کردیم نظر بریں ضرور است که به نسبت نسبت بعدم تکثر و امتناع آں از هر قسم که باشد اقرار کنیم و گوئیم که بذات خود نسبت نه قابل ایں است نه قابل آں. و ایں قول مخالف آں نیست که نسبت را اگر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ارتباط است باهیاکل است که تعلق بعنوان است نه بمعنون اعنی به حیثیت مجموعی گرفته اند ورنه تعلق بعنوان است نه بمعنون اعنی به حیثیت مجموعی گرفته اند ورنه تعلق یک نسبت به حیثیت تکثر محال بود. مگر اگر نسبت فیما بین هیاکل بود چنانکه در صورت وحدت موضوع و محمول وحدت نسبت ضروری است هم چنیں از تکثر انطباعی موضوع و محمول تکثر انطباعی آں واز تکثر انطباعی یکی تکثر انطباعی یک طرفش ضرور است.

یعنی مادۂ هیئت موضوع را مثلاً اگر تقسیم کنند بالضرور هیئت بالائی بر اجزاء هم نزول خواهد فرمود. بدیں سبب در یک جانب نسبت تکثر نمایاں خواهد گردید. مگر طرف ثانی هماں ساں بروحدت خود باشد. و ایں ضیق وحدت یک طرف ووسعت تکثر جانب دیگر بضیق وحدت راس مخروط و وسعت قاعده مخروط ماند. نظر بریں اگر از طرفی که وحدت است بر کنند و قطع نمایند باعتبار همه اجزاء متکثره منقلع و منقطع گردد و ایں بداں ماندکه ده کس چوبی را از یک طرف گرفته طرف ثانیش بر زمین نصب کنند یا بدیواری چسپانیده باشند و بازازاں جداکنندآں چوب بحساب همه گیرندگاں جدا افتد. جدا کننده اش یک کس از وشاں باشند یا همه کساں باشند یا کس دیگر. اکنوں وقت آنست که از نتیجه ایں تقریرهم آگاه شوی.

## خلاصۂ مطلب

اب ہم اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ مطلب کا خلاصہ بتا کر اس تطویل لاطائل کے نتیجے سے آپ کو آگاہ کریں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

یہ بات کہ کلی اپنے افراد پر صادق آتی ہے تو یہ اس ہیئت کے اسی تکثر انطباعی کی وجہ سے ہے جو کہ کلی طبعی کے گرد گھومتا ہے اور اس کے ہر ہر حصے پر جان چھڑکتا ہے اور اُوپر سے نیچے گرتا ہے۔ کلی طبعی اگر چہ خارج میں موجود ہوتی ہے چنانچہ افراد کا تحقق خارج اسکی نشانی ہے مگر نہ اس معنی میں موجود ہے کہ تمام کی تمام کلی طبعی تمام افراد میں ہے۔ ورنہ تعدد اور تبائن کے لئے علت کہاں سے لائیں گے اور نہ اس معنی میں کہ (کلی طبعی) افراد خارجی میں منحصر ہے ورنہ افراد مقدرہ کے لئے گنجائش نہ ہوگی بلکہ چند حصے افراد کی تعداد کے بقدر افراد میں ہوں گے اور پھر بھی غیر متناہی الساقین زاویہ کی طرح کہ دو طرف سے حد بندی کے باوجود تیسری طرف سے غیر متناہی ہوتا ہے غیر متناہی حصے باقی رہتے ہیں اور اس وجہ سے غیر متناہی افراد کی گنجائش کی وجہ اسی طرح رہے گی جیسی کہ تھی۔ اس صورت میں کلی کا جزئیات پر اطلاق کلی طبعی کے اعتبار سے نہ ہوگا ورنہ ہر صورت میں کلی اور اس کے افراد میں وحدت ہوتی۔ اسی طرح افراد بھی تبائن اُٹھ جاتا کیونکہ ھو ھو کے عمل کا مفاد جو کہ اطلاق میں ہوتا ہے وحدت ہے اور یہ ممکن نہیں ہے کہ کلی طبعی کے اعتبار سے وحدت ہو اور ہیئت یعنی کلی جنسی کے اعتبار سے اختلاف اور تبائن ہو۔ کیونکہ وجود کے علاوہ چیزوں میں ہیئت کلی طبعی کی ضروریات سے ہے۔ جہاں وہ ہے ہیئت بھی اس پر ہے اور وجود مطلق تک ہیئت کی رسائی نہیں ہے پس جس جگہ وجود ہوگا اسی اطلاق پر ہوگا اور یہی وجہ ہے کہ ''الانسان نوع'' کہتے ہیں اور ''زید نوع'' نہیں کہہ سکتے کیونکہ نوعیت کلی طبعی کے حصوں کے مجموعہ کے عوارض سے ہے جس جگہ فقط ایک حصہ ہوگا وہاں اس قسم کے القاب کا اطلاق درست نہ ہوگا۔ ہاں اگر کہیں کہ جزئیات پر کلی کا بولا جانا کلی جنسی یعنی کلی طبعی کی ہیئت کے اعتبار سے ہے تو درست ہوگا کیونکہ اس کو قلیل و کثیر سے بحث نہیں ہے حصے کی کمی سے جو کہ اس کا مادہ اور مظہر ہے اس میں کمی نہیں آتی ہے بالجملہ اس کے سوا چارہ نہیں ہے کہ تکثر انقسامی اور اوصاف انضمامی کو کلی طبعی اور اس کے اجزاء کے لئے رکھیں اور تکثر انطباعی اور اوصاف انضمامی کو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کلی طبعی اور اس کے اجزاء کے لئے رکھیں اور تکثر انطباعی اور اوصاف انتزاعی اضافی کو ہیئت اور کلی جنسی اور اس کے تنزلات کے لئے چھوڑ دیں اور یہیں سے آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ اگر مادے اور صورت کے مجموعے کو لیں تو پھر دونوں تکثر ممتنع ہو جائیں گے مادہ تکثر انطباعی کے لئے مانع ہوگا اور صورت تکثر انقسامی کے لئے مانع ہوگی لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ اجتماع ایک کی دوسرے کے ساتھ نسبت اتصاف کے ملاحظے کے بغیر متصور نہیں ہے۔ اس صورت میں یہ تعین اور ''ھٰذِیَة '' کہ تعدد کو اس میں بالکل مجال اور گنجائش نہیں رہتی باریک بین نظر میں اس فیما بین نسبت کا ثمرہ ہوگا جس کی طرف ہم نے اشارہ کر دیا۔ اس کے پیش نظر ضروری ہے کہ عدم تکثر اور اس کے ہر قسم کے امتناع کی نسبت کے متعلق ہم اقرار کریں اور کہیں کہ بذات خود نسبت نہ اس کے قابل ہے اور نہ اس کے قابل اور یہ قول اس کے مخالف نہیں ہے کہ نسبت کا اگر ربط ہے تو وہ شکلوں کے ساتھ ہے کیونکہ عنوان کے ساتھ متعلق ہے نہ کہ معنون کے ساتھ یعنی مجموعی حیثیت سے لیا ہے ورنہ تکثر کی حیثیت سے ایک نسبت کا تعلق محال ہوگا لیکن اگر شکلوں کے درمیان نسبت ہوگی جیسا کہ وحدت موضوع اور محمول کی صورت میں وحدت نسبت ضروری ہے اسی طرح موضوع و محمول کے تکثر انطباعی سے اس نسبت کا تکثر انطباعی ضروری ہے اور ایک کے انطباعی تکثر سے اس کے ایک طرف کا انطباعی تکثر ضروری ہے یعنی موضوع کی ہیئت کے مادّے کو مثلاً اگر ہم تقسیم کریں تو ضروری ہے کہ اجزاء پر بالائی ہیئت نزول کرے گی۔ اس سبب سے نسبت کی ایک جانب میں تکثر نمایاں ہوگا۔ مگر دوسری طرف اسی طرح اپنی وحدت پر رہے گی اور یہ وحدت کی تنگی ایک طرف اور تکثر کی وسعت دوسری جانب مخروطی شکل کے سر کی وحدت کی تنگی اور مخروط چیز کی جڑ کی وسعت کے مشابہ ہوگی اس کے پیش نظر اگر ایک طرف سے کہ (جس طرف) وحدت ہے اس کو اکھاڑ ڈالیں اور کاٹ دیں تو تمام کثیر اجزاء کے اعتبار سے (وحدت) اُکھڑ جائے گی اور کٹ جائے گی اور اس کی مثال ایسی ہے کہ دس آدمی ایک لکڑی کو ایک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

طرف سے پکڑ کر اس کی دوسری نوک کو زمین میں گاڑ دیں یا دیوار پر چسپاں کر دیں اور پھر اس سے جدا کریں تو وہ لکڑی تمام پکڑنے والوں کے حساب سے جدا گرے گی۔ حالانکہ اس کا جدا کرنے والا ان میں سے ایک ہوگا یا تمام ہوں گے یا اور کوئی شخص اب وقت آن پہنچا ہے کہ اس تقریر کے نتیجے سے آپ کو آگاہی حاصل ہو۔

## پس از مقدمات دہگانہ

عزیز من چوں ایں مقدمات ده گانه ممهد شدند بشنو که ملک برمالی اگر عارض شود دفعةً عارض شود . ایں نیست که مثل سفیدی و سیاهی و حرارت و برودت شیئًا فشیئًا مال رادر گیرد البته ایں چنیں باشد که مالی گرفتند و باز مالی دگر رازیر تصرف آوردند. هم چنیں اموال کثیره را بتجدد و تدریج مالک شوند. اما مال واحد وقتیکه مملوک شود دفعةً واحدةً مملوک شود ووجهش هماں است که ایں وصف از اوصاف انتزاعی است و اوصاف انتزاعی اضافی را تجسس کرده بنگر که همه راهمیں شان است. اگر عارض شوند یک دفعه عارض شوند و اگر زائل شوند یک دفعه زائل شوند. فوقیت ، تحتیت ، قدامیت، مخلفیت، همه را همیں حال است و سرش همیں است که ایں اوصاف قابل انقسام نبوند و ازیں جاست که پس از عروض یک ملک گنجائش عروض مثل او ملک دگرنبود اگر باشد ملکی بالا ترازاں یا کم تر ازاں یا کم تر ازاں بود. مثلاً ملک باری تعالیٰ و ملک رسول الله صلی الله علیه وسلم که املاک دیگراں ظلال ملک باری جل مجده و ملک نبوی صلی الله علیه وسلم اند. ملک او تعالیٰ و نبی او صلی الله علیه وسلم بملک دیگراں و ملک دیگراں بملک او

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تعالیٰ و ملک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجتمع است.

آری این امر ممکن است که ده کس کم و زیاده بیک دفع برمانی دست اندازند چنانچه در غنیمت باشد لیکن اندریں صورت مجموعه همه زورها موجب ملک بود نه هر هر زور نه میدانی که اندریں انتساب ملک بکل مجموعی و انه کل افرادی تا تکثر لازم آید. باقی ماند تکثر املاک ورنه کثیر پس ازموت مورث آں خود ظاهر است که ایں همه قائم مقام آں یک مالک اندو همچنیں مشتریان متعدد را که از یک بائع بخرند قائم مقام آں یک داں. و ازآنجا که دانستهٔ که اوصاف انتزاعیه رادست بدامان محل و مقام و هیئت آں است نه حال و قائم. اگر محل و مقام بحال خود است اوصاف مذکوره نیز بحال خود باشند، در حال و قائم وحدت ماند یا تکثر پدیدار آید خود فهمیده باشی اگر سنگی زیر سائبانی بر فرشی باشد و او را بردارند وبجائش سنگ دیگر نهند تحتیت وفوقیت باعتبار فرش و سائبان همان باشد اگرچه معروضتش دگر است. و همچنیں اگرفرش مذکور را اززیرسنگ چناں بکشند که سنگ را از حیز خود حرکتی لا حق نشودو فرشی دگر زیر اوگسترانند یا سائبان رااز بالایے کسونهاده سائبانی دگر بهر سایه آرند فوقیت سائبان وتحیة فرش همان است که بود هم چنیں اگر سائبان و فرش اوّل یک پارچه عریض و طویل بود و سائبان و فرش ثانی را از پارچهاء چند ساخته بآں مقدار رسانیده باشند یا برعکس تاهم اوصاف معلومه بوجه بقائے حیز و محل بحال خود هم چناںباشند که بودند. چوں وجه ایں بقائے اوصاف همان است که اوصاف

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

انتزاعیه اعنی اضافیه راربط بمحل و مقام است نه همچو اوصاف انضمامیه بحال و قائم در ملک نیز همیں قاعده ملحوظ خاطر باید داشت. از تبدل مالکان ملک متبدل نشود.

آری تبدل مرایا و مظاهر موجب غلط کاریهامی شود. و هم چنیں از تعدد مالکان که در صورت میراث و اشتراء کثیر از واحد متخیل است ملک متعدد نشود پیشتردر مقام واحد قائم نیز واحد بود. و اکنوں مقام واحد است. اما قائمان چند بهم پیوسته آں مقام را پرکرده اند. ووقت تقسیم باعتبار تنزل وتکثر انطباعی تهمت ملک بهر هر قائم می بندند. ورنه قصه دگر گوں است پس اگر یکی از مالکان طرف ثانی نسبت و اضافت ملک راکه جانب وقوع است ازمملوک بردارد یا گوئیم مملوک را از محل مملوکیت براند یا نسبت ملک را بشکند یا محل مالکیت را برهم زند بهر طور یکه خواهی بگو. و ایں طرف مملوک قابل تنزل افرادی و تکثر انطباعی آں در افرادو اجزاء آں نبود لا جرم محل مملوک خالی از نسبت ملک همه مالکاں شود. چنانچه هویدا است . چوں در مالکیت و مملوکیت بنی آدم به نسبت بنی آدم قصه همچیں است ازعشق شریکی ازشرکاء عتق جمله .حصص لازم آید چه تعددحصص در واقع بجانب قائمان محل مالکیت بود نه محل مملوکیت . زیرا که قائم بمحل مملوکیت چناں واحد است که وهم تعدد هم دراں بے جا اسُت وهمیں است که تقسیم نتواں.

## دس مقدمات کے بعد

میرے عزیز جب یہ دس مقدمات تمہیدی طور پر طے ہوگئے تو سنئے کہ اگر کسی مال پر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ملکیت عارض ہوگی تو اچانک عارض ہوگی، یہ نہیں کہ سفیدی و سیاہی اورحرارت و برودت کی طرح تھوڑا تھوڑا کر کے مال کا احاطہ کرے بلکہ اس طرح ہو کہ ایک مال کو لیا اور پھر دوسرے مال کو تصرف لائے اسی طرح بہت سے اموال کے نو بنو طور پر درجہ بدرجہ مالک بنیں لیکن ایک مال جس وقت کہ مملوک بنے گا تو ایک دفعہ ہی مملوک بنے گا اوراس کی وجہ وہی ہے کہ یہ وصف انتزاعی اوصاف میں سے ہےاور انتزاعی اوصاف کو تجسس کر کے دیکھئے کہ تمام کی یہی پوزیشن ہے اگر وہ اوصاف انتزاعی عارض ہوتے ہیں تو دفعۃً عارض ہوتے ہیں اور اگر زائل ہوتے ہیں تو ایک دفعہ ہی زائل ہو جاتے ہیں،فوقیت،تحتیت ،اقدامیت ( آگے ہونا) خلفیت ( پیچھے ہونا) تمام کا یہی حال ہے اوراس کا راز یہی ہے کہ یہ اوصاف تقسیم ہونے کو قبول نہیں کرتے اور یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ ایک ملکیت کے عارض ہونے کے بعد اس جیسی دوسری ملک کے عارض ہونے کی گنجائش نہیں رہتی۔ اگر ہوتی ہے تو اس سے بالاتر یا اس سے کم تر درجے کی ہوگی۔ مثلاً باری تعالیٰ کی ملکیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت (پر غور کرو) کہ دوسروں کی ملکیتیں باری تعالیٰ جل مجدہٗ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیتوں کے سائے ہیں۔ اس اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ملک دوسروں کی ملک کے ساتھ اور دوسروں کی ملک اس خدا تعالیٰ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملک کے ساتھ اکٹھی ہیں۔ ہاں یہ بات ممکن ہے کہ اگر دس آدمی یا کم اور زیادہ ایک ہی دفعہ میں کسی مال پر دست اندازی کریں۔

جیسا کہ غنیمت میں ہوتا ہے لیکن اس صورت میں تمام زوروں کا مجموعہ ملک کا موجب ہوگا نہ کہ ہر ہر زور الگ الگ اور آپ کو معلوم ہے کہ اس صورت میں ملک کا تعلق مجموعی کل کی طرف ہوگا نہ کہ افرادی کل کی طرف کہ اس سے ملک کا تکثر لازم آجائے باقی رہا مورث کے مرنے کے بعد کثیر وارثوں کے املاک کا کثیر ہونا تو وہ خود ظاہر ہے کہ یہ تمام ورثہ اس ایک مالک کے قائم مقام ہیں اوراسی طرح متعدد خریدار کہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ایک بیچنے والے سے خریدتے ہیں اس ایک بائع کے قائم مقام سمجھئے اور گزشتہ بیان سے آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ انتزاعیہ اوصاف کا ہاتھ محل اور مقام اور اس کی ہیئت کے دامن پر ہے نہ کہ حال اور قائم کے۔ اگر محل اور مقام اپنے حال پر ہے تو اوصاف مذکورہ بھی اپنے حال پر ہوں گے۔ حال اور قائم میں وحدت رہے یا کثرت ظہور میں آئے یہ تو خود تم نے سمجھ لیا ہوگا اگر ایک پتھر کسی شامیانے کے نیچے کسی فرش پر ہو اور اس کو اُٹھائیں اور اس کی جگہ دوسرا پتھر رکھیں تو تحتیت اور فوقیت فرش اور سائبان کے اعتبار سے وہی ہوگی اگرچہ اس کا معروض (پتھر) دوسرا ہو گیا ہے۔

اور اسی طرح اگر فرش مذکور کو پتھر کے نیچے سے اس طرح کھینچ لیں کہ پتھر کو اپنی جگہ سے کوئی حرکت پیش نہ آئے اور اس کے نیچے دوسرا فرش بچھا دیں یا سائبان کو اُوپر سے اُتار کر دوسرا سائبان سائے کے لئے لائیں تو سائبان کی فوقیت اور فرش کی تحتیت وہی ہے جو کہ تھی اسی طرح اگر پہلا سائبان اور فرش ایک پارچہ عریض وطویل ہو جائے اور دوسرے سائبان اور فرش کو چند پارچوں سے بنا کر اس مقدار کو پہنچا دیا جائے یا اس کے برعکس کر دیں تو پھر بھی اوصاف معلومہ حیز اور محل کے باقی رہنے کی وجہ سے اپنے حال پر اسی طرح رہیں گے جیسے کہ پہلے تھے چونکہ ان اوصاف کے باقی رہنے کی وجہ وہی ہے کہ اوصاف انتزاعیہ کی یعنی (اوصاف) اضافیہ کا محل اور مقام کے ساتھ ربط ہے نہ کہ اوصاف انضمامیہ کی طرح (کہ ان کا ربط) حال اور قائم کے ساتھ ہے ملک میں بھی یہی قاعدہ ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے۔

مالکوں کے بدلنے سے ملک نہیں بدلتی ہے۔ ہاں مرایا اور مظاہر کا تبدل غلط کاریوں کا موجب بنتا ہے اور اسی طرح مالکوں کے کئی ہونے سے جو کہ ایک آدمی سے بہت خریدار اور ورثہ کی میراث اور خرید کی صورت میں متخیل ہے ملک متعدد نہیں ہو جاتی۔ پہلے ایک ''مقام'' میں قائم بھی واحد تھا اور اب ''مقام'' تو ایک ہے لیکن کئی قائم نے آپس میں مل کر اس مقام کو پُر کیا ہے اور تقسیم کے وقت تنزل اور تکثر انطباعی کے اعتبار

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سے ملک کی تہمت ہر ہر قائم پر لگا دیتے ہیں۔ ورنہ قصہ اور ہی طرح ہے پس اگر طرف ثانی کے مالکوں میں سے، ملک کے تعلق اور نسبت کو جو وقوع کی جانب ہے مملوک سے کوئی ایک مالک منقطع کر دے یا یوں کہہ دیں کہ مملوک کو مملوکیت کے درجے سے نکال دے یا ملکیت کے تعلق کو توڑ ڈالے یا مالکیت کے مقام کو برہم کر دے، جس طرح سے چاہو کہہ لو، اور اس طرف مملوک تنزل ﴿جس کے افراد مختلف درجے کے ہوں۔ مترجم﴾ افرادی کے قابل ہو اور اس کا تکثر انطباعی اس کے اجزاء اور افراد میں نہ ہو تو ضروری طور پر مملوک کا محل تمام مالکوں کی ملک کی نسبت سے خالی ہو جائے گا چنانچہ ظاہر ہے، جب بنی آدم کی بہ نسبت بنی آدم کی مالکیت اور مملوکیت کے بارے میں صورت یہ ہے تو حصہ داروں میں سے ایک حصہ دار کے آزاد کر دینے سے تمام حصوں کا آزاد ہونا لازم ہے کیونکہ حقیقت میں حصوں کا تعدد قائمین کی جانب میں مالکیت کا محل ہوگا نہ کہ مملوکیت کا محل۔ کیونکہ مملوکیت کی جگہ میں کھڑا ہونے والا ایسا واحد ہے کہ تعدد کا وہم بھی اس میں بے جا ہے اور یہی مطلب ہے کہ اس کو تقسیم نہیں کر سکتے۔

## دو شبہات

اکنوں دو شبه قابل لحاظ باقی است. یکی آنکه ایں چه تحکم است که از احتمال خامس چشم پوشیده میروی اگر کسی گوید که در عتق یک حصه از حصص چند مالک حصه مذکور ازاں مقام می خیزد نه طرف نسبت را از مملوک جدامی سازدونه نسبت ما می شکند و نه مقام مالکیت یا مملوکیت را برهم می زندونه مملوک را از مقامش می راند. جوابش چه باشد.

دیگر اینکه عدم انقسام منحصر درارقاء نیست. می وبیرو حمام نیز قابل تقسیم نباشند مابه الامتیاز چیست که ایں حکم مخصوص بهر دقیق ماند. و تابه می و بیرو حمام سرایت نه کرد.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## دو شبہے

اب دو شبہات قابل غور باقی ہیں:

اَوّل: ایک تو یہ کہ یہ کیا زبردستی کا حکم ہے کہ پانچویں احتمال سے آنکھ بند کر کے جاتے ہو اگر کوئی کہنے لگے کہ چند مالکوں کے حصوں میں سے ایک حصے کے آزاد کرنے میں حصہ مذکور اس مقام سے اُٹھتا ہے نہ کہ نسبت کی طرف کو مملوک سے جدا کرتا ہے اور نہ نسبت کو توڑتا ہے اور نہ مالکیت یا مملوکیت کے مقام کو منتشر کرتا ہے اور نہ مملوک کو اس کے مقام سے ہٹاتا ہے اس کا جواب کیا ہے۔

دوسرا شبہ: دوسرا شبہ یہ ہے کہ تقسیم نہ ہونا غلاموں میں منحصر نہیں ہے۔ پن چکی کنواں اور حمام بھی قابل تقسیم نہیں ہوتے (تو پھر) مابہ الامتیاز کیا ہے کہ یہ خاص حکم رقیق (غلام) کے لئے تو رہتا ہے اور پن چکی، کنویں اور حمام پر لاگو نہیں ہوتا۔

## جواب اَوّل

**جواب اَوّل ایں است که قیام مالک از مقام مالکیت خود مستلزم احتمالات باقی است. چنانکه احتمالات باقیه باهم مستلزم یک دیگر اند. اگر فرق است همیں قدراست که در احتمالات مذکورو ثبوت عتق جمله حصص بدیهی می نماید و در احتمال خامس بیک بار استلزام عتق جمله حصص بذهن نمی آید.**

## پہلا جواب

اوّل کا جواب تو یہ ہے کہ مقام مالکیت سے مالک کا کھڑے ہو جانا باقی احتمالات کو مستلزم ہے جیسا کہ باقی احتمالات آپس میں ایک دوسرے کو مستلزم ہیں۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ مذکورہ احتمالات میں تمام حصوں کے آزاد ہونے کا ثبوت واضح دکھائی دیتا ہے اور پانچویں احتمال میں یک بارمیں ہی تمام حصوں کا آزاد ہو جانا ذہن میں لازم نہیں آتا ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## شرح معما

شرح ایں معما بطرزاختصار ایں است که حقیقت مقام چناں که دانستی هماں هیئات و هیاکل است که مذکور شد و مے دانی که هیئت را در وجود خود ذهنی باشد یا خارجی از ذوهیئت چاره نیست مگر آں ذوهیئت گاهی از اقسام قوابل اشد گاهی از اقسام مقبول اگر از اقسام قوابل است و باز اور ادر خارج ثباتی و تحققی باشد چناں که تحرک و انتقال و تغیر را نه پذیرد. انجامی زاں گفت که قیام ازاں مقام موجب زوال آثار آں مقام است از خود نه علت بطلان و انعدام آں مقام و اگر از اقسام مقبولات است یا از اقسام قوابل است مگر در معرض تحرک است قیام ازاں مقام موجب بطلان و انعدام آں‌مقام باشد. اوّل امثله ایں اقسام عرض کرده به نتیجه ایں تمهید مطلع خواهم کرد. باطن سبو وغیره آوندها ذوهیئت است گر قابل و قابل متحرک و پارهای بعد خالی بشرطیکه بعد راوجودی باشد درخارج یا دروهم ذوهیئت است از اقسام قابل غیر متحرک و اجزاء زمانه نیز از اقسام قابل است و متحرک .باقی آب وغیره اشیاء که درآوندها باشند ذوهیئت است. مگر از اقسام مقبول.

اکنوں بشنو که در قابل قار الذات غیر متحرک اعنی مکان و غیر قار الذات متحرک اعنی زمان انفصال اجزاء خود میدانی که ممکن نیست. اگر بالفرض یک جزو را معدوم یا خارج از مقام تصور کنی می باید که همه را معدوم یاخارج تصور کنی زیراکه یکی رابدیگری از اجزاء ایں قسم چناں گره نداده اندکه بکشاید. و تارو پود آنها چناں کمزور نیست که بگسلد باقی ماند مقبول

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

وقابل متحرک قارالذات مثل آوندها وغیره درهمیں قسم انفصال اجزاء یکے از دیگرے خود مشهور است.

و ایں هم متیقن که بخروجْ جزوی از اجزاء هیئت اجتماعی از وجود بعدم رود. و از تحقق ببطلان منقلب شود. شکل انسانی و دیگر اشکال را بنگر که ازانعدام یک جزء یا انفصال آں هیئت اَوّل بالکلیه سربعدم نها درخت ببطلان کشد وچوں نکشد که تحقق و بطلان آں همه موقوف برتحقق و بطلان مادّه معین است. غرض تحقق و بطلان اشکال را از تحقق و بطلان ماده چاره نیست.

بتحقق آں دفعةً واحدة متحقق شود و ببطلان یکی هم از اجزاء ماده دفعة واحدة منعدم گردد. ازیں تحقق و بطلان دفعی که صریح بر توقف مذکور دلالت دارذ خود پی برده باشی که حال مالکیت بنی آدم و مملوکیت اوشاں چیست.

چوں مالک و مملوک که معروض مقام مالکیت و مملوکیت هستند از اقسام مقبول اندنه از اقسام قابل، ورنه مقبولی بهر ایشاں می بایست ، و باز انفصال یک جز از ماده مالکیت و مملوکیت اعنی عتق یک حصه مسلم ورنه اعتراض راچه مقام بود. خود هرکس را اقرار ایل امر ضروری است که از عتق یک حصه از حصص متعدده مقام مالکیت و مملوکیت برهم خورده رخت ببطلان کشید. غرض بطلان مقام مالکیت و مملوکیت بطور یکه باشد و هم چنیں انقطاع و انتقاض نسبت فیما بین و سلب بهر طور یکه باشد و خروج یکی ازیں دو از مقام خود موجب عتق جمله اجزاء است و ایں بداں ماندکه خس و خاشاک فرش را به روبند

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

وجاروب کشیده برون افگنند. ازیں جاروب کشی هر چند مقصود صفائی فرش و ازاله نسبت فوقیت آں از فرش باشد لیکن نسبت تحتیت که باسائبان داشت آں هم همراه او بعدم می رود. و بابطلان نسبت اولیٰ باطل می شود.

## معمے کا حل

اس معمے کی شرح مختصر طور پر یہ ہے کہ مقام کی حقیقت جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا ہے وہی ہیئتیں اور ہیکل ہیں جن کا ذکر ہو چکا اور آپ جانتے ہی ہیں کہ ہیئت کے لئے اپنے وجود میں خواہ وہ وجود ذہن میں ہو یا ذہن سے باہر ہیئت والے کا ہونا ضروری ہے مگر وہ ہیئت والا کبھی تو قوابل کی قسموں میں سے ہوتا ہے اور کبھی اقسام مقبول میں سے اگر اقسام قوابل میں سے ہے اور پھر اس کے لئے خارج میں ثبات اور تحقق اس طرح کا ہو کہ وہ حرکت اور منتقل ہونے اور تبدیلی کو قبول نہیں کرتا ہے اس جگہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مقام سے نکل جانا اپنے سے اس مقام کے آثار کے زوال کا موجب ہے نہ کہ اس مقام کے معدوم اور باطل ہو جانے کی علت ہے اور اگر مقبولات کے اقسام میں سے ہے یا قوابل کی اقسام میں سے ہے مگر حرکت کی جگہ میں ہے تو اس مقام سے علیحدہ ہو جانا اس مقام کے معدوم اور باطل ہونے کا موجب ہوگا۔ اوّل ان قسموں کی مثالیں عرض کر کے اس تمہید کے نتیجے سے اطلاع دوں گا۔

''صراحی'' وغیرہ برتنوں کے اندر کی سطح ایک شکل رکھتی ہے مگر قابل اور قابل حرکت ہے اور (ہیئت سے) خالی بُعد کے ٹکڑے بشرطیکہ بعد کا خارج یا وہم میں وجود ہو، ذو ہیئت ہیں اور اقسام قابل غیر متحرک میں سے ہیں اور زمانے کے اجزاء بھی اقسام قابل سے ہیں اور متحرک میں باقی پانی وغیرہ چیزیں جو کہ برتنوں میں ہوتی ہیں وہ بھی ذو ہیئت ہیں مگر اقسام مقبول سے ہیں۔

اب سنئے کہ قابل قار الذات غیر متحرک یعنی مکان میں اور غیر قار الذات متحرک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

یعنی زمان میں اپنے اجزاء کے جدا ہونا آپ خود جانتے ہیں کہ ممکن نہیں ہے۔ اگر بالفرض ایک جز کو معدوم یا اپنے مقام سے خارج تصور کرو گے تو پھر چاہئے کہ تمام کو معدوم یا خارج تصور کرو کیونکہ ایک کو اجزاء میں سے دوسرے کے ساتھ اس طرح سے نہیں باندھا ہے کہ کھل جائے اور ان کا تانا بانا ایسا نہیں ہے کہ ٹوٹ جائے۔ باقی رہے برتنوں وغیرہ کی طرح متحرک قار الذات مقبول اور قابل تو اس قسم میں ایک کے اجزاء کا دوسرے سے جدا ہونا خود آنکھوں کے سامنے ہے۔

اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ اجزاء میں سے ایک جز کے نکل جانے سے وجود کی مجموعی شکل ختم ہو جاتی ہے اور وجود ہست سے نیست میں بدل جاتا ہے انسان کی شکل اور دوسری شکلوں کو دیکھئے کہ ان شکلوں کے ایک جز کے معدوم ہو جانے یا علیحدہ ہو جانے سے شکل کی وہ حالت بالکل ختم ہو جاتی ہے اور کچھ بھی نہیں رہتی اور کیوں شکل برباد ہو جاتی ہے اس لئے کہ ان سب شکلوں کا وجود اور باطل ہونا مقررہ مادہ کے باطل ہونے اور وجود میں آنے پر موقوف ہے۔ غرض یہ کہ شکلوں کے بگڑنے اور بننے کے لئے مادے کے باطل ہو جانے اور اس کے تحقق کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے مادے کے پائے جانے سے یک دفعہ ہی شکل آ موجود ہوتی ہے اور اس مادے کے اجزاء میں سے ایک جز کے ختم ہو جانے سے شکل یکبارگی ختم ہو جاتی ہے (مادے کے) اس فوری باطل ہونے اور وجود میں آنے سے کہ صاف طور پر مذکورہ توقف پر دلالت رکھتا ہے آپ اس نتیجے پر پہنچ گئے ہوں گے کہ انسانوں کی مالکیت اور مملوکیت کا کیا حال ہے۔

جب مالک اور مملوک جن کو مالکیت اور مملوکیت کا مقام عارض ہے اور وہ مالک اور مملوک معروض ہیں مقبول کی اقسام سے ہیں نہ کہ قابل کی ورنہ ان کے لئے کوئی مقبول ہونا چاہئے تھا اور پھر مالکیت اور مملوکیت کے مادے سے ایک جز کا جدا ہو جانا یعنی ایک حصے کا آزاد ہونا مسلم ہو گیا ورنہ اعتراض کا کیا موقع ہو سکتا ہے تو پھر ہر شخص کو اس بات کا اقرار ضروری ہے کہ کئی حصوں میں سے ایک حصے کے آزاد ہو جانے سے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مالکیت اور مملوکیت کا مقام درہم برہم ہو کر نیست و نابود ہو گیا۔

غرض یہ کہ مالک اور مملوک ہونے کا مقام جس طریقے سے بھی باطل ہو جائے اور اسی طرح مالک اور مملوک کے آپس میں ملکیت کے کسی طرح بھی تعلق ختم اور جاتے رہنے اور ان دونوں مالک اور مملوک کا اپنے مقام سے کھسک جانا تمام اجزاء کے آزاد ہو جانے کا موجب ہے اور یہ اسی طرح ہے جیسا کہ فرش کے کوڑے کرکٹ کو صاف کریں اور جھاڑو دے کر باہر پھینک دیں تو اس جھاڑو دینے سے ہر چند فرش کی صفائی مقصود ہے اور فرش کے اُوپر کوڑے کی فوقیت کے تعلق کو دور کرنا ہے اس کے ساتھ کوڑے کی سائبان کے نیچے کی تحتیت بھی ساتھ میں ختم ہو جاتی ہے اور کوڑے کی پہلی نسبت یعنی فوقیت کے ساتھ دوسری نسبت یعنی تحتیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔

## خلش خطرہ

و اگر ازیں تقریربدلت ایں خطرہ بخلد کہ الدریں صورت می بایست کہ در اشیاء قابل التقسیم ہم گنجائش تقسیم نبودی زیرا کہ ملک خود قابل تجزی نیست و از انفصال یک جزء بست بطلان ہمہ اعنی بطلان مقام مالکیت و مملوکیت ضروری است.

## خطرے کا کھٹکا

اور اگر اس تقریر سے آپ کے دل میں یہ شبہ کھٹکنے لگے کہ اس صورت میں چاہئے تھا کہ قابل تقسیم اشیاء میں بھی تقسیم کی گنجائش نہ ہوتی کیونکہ ملک خود ٹکڑے ہونے کے قابل نہیں اور ایک جزو کے علیحدہ ہونے سے تمام کا بطلان یعنی مالکیت اور مملوکیت کے مرتبے کا ضروری ہے۔

## جواب

جوابش ایں است ملک و ہیاکل رابدلائل قطعیہ دانستی کہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

قابل انقسام نیست. ما اگر از طرف خود مے گفتیم الزام بلمعه ما بود. ما ایں سخن از خانۂ خود نیاورده ایم . زاد بوم ایں همه خیالات براهین بینه است نه اوهام و تخمینات من و ایں طرف تعلق ملک بجز هیاکل متصور نیست و حال آں ایں است باقی ماند ایں انقسام بظاهر اگرچه انقسام ملک و مقام مذکور است اما آنکه دیدۂ صاف و در دل انصاف دارد بمعونت تقریر گذشته خود خواهد گفت که ایں انقسام ماده مقام مالکیت و مقام مملوکیت باشد نه انقسام عین محل و مقام چوں اجزاء و ماده قابل انطباع هیئت جمله ماده باشد چنانکه اطلاق جنس برقلیل و کثیر در همیں قسم باشد تکثر انطباعی پدید آید لیکن مے دانی که در تکثر انطباعی انقسام و انفصال اجزاء از یک دیگر نباشد چه تکثر انطباعی مقابل تکثر انقسامی است . در یک ماده اجتماع آں محال باشد . اندریں صورت پر ضرور است که همهٔ اجزائے آں هیئت نے ارکان آنها فراهم باشند. بازچوں غور بکار بردیم در تقسیم همیں ساں یافتیم.

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ ملکیت اور ہیکلوں کے متعلق قطعی دلائل سے آپ نے جان لیا ہے کہ وہ تقسیم ہونے کے قابل نہیں ہیں اگر یہ بات ہم اپنی طرف سے کہتے تو اس کا الزام ہم پر تھا مگر ہم یہ بات اپنے گھر سے نہیں لائے ہیں۔ان تمام خیالات کے پیدا ہونے کی جگہ روشن دلائل ہیں نہ کہ میرے تخمینے اور اوہام۔اور اس طرف ملک کا تعلق اور اس کا حال یہ ہے کہ ملک شکلوں کے سوا متصور نہیں ہوتی ہے باقی رہا یہ تقسیم ہونا تو بظاہر یہ اگرچہ ملک اور مذکورہ مقام کی تقسیم ہے لیکن جو شخص آنکھ صاف اور دل میں انصاف رکھتا ہے وہ گذشتہ تقریر کی روشنی میں خود پکار اُٹھے گا کہ مادے کا یہ منقسم ہو جانا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مالکیت اور مملوکیت کا مقام ہے نہ کہ بعینہ محل اور مقام کا انقسام۔ جب مادے کے اجزاء تمام مادے کی شکل کے منطبع ہونے کے قابل ہو جیسا کہ جنس کا قلیل و کثیر پر بولا جانا اسی قسم میں داخل ہے تو تکثر انطباعی ظاہر ہوگا لیکن آپ کو معلوم ہے کہ تکثر انطباعی میں اجزاء کا ایک دوسرے سے جدا اور تقسیم ہونا نہیں ہوا کرتا ہے کیونکہ تکثر انطباعی تکثر انقسامی کے مقابلے میں ہے۔ ایک مادے میں اس کا جمع ہونا محال ہوتا ہے اس صورت میں بہت ضروری ہے کہ ہیئت کے تمام اجزاء نہیں (بلکہ) ان کے ارکان فراہم ہوں۔ پھر جب ہم نے غور کیا تو ہم نے تقسیم میں معاملہ یوں ہی پایا۔

## شرح معما

شرح ایں معما ایں است کہ قبل تقسیم همه اجزاء یعنی هر هر جزء مکان و غیره اشیاء قابل تقسیم مملوک هر هر کس از مالکان بود ایں نتواں گفت که ایں ازاں ایں است و آن ازآن آن که ایں خود تقسیم باشد . باز حاجت تقسیم نیست و نه ایں احتمال را مجال است که مملوک هرشریک جدا است اما معلوم نیست که حصه او کدام است و حصه ایں کدام چه ایں را نیز موجبی بکاراست. آن کدام امر است که باعث انقسام گردیده. اما جهل یا نسیان وذهول باعث تقسیم ثانی است. نے بلکه اشتراک را کل سه صوز است

(۱) یکی احراز یا تحصیل جمله شرکاء یک مال را.

(۲) دوم اشتراء چند کس از یک بائع.

(۳) سوم استحقاق ورثه چند از یک مورث.

در جمله صورتکه را باهمه نسبت برابر باشد. اندریں صورت خواهیم یا نخواهیم اقرار ایں امر ضرورت است که فیما بین شرکاء مبادله و بیع وقت تقسیم واقعی می شود. یک شریک مالکیث خود

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

راکه به نسبت یک جز میداشت بمالکیت شریک ثانی که درجز دیگر بود بخرید و ازیں سبب هر دو شریک را در هر هر جز دو قسم مالکیت فراهم آمد. یکی مالکیت خود که از پیشتر میداشت. دوم مالکیت شریک ثانی که اکنوں بخرید. نظر بریں مقام مالکیت و مملوکیت بجمیع اجزاء فراهم آمد آری ماده مالکیت و مملوکیت پیشتر کلاں بود و اکنوں کوتاه شد. لیکن پیشتر گفتیم که ایں صغر و کبر در تکثر انطباعی ضررندارد تصویر ملکه رابیں که بر روپیه چه قدر کوتاه است و بایں همه صورت هماں است.

غرض عتق را بر تقسم و تقسیم را بر عتق قیاس نتواں کردا کنوں جواب شبه ثانی هم بشنو.

## معمے کی تفصیل

اس معمے کی شرح یہ ہے کہ تقسیم سے پہلے تمام اجزاء یعنی مکان وغیرہ اشیاء قابل تقسیم کا ہر ہر جز مالکوں میں سے ہر ہر آدمی مملوک تھا۔ یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ اس کی ملکیت سے ہے اور وہ اس کی ملکیت سے کیونکہ ایسا کہنا خود تقسیم ہے پھر تقسیم کی ضرورت ہی نہیں اور نہ اس احتمال کی گنجائش ہے کہ ہر حصہ دار کی مملوک چیز جدا ہے لیکن معلوم نہیں ہے کہ اس کا حصہ کون سا ہے اور اس کا حصہ کون سا۔ کیونکہ اس (حصے کے تشخص) کیلئے کوئی سبب درکار ہے تو وہ کون سا اَمر ہے جو منقسم ہونے کا باعث ہوا۔ لیکن جہالت یا بھول اور غفلت دوسری تقسیم کا باعث ہیں، نہیں بلکہ شرکت کی کل تین صورتیں ہیں۔

(۱) ایک تو تمام شرکاء کا ایک مال کو حاصل کرنا اور جمع کرنا۔

(۲) دوسرے ایک بیچنے والے سے چند آدمیوں کا خریدنا۔

(۳) تیسرے ایک مرنے والے کے چند وارثوں کا حق دار ہونا۔

تمام تینوں صورتوں میں تمام کی آپس میں نسبت برابر ہوگی۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس صورت میں ہم چاہیں یا نہ چاہیں اس بات کا اقرار ضروری ہے کہ حصہ داروں میں مبادلہ اور بیع تقسیم کے وقت واقع ہوتی ہے۔ ایک حصہ دار اپنی ملکیت کو جو کہ ایک جز کی بہ نسبت رکھتا تھا دوسرے شریک کی ملکیت کو جو کہ دوسرے جز میں رکھتا تھا خریدی اور اس سبب سے دونوں حصہ داروں کو ہر ہر جز میں دو قسم کی مالکیت حاصل ہوئی۔ ایک اپنی مالکیت جو پہلے سے رکھتا تھا دوسرے شریک ثانی کی مالکیت جس کو اب خرید لیا۔ اس مقام کو نظر میں رکھتے ہوئے مالکیت اور مملوکیت اس کے تمام اجزاء سمیت حاصل ہوگئی، ہاں مالکیت اور مملوکیت کا مادہ پہلے بڑا تھا اب چھوٹا ہوگیا لیکن ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ یہ چھوٹائی اور بڑائی تکثر انطباعی کو نقصان نہیں پہنچاتا ملکہ (وکٹوریا) کی تصویر کو دیکھئے کہ روپیہ پر کتنی چھوٹی ہے لیکن اس کے باوجود صورت وہی ہے۔

غرض یہ ہے کہ عتق (غلام) کو تقسیم پر اور تقسیم کو عتق پر قیاس نہیں کر سکتے۔

اب دوسرے شبہ کا جواب بھی سنئے۔

## جواب شبہ ثانی

رحی و حمام و بیررا عتق کردن نتوانیم چہ حقیقت عتق ایں است کہ معتق بصیغہ مفعول بطور خود بربدن خود تصرف کند و ایں جائے متصور است کہ ملکہ تصرف و مالکیت ہم داشتہ باشد. پس چیزے کہ از اصل ملکہ مالکیت داشت و بوجھی مملوکیت بروچناں عارض شد کہ آب از اصل بارداست، اما بوجھی معروض حرارت گردد، قابلیت عتق دارد و دیگر اشیاء قابل الملک قابلیت عتق ندارند تا گوئیم کہ فلاں چیز را اگر یک کس از شرکاء از ملک خود بروں خواھد کرد و آزاد خواھد نمود از ملک شرکاء دیگر ہم بروں خواھد شد و آزاد خواھد گردید.

غرض ایں جا خروج از ملک بطور یکہ مشابہ ملک باشد خود

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

متصور نیست تا خروج از ملک جمله شرکاء بخروج از ملک یک شریک لازم آید و اگر بالفرض تسلیم هم کنیم تا وقتیکه شرکاء باقی دست ازاں بازنداشته اند نتواں گفت که آں همه آزاد شد. بلکه اندریں صورت آں چیز یک بار از ملک جمله شرکاء خارج شده باز بملک جدید در ملک متصرفاں که دست باز نداشته اند آمد زیراکه علت ملک که قبضه بود موجود است و مانعی بمیان نے. اگر مملوک اوشاں نه گوئیم چه گوئیم. مگر حدوث ملک ارقاء را بجز یک صورت اعنی اخذ کافر از دارالحرب صورتے دگر نیست. تا گوئیم که یک بار از ملک خارج شده بود. اما بملک ثانی باز بتصرف دیگراں آمد.

چوں ازیں خرخشه دامن بسلامت بردیم وعلم تجزی ملک و عتق متحقق شد و تجزی اعتاق نیز واضح گردید. چه قصد معتق متعلق بحصه خود می شود. وتصرف فقط دراں میکند گرچه بالتبع عتق همه لازم آید. لازم آں است که پیشتر رویم و ازیں جا قدم برداریم.

## دوسرے شبہ کا جواب

پن چکی اور حمام اور کنویں کو ہم آزاد نہیں کر سکتے کیونکہ عتق کی حقیقت یہ ہے کہ مُعتق مفعول کے صیغے کے ساتھ اپنے طور پر اپنے جسم پر تصرف کرتا ہے اور اس جگہ یہ متصور ہے کہ تصرف اور مالکیت کا ملکہ بھی رکھتا ہو۔ پس جو چیز کہ اصل سے مالکیت کا ملکہ رکھتی تھی اور کسی وجہ سے اس پر مملوکیت ایسی عارض ہوئی جیسا کہ پانی اصل میں ٹھنڈا لیکن کسی وجہ سے حرارت اس پر عارض ہو جائے تو ایسی ملکیت عتق کی قابلیت رکھتی ہے اور دوسری قابل ملکیت چیزیں عتق کی قابلیت نہیں رکھتیں کہ ہم کہنے لگیں کہ اگر فلاں چیز کو شرکاء میں سے ایک شریک اپنی ملکیت سے علیحدہ کردے گا اور آزاد کردے گا تو وہ چیز دوسرے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حصے داروں کی ملکیت سے بھی نکل جائے گی اور آزاد ہو جائے گی۔

غرض یہاں پر ملکیت سے اس طرح نکل جانا کہ ملک کے مشابہ ہو جائے خود متصور نہیں ہے تا آنکہ ایک شریک کی ملکیت سے نکل جانے کی وجہ سے تمام شرکاء کی ملکیت سے نکل جانا لازم آجائے۔ اور اگر بالفرض ہم تسلیم بھی کرلیں لیکن پھر بھی جب تک کہ دوسرے حصے دار اس سے ہاتھ نہ اُٹھالیں نہیں کہہ سکتے کہ وہ تمام آزاد ہو گیا۔

بلکہ اس صورت میں وہ چیز ایک دفعہ تمام حصے داروں کی ملکیت سے نکل کر پھر جدید ملکیت ہو کر ان تصرف کرنے والوں کی ملکیت میں آ گئی جنہوں نے اس کی ملکیت سے ہاتھ نہیں اٹھایا ہے کیونکہ ملکیت کی علت جو کہ قبضہ تھا موجود ہے اور کوئی مانع درمیان میں نہیں ہے۔ اگر ہم ان کی مملوک نہ کہیں تو کیا کہیں۔ مگر غلاموں کی ملکیت کے پیدا ہونے کی صرف ایک صورت یعنی دارالحرب سے کافر کو حاصل کرنے کے سوا اور کوئی دوسری صورت نہیں ہے تا کہیں کہ یکبار ملکیت سے خارج ہو گیا تھا لیکن پھر دوسروں کے تصرف کی وجہ سے ملک ثانی میں آ گیا۔ جب اس خرخشے سے سلامتی کے ساتھ ہم دامن بچا کر لے گئے اور ملک اور عتق میں تقسیم نہ ہونا ثابت ہو گیا اور اعتاق کی تجزی بھی واضح ہو گئی کیونکہ آزاد کرنے والے کا ارادہ اپنے حصے سے متعلق ہوتا ہے اور وہ صرف اپنے حصے میں کرتا ہے۔ اگرچہ بالتبع تمام حصے کا عتق لازم آتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہم آگے چلیں اور یہاں سے قدم اُٹھائیں۔

## تعریف عتق

**عزیز من انجام کتابت ودیگر صورعتق اگرچه برابر باشد مگر اگردر مبداو آغازبنگری ابتداء عتق اخراج است از مقام مملوکیت یا امری دیگر که قریب ایں باشد چنانکه دانستی و آغاز کتابت بیع و شراء است اینجا بوجه شراء غلام مکاتب بعد اداء بدل کتابت بدن و جسم خود می گردد و تصرفات مالکانه خاطر خواه میکند و**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آنجا محل خالی یافته قابض می شود و مالک می گردو. این سخن را اگرچه دَر اَوّل امر کس باور ندارد مگربعض از مقدمات بهمیں غرض عرض کرده بودیم قبضه روح بربدن بدیهی است و باز نافع بودن بدن هم هویدا است چه منافع بدن انسانی اَوّل از همه منافع بالا دست. دوم ثبوت رقیت ارقاء بهرآں قدر دلیل است روشن. آری انتفاع از قبل عروض حیات از طرف روح متصور نیست. مگر ازیں قدر قبضه بر روح ثابت نشود تا گویند که محل رقیت روح است نه بدن، چه تابا رواح جز خالق ارواح کسی را رسائی نیست تصرفات و دستکاری ها بجزخدا تعالٰی از کسی در اَرواح متصور نیست . آری الجاء واکراه می باشد. محبت بدن روح را ذلیل می گرداند. از تکلف جسمانی بدرد آید و ازدور بایثار ثمرات جسمانی جسم را از تعذیب و تعذیر بازدارد.

الغرض جسم در حق روح نافع تام است و در حق دیگراں بوجه اکراه نافع می شود. خود از قبضهٔ بنی آدم دور است و جسم او در قید اوشاں ماسواء خود مملوک اوشاں نیست مالک خود نتواں شدکه قضیه ضرورت تغائرحاشیتین اضافت ملک مانع زتسلیم آں است دستش از جسم کوتاه نیست تا وهم عدم ملک ره زندبلکه قبضهٔ دیگراں نیز بطور یکه نفع دهد موقوف برقبضه اوست . نظر بریں مالکیت او به نسبت جسم بدرجه اولٰی باشد. چنانچه در کلام الله نیز "لَا اَمْلِکُ اِلَّا نَفْسِیُ وَ اَخِیُ" اشاره بدیں جانب کرده اند.

باقی اقتران و عطف "اخی" از جانبایدرفت که ایں جا مثل:

"اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَيْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عَمَلِ الشَّيْطٰنِ" (سورۃ المائدہ، آیت ۹۰)

چون نوشیدن فعلی است بذات خود مباح و منع ازاں مبنی بر وصفي از اوصاف خمراست ، در خمر منشاء رجسیت خود در خمر فهمیدند و بنجاست ظاهری او حکم فرمودند . و در انصاف و ازلام و میسر باعتبار ذات نجاستی نیست بالبداهت چه ایں همه اجسام اند پاک و صاف مثل دیگر اجسام . منشائے نجاست آن فعلی باشد که ایں اشیاء آلۂ آن باشد و میدانی که افعال و منشاء آن از اخلاق و عقائد در خور نجاست نتوانند شد. نظر بریں نجاست انصاب وغیره مشابه نجاست بول و براز نشد همچنیں وجه مالکیت خویش قبضه برتن خویشتن است ووجه مالکیت براورا طاعت اوشاں بوجه معلوم

بالجمله قبضه روح بربدن خود از جمله قبضها بالا است مارا برخس و خاشک و دیگر جمادات و نباتات هم آنچناں قبض حاصل نیست که روح را بربدن بلکه چناں که قبضۂ ارواح برابدان خود از همه قبضها برتراست ، قبضۂ دیگراں براں ابدان از همه قبضها کم تر است . چون کمی قبضه بوجه تعارض قبضۂ ارواح است. چه هر شے متعارض ضد خود ضعیف شود. چنانچه از تعارض حرارت و برودت و نور وظلمت هویدا است بحسن عتق پی برده باشی و اگر ایں تضاد هنوز نفهمیده باشی تضاد حرکت صاعده و هابطه پیش نظر کرده مطابق فرما.

چون ایں قدر متحقق شدکه جسم مقبوض و مملوک است و روح مقبوض و مملوک نیست بلکه خود بجمیع الوجوه بربدن خود قابض را مالکیت ارواح به نسبت ابدان شبه نمانده باشد. آری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

باین وجه که تسلیم بدن بدیگران بطور یکه بے معونت روح ازاں منتفع توانند شد نمی تواند. و دانی که قطع نظر از تعلق روح ببدن و تحریک او بدن عنصری جیفه بیکار است که مالیت را نسزدو همیں است که بیع متبه ممنوع شد و بیع خود روح را ازاں هم ممنوع تر چه بیع معنی است اضافی که بے تحقیق حاشیتین متحقق نتواں شدو حاصل بطلان همیں عدم تحقق است. بیع میته اگر باطل بود باعتبار معنی باطل بود یعنی بوجه فقدان مالیت مبادلة المال بالمال که حقیقت بیع است متحقق نمی شود. باعتبار ظاهر باطل نبود چه بظاهر نسبت و حاشیتین او همه موجود بودند و در بیع خود ظاهر است که بظاهر نیز اطراف مفقود اند. باقی ماند اینکه بیع خود نباشد بلکه بیع بدن بشرط اعانت روح باشد.

## عتق کی تعریف

میرے عزیز کتابت ﴿کتابت سے مراد مکاتب غلام سے طے شدہ روپیہ یا کوئی چیز لے کر آزاد کردینے کا نام ہے۔ مترجم﴾ اور عتق کی دوسری صورتیں انجام کے اعتبار سے اگرچہ برابر ہیں لیکن اگر ابتداء اور آغاز میں غور کرو تو عتق کی ابتداء مملوکیت یا اور کسی دوسرے امر سے جو مملوکیت کے قریب ہو خارج کردینے کا نام ہے جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا ہے اور کتابت کا آغاز خرید وفروخت ہے کتابت میں خریدنے کی وجہ سے مکاتب غلام کتابت کا روپیہ ادا کرنے کے بعد اپنے بدن اور جسم کا خود مالک بن جاتا ہے اور خاطر خواہ مالکانہ تصرفات کرتا ہے اور وہاں محل کو خالی پا کر قابض ہو جاتا ہے اور مالک بن جاتا ہے اس بات کو اگرچہ ابتدائی اَمر میں کوئی باور نہیں کرتا مگر بعض مقدمات ہم نے (آغاز مکتوب میں) اسی غرض سے عرض کئے تھے۔ روح کا جسم پر قبضہ واضح ہے اور پھر جسم کا نافع ہونا بھی ظاہر ہے کیونکہ انسانی جسم کے منافع اَوّل تو تمام منافع سے بالا ہیں دوسرے غلاموں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کی غلامی کا ثبوت اتنی بات کے لئے روشن دلیل ہے۔ ہاں روح کی طرف سے زندگی کے عارض ہونے سے پہلے نفع حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں ہوسکتا مگر روح پر اتنی سی بات سے قبضہ ثابت نہیں ہوتا تا کہ کہیں غلامی کا محل روح ہے نہ کہ جسم کیونکہ روحوں تک خالق ارواح کے سوا کسی کو رسائی حاصل نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ کے سوا روحوں میں کسی کے لئے تصرفات اور دستکاریاں متصور نہیں ہیں۔ ہاں جبر اور زبردستی ہوتی ہے جسم کی محبت روح کو ذلیل کر دیتی ہے۔ جسم کی تکلیف سے روح کو بھی درد ہوتا ہے اور دُور سے جسمانی ثمرات کے ایثار کی وجہ سے جسم کو سزا اور تکلیف دینے سے روکتی ہے۔

الغرض روح کے حق میں جسم مکمل طور پر نفع بخش ہے اور دوسروں کے حق میں زبردستی کی وجہ سے نافع ہوتا ہے۔ خود روح بنی آدم کے قبضے سے دُور ہے اور بنی آدم کا جسم ان کی قید میں اسیر ہے خود ان کا مملوک نہیں ہے اپنا مالک بھی نہیں ہو سکے گا کہ ملک کی اضافت کی دونوں جانبوں کا ضرورت کے باعث متغائر ہونے کا معاملہ اس کے مان لینے سے مانع ہے اس کا ہاتھ جسم سے کوتاہ نہیں ہے تا آنکہ عدم ملکیت کا وہم راستے میں آڑے آئے بلکہ دوسروں کا قبضہ بھی اس طور پر کہ نفع دے اس کے قبضے پر موقوف ہے۔ اس پر نظر کرتے ہوئے اس کی مالکیت جسم کی بہ نسبت اولیٰ درجے میں ہوگی۔ چنانچہ کلام الٰہی میں بھی

''نہیں مالک ہوں میں مگر اپنے نفس اور اپنے بھائی کا''

باقی ''اخی'' کے عطف اور اتصال کی وجہ سے پائے ثبات میں لغزش نہیں ہونی چاہئے کہ اس جگہ ''سوائے اس کے نہیں کہ شراب، جواء اور بتوں کے تھان اور پانسے کے تیر ناپاک ہیں، شیطان کے عمل سے ہیں۔'' چونکہ پینا بذات خود ایک مباح ﴿جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں کا اختیار ہو۔ مترجم﴾ فعل ہے اور اس سے منع کرنا خمر کے اوصاف میں سے ایک وصف پر مبنی ہے اس لئے خمر (شراب) میں اس کی ناپاکی کا خمر میں منشا خود خمر کی ذات میں سمجھا اور اس کی ظاہری نجاست کا حکم فرما دیا اور بتوں کے تھان اور پانسے کے تیر اور جوئے میں (ان کی اپنی) ذات کے اعتبار سے بظاہر کوئی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نجاست نہیں ہے کیونکہ یہ تمام اجسام دوسرے جسموں کی طرح پاک اور صاف ہیں۔ ان کی نجاست کا منشاء کوئی ایسا فعل ہے کہ یہ چیزیں اس فعل کا ذریعہ ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ افعال اوران کا منشاء یعنی اخلاق وعقائد ظاہری نجاست کے لائق نہیں ہو سکتے۔اس بناء پر انصاب وغیرہ کی نجاست پیشاب پاخانے کی نجاست کی طرح نہ ہوئی ۔اسی طرح اپنی مالکیت کی وجہ اپنے جسم پر قبضہ ہے اور بھائی (ہارون پر موسیٰ علیہ السلام) کی مالکیت کی وجہ بوجہ معلوم کے سبب ان کے بھائی کی اطاعت ہے۔

بالجملہ روح کا اپنے بدن پر قبضہ تمام قبضوں سے بالا ہے، ہمیں گھاس پھونس اور دوسرے جمادات اور نباتات پر بھی اس جیسا قبضہ حاصل نہیں ہے جیسا کہ رُوح کو بدن پر حاصل ہے۔ بلکہ جیسا کہ روحوں کا قبضہ اپنے جسموں پر تمام قبضوں سے برتر ہے دوسروں کا ان جسموں پر قبضہ تمام قبضوں سے کم تر ہے چونکہ قبضے کی کمی ارواح کے قبضے کے تعارض کی وجہ سے ہے کیونکہ ہر چیز اپنی ضد کے تقابل کی وجہ سے ضعیف ہو جاتی ہے، جیسا کہ حرارت اور برودت اور نور اور ظلمت کے ایک دوسرے کے تقابل کی وجہ سے ظاہر ہے، آزادی کی اچھائی کو آپ نے سمجھ لیا ہوگا اور اگر اس تضاد کو ابھی نہیں سمجھا تو صاعدہ (اُوپر کو بلند ہونے والی) اور ہابطہ (نیچے کو جانے والی حرکت) کے تضاد کو پیش نظر رکھ کر مطابقت کیجئے۔

جب اتنی بات ثابت ہوگئی کہ جسم مقبوض اور مملوک ہے اور روح مقبوض اور مملوک نہیں ہے بلکہ خود تمام وجوہ کے ساتھ اپنے بدن پر قابض ہے تو رُوں کے جسموں کی بہ نسبت مالک ہونے میں شبہ باقی نہ رہ گیا ہوگا۔ہاں اس وجہ سے کہ جسم کا دوسروں کو اس طرح پر سپرد کردینا کہ رُوح کی مدد کے بغیر اس سے نفع حاصل کرسکیں تو نہیں کرسکتے۔کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ روح کے بدن سے تعلق اور رُوح کے جسم کو حرکت میں لانے سے قطع نظر ماڈی جسم بیکار مردار ہے جو مالیت کے لائق نہیں اور یہی وجہ ہے کہ مردار جانور کی بیع ممنوع ٹھہری اور رُوح کی بیع خود بھی اس سے بھی زیادہ ممنوع ہے کیونکہ بیع کے معنی اضافی ہیں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کہ بائع اور خریدار کے تحقق کے بغیر ثابت نہیں اور بطلان بیع کا نتیجہ عدم تحقق ہے۔ مردار کی بیع اگر باطل ہوتی ہے تو معنی کی وجہ سے باطل ہوتی ہے یعنی مال کے بدلے مال کی مالیت کے نہ ہونے کی وجہ سے جو کہ بیع کی حقیقت ہے ثابت نہیں ہوئی ہاں ظاہر کے اعتبار سے باطل نہیں ہوتی کیونکہ ظاہر میں بیع اور بائع اور مشتری سب موجود تھے۔ اور بیع میں خود ظاہر ہے کہ بظاہر اطراف (بائع مشتری) موجود نہیں ہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ بیع خود نہیں ہوگی۔ بلکہ جسم کی بیع رُوح کی اعانت کی شرط پر ہوگی۔

## جواب

جوابش این است که بیع بالشرط النافع لاحد المتعاقدین اگر مبطل یا باطل نبا شد در الفساد او کلام نتوان کرد بالجمله در بیع بدن بشرط اعانت روح صحت بیع کجاء بایں همه شرط اعانت خود بعینه شرط اذلال خود است پیش نظر دیگراں که بالیقیں حرام است و ازیں جا است که سوال هم حرام شد. غرض تعبدکه حقیقتش زیاده از تذلل نباشد حق خدا وند حق است دیگراں نیست ونه اجازت صرف آں بهر دیگراں. آری نعماء دیگر را اگر بکاردگراں کنند موجب مرضات الٰهی باشد ازیں جا دانسته باشی که آبرو فقط بهر خدا است باقی هرچه هست بهر عباد. مگر چوں صرف آبرو گاهی بخدمت جسمانی باشد و گاهی برصرف مال بالعرض امور دیگر هم معروض عبادت می شوند مگر چوں اذلال خویشتن پیش نظر دیگراں بهر دنیا حرام باشد بیع بدن خود بشرط اعانت خود روح را حرام بود و باطل. آری در خریدن بدن خود از دیگراں محذوری نیست لیکن چنانکه در دیگر عقود تسلیم ثمن اَوّل مستحب است و در سلم واجب هم چنیں تقدیم تسلیم مبیع

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

درعقود یکه موجل باشد اگر واجب نیست دراصل بودن آں کلام هم نباشد. ایں جا نیز معامله به تاجیل ثمن می باشد بایں همه اداء ثمن برتسلیم مبیع موقوف . اگر تسلیم مبیع نکنند خلاف موجب عقد باشد. زیراکه اقتضاء عقد آں است که بین المملوکین مبادله متحقق شود و ایں جا یک طرف چیزی موجود نیست آری اگر تسلیم مبیع کنند کسب کرده زر ثمن اوامی تواں کرد. لهٰذا ضرور افتاد که اوّل مبیع را تسلیم کنند. پس ازاں ایں تفویض اگر موجب ملک مشتری اعنی مکاتب شد فبها جمله مکاسب اَوّل مملوک او باشند و پس ازاداء آں بحساب نجوم .کتابت مملوک مولٰی شوند غرض حدوث ملک مکاسب دردست مکاتب باشد بریں مذهب تصحیح معامله کتابت بوجه احسن بظهور پیوست آری بطور حنفیه و غیر هم یک شبه قوی بدل می خلد و آں اینکه.

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ بائع اور مشتری دونوں میں سے ایک کے لئے نافع ہونے کی شرط کے ساتھ بیع اگر باطل کرنے والی یا باطل نہ ہو نہ سہی لیکن اس کے فساد میں کلام نہیں۔ بالجملہ روح کی مدد کی شرط کے ساتھ جسم کی بیع میں بیع کا صحیح ہونا کہاں ہے، بایں ہمہ اپنی اعانت کی شرط بعینہٖ اپنے ذلیل کرنے کی شرط ہے۔ دوسروں کے پیش نظر یقیناً حرام ہے اور یہیں سے ہے کہ سوال بھی حرام ٹھہرا (کہ اس میں ذلت ہے) غرض عبادت کرنا کہ اس کی حقیقت تذلل سے زیادہ نہیں خدائے حق کا حق ہے دوسروں کا حق نہیں ہے اور نہ دوسروں کے لئے اس کے صرف کی اجازت ہے۔ ہاں اگر دوسری نعمتوں کو دوسروں کے کام میں خرچ کریں تو وہ اللہ کی خوش نودیوں کا باعث ہوں گی یہاں سے آپ نے جان لیا ہوگا کہ آبرو فقط اللہ کے لئے ہے باقی جو کچھ ہے وہ بندوں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے لئے ہے مگر چوں کہ کبھی جسم کی خدمت میں بھی صرف ہوتی ہے اور کبھی مال میں بھی تو واسطے کے طور پر دوسرے امور بھی عبادت کے معروض ہوتے ہیں۔

مگر چونکہ اپنے آپ کو دنیا کی خاطر دوسروں کی نظروں کے سامنے ذلیل کرنا حرام ہے اس لئے اپنے جسم کی بیع روح کے لئے اپنی اعانت کی شرط کے ساتھ حرام اور باطل ہے ہاں اپنے جسم کو دوسروں سے خریدنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جیسا کہ دوسرے خرید وفروخت کے معاہدوں میں پہلے قیمت کا بائع کو سپرد کردینا مستحب ہے اور بیع سلم میں واجب ہے، اسی طرح ان عقود میں جو دست بدست ہوتے ہیں بیچی گئی چیز کا خریدار کے سپرد کردینا اگر واجب نہیں ہے تو اس کے اصل ہونے میں کلام بھی نہیں ہے۔ یہاں بھی معاملہ قیمت کی مدت مقررہ پر ہوتا ہے۔ بایں ہمہ قیمت کا ادا کرنا مبیع کے سپرد کرنے پر موقوف ہے اگر مبیع کو خریدار کے سپرد نہ کریں تو عقد کے تقاضے کے خلاف ہوگا۔ کیونکہ بیع کے منعقد ہونے کا تقاضہ یہ ہے کہ دونوں مملوکہ چیزوں میں تبادلہ متحقق ہوجائے اور یہاں پر ایک طرف چیز موجود نہیں ہے ہاں اگر مبیع کو حوالے کردیں تو قیمت کا روپیہ کما کر ادا کرسکتے ہیں لہٰذا ضروری طور پر یہ بات آن پڑی کہ پہلے مبیع کو سونپ دیں۔ اس کے بعد یہ سپردگی اگر خریدار یعنی مکاتب کی ملکیت کا موجب ہوگئی تو خوب ہے تمام مکاسب اوّل اس کی مملوک ہوں گے اور اس کے ادا کرنے کے بعد کتابت کے قسطوں کے حساب سے آقا کے مملوک ہوں گے غرض کمائیوں کے ملک کا پیدا ہونا مکاتب کے ہاتھ میں ہے اس مذہب پر کتابت کے معاملے کی تصحیح احسن طریقے سے ظاہر ہوگی، ہاں مذہب حنفیہ وغیرہم کے مطابق ایک زبردست شبہ دل میں کھٹکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ

## شبہ قوی

**عقد کتابت و تفویض بمقتضاء آں اگر موجب ملک مکاتب است لازم آید کہ بمجرد تفویض و تسلیم مکاتب آزاد شود و اینکہ**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

فقهاء نوشته اند که به کتابت ملک ید زائل شود اما ملک رقبه زائل نشود غلط باشد و اگر ایں تفویض سرمایه ملک اونشد واجب است که مکاسب مکاتب پس از کتابت نیز همچو سابق و همچو وقت عجز مملوک مولٰی باشند. و ثمن ایں عقد اداشدن نتواند.

## شبہ قوی

کتابت اور تفویض کا معاہدہ اس کے مقتضاء کے مطابق اگر مکاتب کے ملک کا موجب ہے تو لازم آتا ہے کہ سپردگی اور تسلیم کے ہوتے ہی مکاتب آزاد ہو جائے اور یہ جو فقہاء نے لکھا ہے کہ کتابت سے ہاتھ (مراد آمدنی۔ مترجم) کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے لیکن گردن کی ملکیت زائل نہیں ہوتی غلط ہے اور اگر یہ تفویض اس کی ملک کا سامان نہ ہوئی تو واجب ہے مکاتب کی آمدنیاں کتابت کے بعد بھی پہلے کی طرح اور عجز کے وقت کی مانند آقا کی مملوک رہیں۔ اور اس معاہدے کا روپیہ ادا نہ ہو سکے۔

## جواب شبہ

جواب ایں شبه موافق ایں تقریر اَوّل نیست که دریں معامله هم چناں کرده اند که در قصه ولیده زمعه و ابن او یعنی نظر برتسلیم ظاهر و قواء اکتساب بایں خیال که ذو مره سوی را درباره اخذ صدقه حکم اغنیا داده اند و ایں قواء نیز همچو مال شمرده اشاره بتحقق حکم مبادله کرده اند. قبض را در حق مکاتب موجب ملک دانند و انجام کار موجب عتق شمرند و باعتبار احتمال عجز و عدم اداء هنوز صحت مبادله در محل توقف است. خصوصاً نظر بافلاس مکاتب می بایدکه انتظار ادا کنند و بالفعل معامله رانا تمام دانند اگر ادا کرد وقت ادا تمام شد و مبادلة الملک بالملک متحقق شد ورنه منفسخ شمارند.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**الغرض مراعات جانب مکاتب آں است که اورا آزاد شمارند و مراعات جانب مولٰی آں است که قبل اداء غلام پندارند مگر ایں جوابی است که خود نمی پسندم اگرچه بعید از قواعد شرع نباشد.**

